انڈیکس الفضل انٹرنیشنل2014ء

جلد نمبر21

مرتبہ: فرخ راحیل

ارشادات حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ السلام

ارشادات	حوالہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
اصلاح کا طریق ہمیشہ وہی مفید اور نتیجہ خیز ثابت ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ کے اذن اور ایماء سے ہو۔اگر ہر شخص کی خیالی تجویزوں اور منصوبوں سے بگڑی ہوئی قوموں کی اصلاح ہوسکتی تو پھر دنیا میں انبیاء علیہم السلام کے وجود کی کچھ حاجت نہ رہتی۔اس لیے جب تک آسمانی کشش اور آسمانی تائیدات کسی کو نہ دی جاویں کامیابی ہو نہیں سکتی۔خوب یاد رکھو کہ قلوب کی اصلاح اُسی کا کام ہے جس نے قلوب کو پیدا کیا ہے۔نرے کلمات اور چرب زبانیاں اصلاح نہیں کرسکتی ہیں۔ بلکہ ان کلمات کے اندر ایک روح ہونی چاہیے۔اصل بات یہ ہے کہ خدا را بخدا تواں شناخت۔اور یہ ذریعہ بغیر امام نہیں مل سکتا۔کیونکہ وہ خدا تعالیٰ کے تازہ بتازہ نشانوں کا مظہر اور اس کی تجلیات کا مورد ہوتا ہے۔	(ملفوظات جلد دوم۔صفحہ 342 تا 345۔ جدید ایڈیشن)	07رفروری	6
قدرت اور رحمت اور قربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے۔اس کا نزول بہت مبارک اور جلال الٰہی کے ظہور کا موجب ہوگا **ایسے عالی درجہ کی خبر جو ایسے نامی اور اخص آدمی کے تولّد پر مشتمل ہے انسانی طاقتوں سے بالاتر ہے۔یہ صرف پیشگوئی ہی نہیں بلکہ ایک عظیم الشان نشانِ آسمانی ہے جس کو خدائے کریم جلّشانہ نے ہمارے نبی کریم رؤف ورحیم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت وعظمت ظاہر کرنے کے لئے ظاہر فرمایا ہے۔**	(اشتہار 20رفروری 1886ء۔مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 100-103 مطبوعہ لندن)	14رفروری	7
’’یہ صرف پیشگوئی ہی نہیں بلکہ ایک عظیم الشان نشانِ آسمانی ہے جس کو خدائے کریم جلّشانہ نے ہمارے نبی کریم رؤف ورحیم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت وعظمت ظاہر کرنے کے لئے ظاہر فرمایا ہے۔اور درحقیقت یہ نشان ایک مُردہ کے زندہ کرنے سے صدہا درجہ اعلیٰ واَولیٰ واکمل وافضل واتمّ ہے۔کیونکہ مردہ کے زندہ کرنے کی حقیقت یہی ہے کہ جناب الٰہی میں دُعا کر کے ایک روح واپس منگوایا جاوے.................‘‘	(اشتہار 22رمارچ 1886ء۔مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 114-115۔مطبوعہ لندن)	14رفروری	7
’’صریح دلی انصاف ہر یک انسان کا شہادت دیتا ہے کہ ایسے عالی درجہ کی خبر جو ایسے نامی اور اخص آدمی کے تولّد پر مشتمل ہے انسانی طاقتوں سے بالاتر ہے اور دُعا کی قبولیت ہو کر ایسی خبر کا ملنا بیشک یہ بڑا بھاری آسمانی نشان ہے، نہ یہ کہ صرف پیشگوئی ہے‘‘۔	(اشتہار 8راپریل 1886ء۔مجموعہ اشتہارات جلد اوّل صفحہ 117۔مطبوعہ لندن)	14رفروری	7
جو شخص مسیح موعود کو نہیں مانتا یا ماننے کی ضرورت نہیں سمجھتا وہ بھی حقیقتِ اسلام اور غایتِ نبوت اور غرض رسالت سے بے خبر محض ہے اور وہ اس بات کا حقدار نہیں ہے کہ اس کو سچا مسلمان، خدا اور اس کے رسول کا سچا تابعدار اور فرمانبردار کہہ سکیں۔جس طرح حضرت موسیٰ سے چودہ سو برس بعد حضرت عیسیٰ آئے تھے اسی طرح یہاں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد چودہویں صدی ہی میں مسیح موعود آیا ہے۔اور جس طرح حضرت عیسیٰؑ سلسلہ موسوی کے خاتَم الخلفاء تھے اسی طرح ادھر بھی مسیح موعود خاتم الخلفاء ہوگا۔**ہمیں مسیح موعودؑ ہونے کا دعویٰ ہے۔اب ہر شخص کا جو خدا اور رسول سے پیار کرتا ہے اور اپنے ایمان کو سلامت رکھنا چاہتا ہے فرض ہے کہ اس معاملہ میں غور کرے کہ آیا ہم نے جو دعویٰ کیا ہے سچا ہے کہ جھوٹا۔خدا تعالیٰ کی طرف سے آنے والوں کے ساتھ خدائی نشان ہوتے ہیں۔**	(ملفوظات جلد 5 صفحہ 551 تا 553۔ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	14رمارچ	11
قرآن شریف میں جس شخص کا نام خاتم الخلفاء رکھا گیا ہے اسی کا نام احادیث میں مسیح موعود رکھا گیا ہے اور اسی طرح سے دونو ناموں کے متعلق جتنی پیشگوئیاں ہیں وہ ہمارے ہی متعلق ہیں۔ یاد رکھو کہ ہماری صداقت کا ثبوت وہی ہے جو ہمیشہ سے انبیاء اور ماموروں کا ہوتا رہا ہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا جو ثبوت کوئی شخص پیش کرسکتا ہے اسی دلیل سے ہم اپنے دعویٰ کا صدق ظاہر کرسکتے ہیں۔خدا تعالیٰ کی طرف سے آنے والے خدا تعالیٰ ہی کی گواہی سے سچے ٹھہرا کرتے ہیں۔جس دعویٰ کے ساتھ خدائی شہادت نہ ہو وہ جھوٹا ہے اور خدا کے مؤاخذہ کے قابل ہے۔جھوٹے مدعی کو خدا خود ہلاک کرتا ہے اور اس کو مہلت نہیں دی جاتی	(ملفوظات جلد 5 صفحہ 553 تا 555 ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	21رمارچ	12

شمارہ	تاریخ اشاعت	حوالہ	ارشادات
			مَیں کوئی نئی بات نہیں لایا اور نہ ہی مَیں نے کوئی نئی شریعت قائم کی ہے۔مَیں اسی شریعت کی خدمت اور تجدید کے واسطے آیا ہوں جو آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) لائے تھے اور میری سچائی دعویٰ کے لئے بھی منہاج نبوت پر ہی نشان موجود ہیں۔
13	28/مارچ	(ملفوظات جلد 5 صفحہ 555 تا558۔ ایڈیشن2003ء مطبوعہ ربوہ)	**یاد رکھو کہ سلسلہ مُکالمہ مخاطبہ اسلام کی روح ہے۔ ورنہ اگر اسلام کو یہ شرف حاصل نہ ہوتا تو یقیناً اسلام بھی دوسرے مذاہب کی طرح ایک مُردہ مذہب ہوتا۔** یاد رکھو کہ اسلام کی جس طرح خدا تعالیٰ نے ابتدا میں حمایت کی اور کرتا آیا ہے اسی طرح آج بھی اسلام کی حمایت میں وہ تازہ بتازہ نشان دکھا سکتا ہے اور ہر مومن کے واسطے وہ، بشرطیکہ کوئی مومن ہو، فرقان پیدا کرسکتا ہے۔
14	04/اپریل	(ملفوظات جلد5 صفحہ 558 تا560 ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	اصل بات یہ ہے کہ سچے نبی کے ساتھ خدا تعالیٰ کی ہیبت ہوتی ہے اور جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے اس کے ساتھ خدائی نشان اور تائید کا علَم لازمی طور سے ہوتا ہے۔ اس وقت ہمارے ساتھ بھی خدائی شہادت موجود ہے۔کوئی بھی اعتراض جو منہاج نبوت پر قرآن اور حدیث کی رو سے ہو ہم اس کا جواب دینے کو ہر وقت تیار ہیں۔ ہر مدعی سے یہی ہوتا ہے کہ اس کے صدقِ دعویٰ کا ثبوت مانگا جاتا ہے۔سو ہم اس امتحان کے واسطے ہر وقت تیار ہیں بشرطیکہ منہاج نبوت پر ہو۔
16	18/اپریل	(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 203-206 مطبوعہ لندن)	دنیا کے مذاہب پر اگر نظر کی جاوے تو معلوم ہوگا کہ بجز اسلام ہر ایک مذہب اپنے اندر کوئی نہ کوئی غلطی رکھتا ہے۔اور یہ اس لئے نہیں کہ درحقیقت وہ تمام مذاہب ابتدا سے جھوٹے ہیں بلکہ اس لئے کہ اسلام کے ظہور کے بعد خدا نے ان مذاہب کی تائید چھوڑ دی اور وہ ایسے باغ کی طرح ہوگئے جس کا کوئی باغبان نہیں۔
17	25/اپریل	(الوصیت، روحانی خزائن جلد 20صفحہ 307-309)	خدا کی رضا کو تم کسی طرح پا ہی نہیں سکتے جب تک تم اپنی رضا چھوڑ کر، اپنی لذّات چھوڑ کر، اپنی عزّت چھوڑ کر، اپنا مال چھوڑ کر، اپنی جان چھوڑ کر اُس کی راہ میں وہ تلخی نہ اُٹھاؤ جو موت کا نظارہ تمہارے سامنے پیش کرتی ہے۔ خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ تقویٰ ایک ایسا درخت ہے جس کو دل میں لگانا چاہئے۔وہی پانی جس سے تقویٰ پرورش پاتی ہے تمام باغ کو سیراب کر دیتا ہے۔تقویٰ ایک ایسی جڑ ہے کہ اگر وہ نہیں تو سب کچھ ہیچ ہے اور اگر وہ باقی رہے تو سب کچھ باقی ہے۔تمہیں خوشخبری ہو کہ قرب پانے کا میدان خالی ہے۔ ہر ایک قوم دنیا سے پیار کر رہی ہے۔اور وہ بات جس سے خدا راضی ہو اس کی طرف دنیا کو توجہ نہیں۔وہ لوگ جو پورے زور سے اس دروازہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں اُن کے لئے موقعہ ہے کہ اپنے جوہر دکھلائیں اور خدا سے خاص انعام پاویں۔خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ مَیں اپنی جماعت کو اطلاع دوں کہ جو لوگ ایمان لائے، ایسا ایمان جو اُس کے ساتھ دنیا کی ملونی نہیں اور وہ ایمان نفاق یا بزدلی سے آلودہ نہیں اور وہ ایمان اطاعت کے کسی درجہ سے محروم نہیں ایسے لوگ خدا کے پسندیدہ لوگ ہیں۔اور خدا فرماتا ہے کہ وہی ہیں جن کا قدم صدق کا قدم ہے۔
19	09/مئی	(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 505-507۔ ایڈیشن2003ء مطبوعہ ربوہ)	جو لوگ خلقت کی پرواکرتے ہیں وہ خلق کو معبود بناتے ہیں۔صرف مسائل سے تم خدا تعالیٰ کو خوش نہیں کر سکتے۔ اگر اندرونی تبدیلی نہیں تو تم میں اور تمہارے غیر میں کچھ فرق نہیں۔اپنی روحانی بیماریوں کو دور کرنے کے واسطے ہر طرح کی کوشش کرو۔صرف زبان سے نہیں بلکہ مجاہدہ کے جس قدر طریق خدا تعالیٰ نے فرمائے ہیں وہ سب بجالاؤ۔
24	13/جون	(شہادت القرآن۔روحانی خزائن جلد 6 صفحہ 353، 354)(شہادت القرآن۔ روحانی خزائن جلد6 صفحہ 351 تا353)	نظام خلافت دائمی ہے۔خدا تعالیٰ نے خلافت کو تجویز کیا تا دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے۔خلافت دائمی ہے اس لئے کہ یَرِثُهَا کا لفظ دوام کو چاہتا ہے۔وجہ یہ کہ اگر آخری نوبت فاسقوں کی ہو تو زمین کے وارث وہی قرار پائیں گے نہ کہ صالح۔اور سب کا وارث وہی ہوتا ہے جو سب کے بعد ہو۔
26	27/جون	(ملفوظات جلد سوم صفحہ 1 تا 3۔ ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	بہت سے لوگ ہیں جو شرک اور توحید میں فرق نہیں کر سکتے۔ایسے افعال اور اعمال اُن سے سرزد ہوتے ہیں یا وہ اس قسم کے اعتقادات رکھتے ہیں جن میں صاف طور پر شرک پایا جاتا ہے۔مثلاً کہہ دیتے ہیں کہ اگر فلاں شخص نہ ہوتا تو ہم ہلاک ہو جاتے یا فلاں کام درست نہ ہوتا۔ہم اسباب کے استعمال سے منع نہیں کرتے بلکہ رعایتِ اسباب بھی ضروری ہے کیونکہ انسانی بناوٹ بجائے خود اس رعایت کو چاہتی ہے۔ لیکن اسباب کا استعمال اس حد تک نہ کرے کہ اُن کو خدا کا شریک بنا دے بلکہ اُن کو بطور خادم سمجھے۔

شمارہ	تاریخ اشاعت	حوالہ	ارشادات
27	04/جولائی	(ملفوظات جلد سوم صفحہ 3 تا 6۔ ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	مَیں سچ کہتا ہوں کہ اس وقت یورپ دو شرکوں میں مبتلا ہے۔ایک تو مُردہ کی پرستش کر رہا ہے اور جو اس سے بچے ہیں اور مذہب سے آزاد ہو گئے ہیں وہ اسباب کی پرستش کر رہے ہیں اور اس طرح یہ اسباب پرستی مرض دِق کی طرح لگی ہوئی ہے اور یورپ کی تقلید نے اِس ملک کے نوجوانوں اور نوتعلیم یافتہ لوگوں کو بھی ایسی مرض میں مبتلا کر دیا ہے۔جب ایک راستباز بندہ اللہ تعالیٰ کی محبت اور وفاداری کے اعلیٰ درجہ پر پہنچ کر فنا فی اللہ ہو جاتا ہے اور کمال درجہ کی نیستی ظہور پاتی ہے اُس وقت وہ ایک نمونہ خدا کا ہوتا ہے اور حقیقی طور پر وہ اس وقت کہلاتا ہے اَنْتَ مِنِّیْ۔ یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے جو دُعا سے ملتا ہے دُعا اپنی زبان میں بھی کر سکتے ہو بلکہ چاہیے کہ مسنون اَدعیہ کے بعد اپنی زبان میں آدمی دُعا کرے۔دُعا نماز کا مغز اور رُوح ہے اور رسمی نماز جب تک اس میں رُوح نہ ہو کچھ نہیں۔اور رُوح کے پیدا کرنے کے لیے ضروری ہے کہ گریہ و بکا اور خشوع و خضوع ہو اور یہ اُس وقت پیدا ہوتا ہے۔جب انسان اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی حالت کو بخوبی بیان کرے اور ایک اضطراب اور قلق اس کے دل میں ہو مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اس وقت خدا تعالیٰ کا پاک اور خوشنما چہرہ دُنیا کو نظر نہ آتا تھا اور وہ اب مجھ میں ہو کر نظر آئے گا اور آرہا ہے کیونکہ اُس کی قدرتوں کے نمونے اور عجائباتِ قدرت میرے ہاتھ پر ظاہر ہو رہے ہیں۔
28	11/جولائی	(ملفوظات جلد سوم صفحہ 3 تا 6۔ ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	انسان پر قبض اور بسط کی حالت آتی ہے۔بسط کی حالت میں ذوق اور شوق بڑھ جاتا ہے اور قلب میں ایک انشراح پیدا ہوتا ہے۔خدا تعالیٰ کی طرف توجہ بڑھتی ہے۔نمازوں میں لذّت اور سرور پیدا ہوتا ہے۔لیکن بعض وقت ایسی حالت بھی پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ ذوق اور شوق جاتا رہتا ہے اور دل میں ایک تنگی کی سی حالت ہوجاتی ہے۔جب یہ صورت ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ کثرت کے ساتھ استغفار کرے اور پھر درُود شریف بہت پڑھے۔نماز بھی بار بار پڑھے۔حقیقی علم وہ ہے جو اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے عطا کرتا ہے۔اگر علم سے اللہ تعالیٰ کی خشیت میں ترقی نہیں ہوتی تو یاد رکھو وہ علم ترقی معرفت کا ذریعہ نہیں ہے۔وہ وقت ضرور آئے گا کہ خدا تعالیٰ سب کی آنکھ کھول دے گا اور میری سچائی روزِ روشن کی طرح دُنیا پر کُھل جائے گی۔لیکن وہ وقت وہ ہوگا کہ توبہ کا دروازہ بند ہو جاوے گا اور پھر کوئی ایمان سودمند نہ ہو سکے گا۔
29	18/جولائی	(ملفوظات جلد سوم صفحہ 8 تا 9۔ ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	مَیں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مَیں صادق ہوں۔میرا انکار اچھے ثمرات نہیں پیدا کرے گا۔مبارک وہی ہیں جو انکار کی لعنت سے بچتے ہیں اور اپنے ایمان کی فکر کرتے ہیں۔جو حُسن ظنّی سے کام لیتے ہیں اور خدا تعالیٰ کے ماموروں کی صُحبت سے فائدہ اُٹھاتے ہیں ان کا ایمان اُن کو ضائع نہیں کرتا بلکہ برومند کرتا ہے۔مجھے بھیجا گیا ہے تاکہ مَیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کھوئی ہوئی عظمت کو پھر قائم کروں اور قرآنِ شریف کی سچائیوں کو دنیا کو دکھاؤں اور یہ سب کام ہو رہا ہے۔لیکن جن کی آنکھوں پر پٹی ہے وہ اس کو دیکھ نہیں سکتے حالانکہ اب یہ سلسلہ سورج کی طرح روشن ہو گیا ہے اور اس کی آیات و نشانات کے اس قدر لوگ گواہ ہیں کہ اگر اُن کو ایک جگہ جمع کیا جائے تو اُن کی تعداد اس قدر ہو کہ رُوئے زمین پر کسی بادشاہ کی بھی اتنی فوج نہیں ہے۔
34	22/اگست	(ملفوظات جلد سوم صفحہ 9 تا 11۔ ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	مَیں ہمیشہ انکساری اور گمنامی کی زندگی پسند کرتا ہوں لیکن یہ میرے اختیار اور طاقت سے باہر تھا کہ خدا تعالیٰ نے خود مجھے باہر نکالا اور جس قدر میری تعریف اور بزرگی کا اظہار اس نے اپنے پاک کلام میں جو مجھ پر نازل کیا گیا ہے کِیا، یہ ساری تعریف اور بزرگی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی ہے۔وہ تمام علامات اور نشانات جو مسیح موعود کی آمد کے متعلق پہلے سے بتائے گئے تھے ظاہر ہوگئے۔آسمان نے کسوف و خسوف سے اور زمین نے طاعون سے شہادت دی ہے اور بہت سے سعادتمندوں نے ان نشانوں کو دیکھ کر مجھے قبول کیا اور پھر اَور بھی بہت سے نشانات اُن کی ایمانی قوت کو بڑھانے کے واسطے خدا تعالیٰ نے ظاہر کیے اور اس طرح پر یہ جماعت دن بدن بڑھ رہی ہے۔رُوئے زمین پر مسلمانوں کی کیا حالت ہے۔کیا کسی پہلو سے بھی کوئی قابلِ اطمینان صورت دکھائی دیتی ہے۔اسلام پر ایسا خطرناک صدمہ پہنچا ہے کہ ایک ہزار سال قبل تک اس کا نمونہ اور نظیر موجود نہیں ہے۔ یہ شیطان کا آخری حملہ ہے اور وہ اس وقت ساری طاقت اور زور کے ساتھ اسلام کو نابود کرنا چاہتا ہے مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کو پورا کیا ہے اور مجھے بھیجا ہے تا مَیں ہمیشہ کے لیے اُس کا سر کُچل دوں۔

شمارہ	تاریخ اشاعت	حوالہ	ارشادات
38	19/ستمبر	(ملفوظات جلد سوم صفحہ 311-309۔ ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	یادرکھو انسان کے اندر ایک بڑا چشمہ لذّت کا ہے۔ جب کوئی گناہ اس سے سرزد ہوتا ہے تو وہ چشمہ لذّت مکدّر ہو جاتا ہے اور پھر لذّت نہیں رہتی۔ مثلاً جب ناحق گالی دے دیتا ہے یا ادنیٰ ادنیٰ سی بات پر بدمزاج ہو کر بدزبانی کرتا ہے تو پھر ذوقِ نماز جاتا رہتا ہے۔ اخلاقی قویٰ کو لذّت میں بہت بڑا دخل ہے۔ جب انسانی قویٰ میں فرق آئے گا تو اس کے ساتھ ہی لذّت میں بھی فرق آجاوے گا۔ جس کو نماز میں بے ذوقی پیدا ہو اس کو کثرت کے ساتھ نماز پڑھنی چاہئے اور تھکنا مناسب نہیں آخر اسی بے ذوقی میں ایک ذوق پیدا ہو جاوے گا۔ اس ذوق کو حاصل کرنے کے لئے استغفار، کثرت نماز و دُعا، مستعدی اور صبر کی ضرورت ہے۔ میرے نزدیک سب وظیفوں سے بہتر وظیفہ نماز ہی ہے۔ نماز ہی کو سنوار سنوار کر پڑھنا چاہئے اور سمجھ سمجھ کر پڑھو اور مسنون دعاؤں کے بعد اپنے لئے اپنی زبان میں بھی دعائیں کرو اس سے تمہیں اطمینان قلب حاصل ہوگا اور سب مشکلات خدا تعالیٰ چاہے گا تو اسی سے حل ہو جائیں گی۔
39	26/ستمبر	(ملفوظات جلد سوم صفحہ 581 تا 583۔ ایڈیشن 2013ء مطبوعہ ربوہ)	کُل اسباب اسلام کے ضعف کے موجود ہیں اور صلیب کا زور ہے مگر ہمیشہ دیکھا گیا ہے کہ خدا تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے اور اس کا ارادہ ہو کر رہتا ہے۔ یہ سلسلہ اپنے وقت پر آسمان سے قائم ہوا ہے اگر اَور سب دلائل کو نظر انداز کر دیا جاوے تو صرف وقت ہی بڑی دلیل ہے۔ ایک دلیل سوادِ اعظم کی پیش کرتے ہیں کہ وہ برخلاف ہے۔ نادان اتنا نہیں جانتے کہ مصلح تو اسی وقت آتا ہے جب لوگ بگڑ جاویں۔ اب بگڑے ہوؤں کا اتفاق اور شہادت کیا حکم رکھتی ہے؟۔ یہ زمانہ اسلام کی بہار کا ہے۔ اگر ہم چُپ بھی کریں تو خدا تعالیٰ باز نہ آوے گا۔ اب اس کے فضل کا دروازہ کُھل گیا ہے اور خدا نے جو ارادہ کر لیا ہے وہ ہو کر رہے گا۔
44	31/اکتوبر		حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات بابت: افراط و تفریط۔ استغفار وظیفہ ہے۔ ہر ایک نیکی کی جڑ یہ اتقاء ہے۔ اپنی جماعت کے غیر کے پیچھے نماز مت پڑھو۔ وفات مسیح پر ایک لطیف استدلال۔
45	07/نومبر		حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات بابت: رکوع میں شمولیت اور مقتدی کا سورۂ فاتحہ پڑھنا۔ نماز میں دعا۔ دعا کا طریق۔ انگریزوں کے متعلق پیشگوئی۔ فلسفی اور نبی میں فرق
46	14/نومبر		آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال خدا کی نگاہ میں اس قدر پسندیدہ تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ کے لئے یہ حکم دیا کہ آئندہ لوگ شکر گزاری کے طور پر درود بھیجیں۔ افاضۂ انوارِ الٰہی میں محبت اہل بیت کو بھی نہایت عظیم دخل ہے۔ وحی و کشوف و رؤیائے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام دربارہ درود شریف۔
47	21/نومبر		درود شریف کے پڑھنے میں یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے میں ایک زمانہ تک مجھے بہت استغراق رہا۔ کیونکہ میرا یقین تھا کہ خدا تعالیٰ کی راہیں نہایت دقیق راہیں ہیں وہ بجز وسیلۂ نبی کریمؐ کے مل نہیں سکتیں۔ جس طرح خدا تعالیٰ نے مصائب سے نجات پانے کے لئے بعض اپنے نبیوں کو دعائیں سکھلائی تھیں مجھے بھی خدا نے الہام کر کے ایک دعا سکھلائی۔ اور وہ یہ ہے: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ۔
48	28/نومبر		حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات بابت: دسویں محرم کو شربت و چاول وغیرہ کی تقسیم۔ نماز جمعہ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے دن روزہ۔ دکانداری میں مشکلات۔ گزشتہ روحوں کو ثواب۔ قرآن شریف کے اوراق کا ادب۔
49	05/دسمبر		حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات بابت: نماز میں لذّت کے لئے عمدہ نسخہ۔ موت کو یاد رکھو۔ سلام وہی ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے ہو۔ حضرت حج کو کیوں نہیں جاتے۔ لڑکے کی بسم اللہ۔ دریائی جانور۔
50	12/دسمبر	(ملفوظات۔ جلد سوم صفحہ 277۔ ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	''علماء دین کے واسطے ظاہری بلندی چاہنی عیب میں داخل ہے۔ قلوب میں عظمت ڈالنی انسانی ہاتھ کا کام نہیں ہے۔ یہ ایک کشش ہوتی ہے جو کہ خدا تعالیٰ کے ارادہ سے آتی ہے۔''
51	19/دسمبر	(مجموعہ اشتہارات حصہ اوّل صفحہ 53۔ مطبوعہ انگلستان)	''حقیقت میں تمام برکتیں یک رنگی اور خدا ترسی میں ہی ہیں جن کا عکس کبھی نہ کبھی خویش اور بیگانہ پر پڑ جاتا ہے۔ اور جس پر خدا راضی ہے آخر اُس پر خلق اللہ بھی راضی ہو جاتی ہے''۔

ارشادات	حوالہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
یہ سلسلہ اب کسی ہاتھ اور طاقت سے نابود نہ ہوگا۔ یہ ضرور بڑھے گا اور پھولے گا اور خدا کی بڑی بڑی برکتیں اور فضل اس پر ہوں گے۔ جب تمہیں خدا کے زندہ اور مبارک وعدہ ہر روز ملتے ہیں اور وہ تسلی دیتا ہے کہ مَیں تمہارے ساتھ ہوں اور تمہاری دعوت زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔ پھر ہم کسی کی تحقیر اور گالی گلوچ پر کیوں مضطرب ہوں۔	(ملفوظات جلد دوم صفحہ 213۔ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)	26/دسمبر	52

خطبات جمعہ
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
13دسمبر2013ء	مسجد بیت الفتوح	اعمال کی اصلاح کے بارے میں جو چیزیں روک بنتی ہیں یا اثر انداز ہوتی ہیں اُن میں سے سب سے پہلی چیز لوگوں کا یہ احساس ہے کہ کوئی گناہ بڑا ہے اور کوئی گناہ چھوٹا۔ ہر نیکی اور گناہ کا معیار ہر شخص کی حالت کے مطابق ہے اور مختلف حالتوں میں مختلف لوگوں کے عمل اُس کے لئے نیکی اور بدی کی تعریف بتلا دیتے ہیں۔ پس جب تک یہ خیال رہے کہ فلاں بدی بڑی ہے اور فلاں چھوٹی ہے اور فلاں نیکی بڑی ہے اور فلاں نیکی چھوٹی ہے، اُس وقت تک انسان نہ بدیوں سے بچ سکتا ہے نہ نیکیوں کی توفیق پا سکتا ہے۔ ہمیشہ ہمارے سامنے یہ بات رہنی چاہئے کہ بڑی بدیاں وہی ہیں جن کے چھوڑنے پر انسان قادر نہ ہو۔ اور بڑی نیکیاں وہی ہیں جن کو کرنا انسان کو مشکل لگتا ہو۔ اگر ہم نے اپنی اصلاح کرنی ہے تو ہمیشہ یہ بات سامنے رکھنے کی ضرورت ہے کہ ہر نیکی کو اختیار کرنے اور ہر بدی سے بچنے کی کوشش کرنی ہوگی۔ ہماری خود ساختہ تعریفیں ہمیں نیکیوں پر قدم مارنے والا اور بدیوں سے روکنے والا نہیں بنائیں گی۔ کسی ایک بدی یا بدیوں کا خاتمہ تبھی ہو سکتا ہے جب سب مل کر بھرپور کوشش کریں۔ جماعت کا ہر فرد جو ہے وہ اس کے لئے کوشش کرے۔ پس برائیوں کو روکنے اور نیکیوں کو قائم کرنے کے لئے معاشرے کے ہر فرد کے احساس کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے کہ معمولی نیکی بھی بڑی نیکی ہے اور معمولی بدی بھی بڑا گناہ ہے۔ جب تک ہم میں سے ہر ایک میں یہ احساس پیدا نہیں ہوگا اور اُس کے لئے کوشش نہیں ہوگی معاشرے میں بدیاں قائم رہیں گی اور عملی اصلاح میں روک بنتی رہیں گی۔ بچوں کی تربیت کی عمر انتہائی بچپن سے ہی ہے۔ یہ خیال نہ آئے کہ بچہ بڑا ہوگا تو پھر تربیت شروع ہوگی۔ بُرے عمل کا پھیلنا بہت آسان ہے اور یہ معاشرے میں اپنوں کے بدعمل کی وجہ سے بھی پھیلتا ہے اور غیروں کے بدعمل کی وجہ سے بھی پھیلتا ہے۔ یعنی نیکیوں اور بدیوں کے پھیلنے میں معاشرے کا بہت زیادہ اثر ہے۔ اس لئے ہمیشہ اس بات کو ہمیں اپنے سامنے رکھنا چاہئے۔ حضرت مصلح موعودؓ کے ایک خطبہ کے حوالہ سے عملی اصلاح کی راہ میں حائل اسباب کی نشاندہی کرتے ہوئے ان سے خبردار رہنے اور ان وجوہات کو دُور کرنے کے سلسلہ میں اہم نصائح۔ مکرم خالد البراقی صاحب آف سیریا کی شہادت۔ شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	3رجنوری	1
20دسمبر2013ء	مسجد بیت الفتوح	نیک عمل کی عادت ڈالنے کے لئے ایسے طریق اختیار کرنے کی ضرورت ہے جس سے مجبور ہو کر نیک اعمال بجا لانے کی طرف توجہ پیدا ہو اور اس کے لئے سب کو مل کر کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ ہر گھر کو کوشش کرنے کی ضرورت ہے اور ہر گھر کے ہر فرد کو کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ اور یہ کوشش بغیر قربانی کے نہیں ہو سکتی۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے خطبہ کے حوالہ سے عملی اصلاح کی راہ میں حائل مختلف اسباب کا تذکرہ اور ان روکوں کو دُور کرنے کے لئے زرّیں نصائح۔ آج ہمیں عہد کرنے کی ضرورت ہے کہ ہم اپنی ذاتی خواہشات کی قربانی بھی کریں گے، اپنے بیوی بچوں کی خواہشات کی قربانی بھی کریں گے اور ہر وہ قربانی کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے جس سے ہماری عملی اصلاح کی دیواریں مضبوط سے مضبوط تر ہوتی چلی جائیں۔	10رجنوری	2

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
27دسمبر2013ء	مسجد بیت الفتوح	قادیان کوحضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی بستی ہونے کی وجہ سے اورتمام دنیامیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پیغام اس بستی سے نکل کرپہنچنے کی وجہ سے جوحیثیت اور جومقام حاصل ہے، وہ اس بستی کو جہاں اسلام کی نشأۃ ثانیہ کا مرکز بناتی ہے وہاں اس بستی میں منعقد ہونے والے جلسوں کوبھی بین الاقوامی جلسہ بناتی ہے۔قادیان کے جلسے کے ماحول میں روحانیت کا ایک اور رنگ محسوس ہوتا ہے۔ کیونکہ اس بستی کی فضاؤں میں اور گلی کوچوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلامِ صادق اور مسیح موعوداورمہدی موعودکی یادوں کی خوشبوروحانیت کے ایک اورہی ماحول میں لے جاتی ہے۔پس اس ماحول میں ملی ہوئی نصیحت بھی ایک خاص رنگ رکھتی ہے، ایک خاص اثر رکھتی ہےاور ہر مخلص کے دل پر ایک خاص اثر کرنے والی ہونی چاہئے۔حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک مقصد یہ بھی بتایا تھا کہ افرادِ جماعت کا ایک دوسرے سے جلسہ کے دنوں میں تعارف بڑھےاوراخوّت اور پیاراورمحبت کے تعلقات قائم ہوں۔جہاں ہرآنے والااس محبت واخوّت کےتعلق اوررشتے کوقائم کرے، وہاں اس بستی میں رہنے والاہر احمدی بھی اس طریق پراپناجائزہ لے کہ کیاوہ اس مقصدکوحاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔کوئی احمدی ایسا نہ ہو جواس مقصدکوحاصل کئے بغیر وہاں سے واپس لوٹے۔اور قادیان میں رہنے والا کوئی احمدی ایسا نہ ہوجوان تین دنوں کواپنی اصلاح کا بہترین ذریعہ نہ بنالے۔اس بات کی پابندی کی بھی بھرپورکوشش رہے کہ جوتبدیلی پیدا کرنی ہے یا پیدا کی ہے، اُس میں مداومت اختیار کرنی ہے، اُسے اپنی زندگی کا مستقل حصہ بھی بنانا ہے۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام کے ارشادات کے حوالہ سے افراد جماعت احمدیہ عالمگیر کو باہم اتفاق واتحاد سےمتعلق نہایت اہم نصائح۔ آج زمانے کا امام، مصلح اورآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں آنے والا نبی جوہمیں ہماری عملی حالتوں کی درستگی کی طرف بلا رہاہےتوہمیں بھی لبّیک کہتے ہوئے اس کے گرد جمع ہونے کی ضرورت ہے اور یہ ہمارافرض ہے کہ اس کے گردجمع ہوجائیں۔آج تلواروں کے جہاد کے لئےنہیں بلایا جارہا بلکہ نفس کے جہاد کے لئے بلایا جا رہا ہےجس میں کامیابی تمام دنیا میں اسلام کا جھنڈا لہرانے کا باعث بنے گی۔دنیا میں ہراحمدی یہ دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اُن تمام جگہوں پر جہاں احمدی مشکلات میں گرفتار ہیں ان کی پریشانیاں دورفرمائے۔ان جگہوں پر اللہ تعالیٰ احمدیوں کے لئے آسانی کے سامان مہیا فرمائے، اُن کی آزادی کے سامان پیدافرمائے۔اور یہ بہت اہم دعاہےاوراخوّت اور بھائی چارے کے اظہارکا یہ تقاضاہے کہ ہم ضرور یہ دعا کریں۔	17رجنوری	3
03جنوری2014ء	مسجد بیت الفتوح	سب سے پہلے تو میں آج آپ کو اور دنیا میں پھیلے ہوئے تمام احمدیوں کو نئے سال کی مبارکباد دیتا ہوں۔ اس دعا کے ساتھ یہ مبارکباد ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اور محض اپنے فضل سے پہلے سے بڑھ کر اس سال کواپنے رحمتوں، فضلوں اور برکتوں کا سال بنادے۔جب ہم گزشتہ سال کا جائزہ لیتے ہیں تو جماعتی لحاظ سے 2013ء کا سال ہمیں اللہ تعالیٰ کے بے شمارفضل دکھاتا ہوانظرآتا ہے۔پس اگر ہم نے یہ فضل جاری رکھنے ہیں تو عاجزی، محنت اور دعا کے ساتھ ان فضلوں کو جذب کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔2013ء کے سال میں اللہ تعالیٰ کےفضل سے 158 مساجد بنائی گئیں اور 258 نئی مساجد ملیں۔افریقہ میں اس وقت 41 مساجدزیرِتعمیر ہیں۔اسی طرح 121 مشن ہاؤسزتعمیر ہوئے۔اللہ تعالیٰ دنیا بھر میں غیرمعمولی طور پرحقیقی اسلام کا پیغام پہنچانے کے رستے کھول رہا ہے۔حضورانور کے دورہ جات کی میڈیا میں کوریج کے ذریعہ کروڑوں افراد تک اسلام کا پیغام پہنچا۔**وقف جدید کے ستاونویں(57)سال کے آغاز کا اعلان**۔گزشتہ سال وقف جدید میں اللہ تعالیٰ کےفضل سے 54 لاکھ 84ہزار پونڈز کی مالی قربانی جماعت نے پیش کی۔مالی قربانی کے ایمان افروزواقعات کا تذکرہ۔وقف جدیدکی مالی قربانی میں برطانیہ پہلے، پاکستان دوسرےاورامریکہ تیسرے نمبر پر رہا۔مختلف پہلوؤں سے نمایاں مالی قربانی کرنے والے ممالک اور جماعتوں کا جائزہ مکرم یوسف لطیف صاحب آف بوسٹن امریکہ کی وفات۔مرحوم کا ذکرخیراورنمازجنازہ غائب	24رجنوری	4

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
10 جنوری 2014ء	مسجد بیت الفتوح	ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مشن اور بعثت کا مقصد صرف عقائد کی اصلاح کرنا نہیں تھا۔ آپ نے واضح فرمایا ہے کہ بندے کا خدا تعالیٰ سے تعلق جوڑنا اور اعمال کی اصلاح کرنا بھی ضروری ہے۔ بندے کا ایک دوسرے کے حق ادا کرنا بھی ایک مقصد ہے اور یہ سب باتیں اعمال پر منحصر ہیں۔ اگر ہم نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن میں کارآمد ہونا ہے۔ آپ کے مقصد کو پورا کرنے والا بننا ہے تو یہ اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب ہم میں سے ہر ایک اپنی عملی اصلاح کی روکوں کو دُور کرنے کی بھرپور کوشش کرے۔ پس ہمیں اپنی عملی قوتوں کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے اور پھر مضبوطی کے ساتھ اس پر قائم رہنے کی ضرورت ہے۔ دوقسم کی روکیں ہیں جو عملی اصلاح کے راستے میں حائل ہوتی ہیں۔ ایک قوتِ ارادی میں کمزوری اور دوسری قوتِ عملی میں کمزوری۔ ان کے درمیان میں ایک اور صورت بھی عملی اصلاح میں کمی کی ہے اور وہ ہے علمی طور پر کمزوری۔ یہ دونوں طرف اپنا اثر ڈالتی ہے۔ مختلف لوگوں کے لئے مختلف علاجوں کی ضرورت ہے۔ ایک ہی علاج ہر ایک کے لئے نہیں ہے۔ بعض کے لئے قوتِ ارادی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ بعض کے لئے قوتِ عملی پیدا کرنے کی ضرورت ہے اور بعض کے لئے اس صورت میں جبکہ بوجھ زیادہ ہو، اُن کی طاقت اور برداشت سے باہر ہو تو بیرونی مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اُس وقت معاشرے کو اپنا کردار ادا کرنا پڑتا ہے، جماعت کو اپنا کردار ادا کرنا پڑتا ہے، ذیلی تنظیموں کو اپنا کردار ادا کرنا پڑتا ہے۔ پس ہمیں اپنی عملی اصلاح کے لئے ان باتوں کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مکرم ماسٹر مشرق علی صاحب آف کلکتہ (انڈیا) کی وفات۔ مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	31/جنوری	5
17 جنوری 2014ء	مسجد بیت الفتوح	اگر انسان میں قوّتِ ارادی، صحیح اور پورا علم اور قوتِ عمل پیدا ہو جائے تو پھر عملی اصلاح کی برائیوں کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ دین کے معاملے میں قوتِ ارادی ایمان کا نام ہے۔ عملی قوت ایمان کے بڑھنے سے بڑھتی ہے۔ اگر پختہ ایمان ہو اور اللہ تعالیٰ سے تعلق ہو تو پھر انسان کے کام خود بخود ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ہر مشکل اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سے آسان ہوتی چلی جاتی ہے۔ صحابہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ مسیح موعود علیہ السلام کی قوت ارادی یعنی پختہ ایمان کے نتیجہ میں اصلاح اعمال کی درخشندہ مثالوں کا تذکرہ۔ بعض ایسے لوگ ہیں جن کے عمل کی کمزوری کی وجہ ایمان میں کامل نہ ہونا ہے۔ بعض لوگ ایسے ہیں جن میں عمل کی کمزوری اس وجہ سے ہے کہ اُن کا علم کامل نہیں ہے۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو ایمان اور علم رکھتے ہیں لیکن دوسرے ذرائع سے اُن پر ایسا زنگ لگ جاتا ہے کہ دونوں علاج اُن کے لئے کافی نہیں ہوتے اور بیرونی علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ جماعتی ترقی کے لئے نظام کے ہر حصے کو، بلکہ ہر احمدی کو اپنا جائزہ لیتے ہوئے اپنی اصلاح کی بھی ضرورت ہے اور اپنے دوستوں اور قریبیوں کا سہارا بننے کی ضرورت ہے جو کمزوریوں میں مبتلا ہیں تاکہ جماعت کا ہر فرد عملی اصلاح کے اعلیٰ معیاروں کو چھونے والا بن جائے اور اس لحاظ سے وہ اللہ تعالیٰ کا قرب پانے والا ہو۔ عزیزم ارسلان سرور ابن مکرم محمد سرور صاحب آف راولپنڈی کی شہادت۔ شہید مرحوم کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب	07/فروری	6
24 جنوری 2014ء	مسجد بیت الفتوح	ہمیں اس بات کو جاننے کی ضرورت ہے اور جائزے کی ضرورت ہے کہ ہم دیکھیں کہ ہم میں سے کتنے ہیں جنہیں یہ شوق ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں تاکہ اللہ تعالیٰ کا قرب مستقل طور پر حاصل ہو۔ ہم میں سے کتنے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ پیار کا سلوک کرتے ہوئے دعاؤں کے قبولیت کے نشان دکھاتا ہے، اُن سے بولتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مان کر یہ معیار حاصل کرنا یا حاصل کرنے کی کوشش کرنا ہر احمدی کا فرض ہے۔ لوگ دنیاوی باتوں میں نقل کرتے ہیں اور اُس کے حصول کے لئے یا تو عزتِ نفس کو داؤ پر لگا دیتے ہیں یا دیوالیہ ہو کر اپنی جائیداد سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اس نقل کی کوشش نہیں کرتے جو نیکیوں میں بڑھانے والی چیز کی نقل ہے۔ یہ بات عام طور پر بتانے کی ضرورت ہے کہ اس زمانے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلامِ صادق سے جڑ کر	14/فروری	7

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اللہ تعالیٰ سے قرب کا تعلق پیدا کیا جا سکتا ہے۔نیکیوں کو حاصل کرنے کی تڑپ، اللہ تعالیٰ کا قرب پانے کی تڑپ ہماری جماعت میں عام ہو جائے تو ایک بہت بڑا طبقہ ایسا پیدا ہو سکتا ہے جو گناہ کو بہت حد تک مٹا دے گا۔ یا جماعت کا اکثر حصہ ایسے لوگوں پر مشتمل ہوگا اور ہو سکتا ہے جو گناہوں پر غالب آجائے۔بعض نو احمدیوں کے اپنی زندگیوں میں پاکیزہ انقلاب اور تعلق باللہ اور الٰہی نصرت و تائید کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔مربیان کو بھی اور عہدیداران کو بھی بار بار جھوٹ سے بچنے کی تلقین کرنی ہوگی۔ بار بار یہ ذکر کرتے چلے جانا ہوگا کہ کوئی گناہ بھی بڑا اور چھوٹا نہیں ہے۔گناہ گناہ ہے اور اس سے ہم نے بچنا ہے۔لیکن تلقین کرنے والوں کو بھی یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ اُن کی اپنی حالت بھی ایسے معیار کی ہو جہاں وہ اپنی قوتِ ارادی کے اعلیٰ معیاروں کی تلاش میں ہوں۔اور عملی طور پر بھی اُن کے عمل اور علم میں مطابقت پائی جاتی ہو۔مکرمہ نواب بی بی صاحبہ آف مانگٹ اونچا اور مکرم شیخ عبدالرشید شرما صاحب آف شکار پور سندھ کی وفات۔مرحومین کا ذکرِ خیر اور نمازِ جنازہ غائب		
31جنوری2014ء	مسجد بیت الفتوح	عملی اصلاح کے لئے بیرونی علاج یا مدد کے طور پر دو قسم کے سہاروں کی ضرورت ہے۔ایک نگرانی اور دوسرا جبر۔ ہر معاشرے کے قانون میں نگرانی اصلاح کا ایک ذریعہ ہے اور عملی اصلاح کرنے کے لئے دین بھی ہمیں اس کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ماں باپ، مربیان، عہدیداران، نظام ہر ایک کو اپنے اپنے دائرے میں نگران بننا چاہئے۔دین کی طرف منسوب ہو کر پھر اُس کے قواعد پر عمل نہ کرنا اور اُسے توڑنا، ایک طرف تو اپنے آپ کو نظامِ جماعت کا حصہ کہنا اور پھر نظام کے قواعد کو توڑنا۔ یہ بات اگر ہو رہی ہے تو پھر بہر حال سختی ہوگی اور یہاں جبر سے یہی مراد ہے۔نظام کا حصہ بن کر رہنا ہے تو پھر تعلیم پر بھی عمل کرنا ہوگا۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ نیک اعمال بجا لانے کی عادت ڈالنے کے لئے مختلف ذرائع استعمال کرنے پڑتے ہیں۔ان ذرائع کو اختیار کئے بغیر اصلاحِ اعمال میں کامیابی نہیں ہو سکتی۔پس ان ذرائع کا استعمال انتہائی ضروری ہے۔یعنی ایمان کا پیدا کرنا، علمِ صحیح کا پیدا کرنا، اور نگرانی کرنا اور جبر کرنا، یہ چار چیزیں ہیں جن کے بغیر اصلاح مشکل ہے۔ان چاروں ذرائع کو جماعت کی اصلاح کے لئے بھی اختیار کرنا ضروری ہے۔معلمین، مبلغین یہ دیکھیں کہ انہوں نے دلوں میں ایمان پیدا کرنے کی کتنی کوشش کی ہے۔خشک دلائل سے لوگوں کے دلوں پر اثر ڈالنے اور غیر احمدی مولویوں کو دوڑانے پر ہی ہمیں اکتفا نہیں کر لینا چاہئے اور اسی پر خوش نہیں ہو جانا چاہئے بلکہ ہمارے پاس جو خدا تعالیٰ کے زندہ نشانات اور معجزات ہیں، اُس سے خدا تعالیٰ کی ہستی دنیا کو دکھائیں۔اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ہے، اُس سے لوگوں کے دلوں کو قائل کریں۔اپنے آپ کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جوڑ کر پھر خلافت سے کامل اطاعت کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔یہی چیز ہے جو جماعت میں مضبوطی اور روحانیت میں ترقی کا باعث بنے گی۔خلافت کی پہچان اور اُس کا صحیح علم اور ادراک اس طرح جماعت میں پیدا ہو جانا چاہئے کہ خلیفہ وقت کے ہر فیصلے کو بخوشی قبول کرنے والے ہوں اور کسی قسم کی روک دل میں پیدا نہ ہو، کسی بات کو سن کر انقباض نہ ہو۔خلافت کا صحیح فہم و ادراک پیدا کرنا بھی مربیان کے کاموں میں سے اہم کام ہے۔اور پھر عہدیداران کا کام ہے کہ وہ بھی اس طرف توجہ دیں۔ ہماری روحانی پاکیزگی اور ہماری عملی اصلاح انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ بڑا انقلاب لانے کا باعث بنے گی، بہ نسبت اس تبلیغ کے۔مسلمان ممالک اور مسلم اُمّہ کی قابلِ رحم حالت کا تذکرہ اور دعاؤں کی تحریک آج مسلم اُمّہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق کے ماننے والوں کی دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔پس یہ ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم اس کے لئے بہت دعا کریں۔قریباً ہر جگہ حالات خراب ہیں۔اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو عقل دے اور اسلام کو بدنام کرنے کی جو ان کی مذموم کوششیں ہیں اُن سے محفوظ رکھے۔ جو بھی ظلم کرنے والے ہیں اُنہیں اللہ تعالیٰ عبرت کا نشان بنائے اور اللہ تعالیٰ ان ملکوں میں رہنے والے ہر احمدی کو ان کے شر سے محفوظ رکھے۔	21رفروری	8

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
07فروری2014ء	مسجد بیت الفتوح	تقویٰ پر چلنا، اپنے اعمال کی اصلاح کرنا، اپنے ایمان کے معیار بلند کرنا، یہ باتیں کوئی معمولی باتیں نہیں ہیں۔ہم نے زمانے کے امام کو مانا ہے تو اُس کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے ہمیں پوری طرح سعی وکوشش کرنی چاہئے۔ ہر چھوٹی سے چھوٹی نیکی کو ہمیں انجام دینے کی کوشش کرنی چاہئے۔اور ہر بدی سے ہمیں مکمل طور پر نفرت کا اظہار کرنا چاہئے۔محبت، پیار اور اخوت کو بڑھانے کی ہمیں ضرورت ہے۔ہمیں ایک دوسرے کا مددگار بننے کی ضرورت ہے۔تبھی ہم اپنی بیعت کا حق ادا کرنے والے ہوں گے۔(عملی اصلاح کے لئے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی گہری فکر اور آپؑ کی پُر درد نصائح کا تذکرہ) **حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایک الہام پر اعتراض کا جواب حضور علیہ السلام کی بیان فرمودہ تشریحات کی روشنی میں۔**	28/فروری	9
14فروری2014ء	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ جو نشانات ظاہر ہوئے یا ہو رہے ہیں یا آئندہ ہوتے رہیں گے ان کا مقصد یہ ہے کہ اس زمانے میں خدا تعالیٰ آپ کے ذریعہ سے اسلام کی صداقت کو دنیا پر واضح کرنا چاہتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام و مرتبہ کو دنیا پر ظاہر کرنا چاہتا ہے۔یہ نشانات جہاں غیروں کے اور اسلام پر اعتراض کرنے والوں کے منہ بند کرتے ہیں، وہاں مسلمانوں کے لئے بھی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کا ثبوت ہیں کہ آپ ہی وہ جری اللہ ہیں جن کو اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے بیان فرمودہ نشانات میں سے بعض کا تذکرہ۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی عربی کتب کے عربوں پر غیر معمولی اثرات کا ایمان افروز بیان۔بہت سے لوگوں کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی خوابوں میں آکر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت کی طرف رہنمائی فرمائی۔نمونۃً چند مثالوں کا تذکرہ۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ:''ہماری جماعت کو خدا تعالیٰ سے سچا تعلق ہونا چاہئے۔اور اُن کو شکر کرنا چاہئے کہ خدا تعالیٰ نے اُن کو یونہی نہیں چھوڑا بلکہ اُن کی ایمانی قوتوں کو یقین کے درجہ تک بڑھانے کے واسطے اپنی قدرت کے صدہا نشان دکھائے ہیں۔'' مکرم رضی الدین صاحب ابن مکرم محمد حسین صاحب آف کراچی کی شہادت۔مکرم ڈاکٹر خالد یوسف صاحب ابن مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب شہید آف نوابشاہ کی وفات۔مرحومین کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب	07/مارچ	10
21فروری2014ء	مسجد بیت الفتوح	یوم مصلح موعود کے تعلق میں پیشگوئی مصلح موعود اور 'علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا' کے حوالے سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے عظیم الشان کارناموں کا مختصر تذکرہ۔حضرت مصلح موعودؓ کے علم و فضل سے متعلق غیروں کے اعتراف۔حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے فرزند مکرم صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب کی وفات۔مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	14/مارچ	11
28فروری2014ء	مسجد بیت الفتوح	آج سے 90 سال قبل لندن میں ویمبلے ہال میں منعقدہ 'مذاہب کانفرنس' میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی شرکت، آپ کے معرکہ آراء خطاب اور اس کے غیروں پر نہایت خوشکن گہرے اثرات کی مختلف تفصیلات کا ایمان افروز تذکرہ۔اس مضمون سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایک رؤیا بھی پوری ہوئی۔یورپ میں اسلام کا پیغام صحیح رنگ میں پہنچایا گیا اور اسلام احمدیت کی شہرت کو چار چاند لگے۔یہ مضمون 'انوار العلوم' کی آٹھویں جلد میں موجود ہے۔اس کا انگریزی ترجمہ بھی طبع شدہ ہے۔انگریزی دان طبقہ اور نوجوانوں کو یہ ضرور پڑھنا چاہئے۔حضرت مصلح موعودؓ نے تقریباً ہر مضمون میں ہمارے لئے بے شمار خزانہ چھوڑا ہے۔آپ نے ہر topic کو touch کیا ہے۔فضلِ عمر فاؤنڈیشن کو اس علمی خزانے کو مختلف زبانوں میں ترجمہ کروانے کی کوششوں کو مزید بہتر کرنے کی تاکید۔ڈینش احمدی مکرم کمال احمد کرو صاحب کی وفات۔مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	21/مارچ	12

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
07مارچ2014ء	مسجد بیت الفتوح	**برطانیہ میں جماعت احمدیہ کے قیام پر سو سال مکمل ہونے پر جماعت احمدیہ یوکے کے زیر اہتمام لندن کے تاریخی گلڈ ہال میں منعقدہ مذاہب عالم کانفرنس میں مختلف مذاہب کے نمائندگان کی شرکت اور ''اکیسویں صدی میں خدا تعالیٰ کا کردار'' کے موضوع پر اظہار خیال، ملکۂ برطانیہ، وزیر اعظم برطانیہ اور دیگر سیاسی و مذہبی نمائندوں کے خصوصی پیغامات کا مختصر تذکرہ۔** ☆.....مَیں جس آسمانی کتاب کو مانتا ہوں وہ قرآنِ کریم ہے۔اور وہ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ خدا تعالیٰ انبیاء کو بھیج کر اس بات کو رائج کرنا چاہتا ہے کہ انسان روحانیت کے اعلیٰ معیار قائم کرتے ہوئے خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرے اور اُس کا حق ادا کرے۔اسی طرح اعلیٰ اخلاق کے معیار قائم کرتے ہوئے خدا تعالیٰ کی مخلوق کا حق ادا کرے۔☆.....مَیں اور جماعت احمدیہ یہ ایمان رکھتی ہے کہ مسیح موعود بانیٔ جماعت احمدیہ کی صورت میں آ گئے اور اپنے ماننے والوں میں حقیقی اسلام کی تعلیم کو رائج فرمادیا۔ایک جماعت قائم کر دی جو حقیقی اسلام پر عمل کر رہی ہے اور کرنے کی کوشش کرتی ہے۔مسیح موعود علیہ السلام جو اسلام کے احیائے نو کے لئے آئے، اُن کے ساتھ بھی اللہ تعالیٰ کی تائیدات ہیں۔☆..... بانیٔ جماعت احمدیہ نے ہم میں یہ ادراک پیدا فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ کی باتیں کوئی پرانے قصے نہیں ہیں بلکہ خدا تعالیٰ آج بھی زندہ ہے اور اپنے نیک بندوں سے بولتا اور نشان دکھاتا ہے۔پس دنیا اس طرف توجہ دے اور اپنی غلطیوں کا الزام خدا اور مذہب کو نہ دے بلکہ اپنے گریبان میں جھانکے۔اسلام کی نمائندگی میں حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بصیرت افروز نہایت جامع اور پُر اثر خطاب۔❁.....'یہ خیال کہ اتنے سارے مذاہب ایک ہی چھت کے نیچے اس طرح اکٹھے ہو سکتے ہیں ہمارے ایمانوں میں اضافہ کا باعث ہے'۔❁.....'امام جماعت احمدیہ کا پیغام امن اور ایک دوسرے کو سمجھنے کے متعلق ہے۔ نیز یہ کہ دنیا کے تمام مذاہب کو ایک دوسرے سے تبادلہ خیالات کرنا چاہیے'۔❁.....'امام جماعت احمدیہ نے بڑے واشگاف الفاظ میں یہ ثابت کیا ہے کہ اسلام اور قرآن کی تعلیمات تشدد کی بجائے امن کے قیام پر زور دیتی ہیں'۔❁.....'ہمیشہ کی طرح اس کانفرنس کی بہترین تقریر جماعت کے خلیفہ کی تھی۔ یقیناً مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اکٹھا کر دینا اور ان سے ان کے مذہب کی بات سننا ایک بہت ہی جرأت مندانہ اور قابلِ قدر اقدام ہے۔ یہ ایک بہت بڑی کامیابی ہے'۔❁.....'اس قسم کی تقریبات کو عالمی سطح پر مذہبی اور نظریاتی کمیونٹیز میں بھرپور پذیرائی ملنی چاہئے'۔(تقریب میں شامل مہمانوں کے تاثرات) پاکستان اور سیریا کے احمدیوں اور ان سب لوگوں کے لئے جو امن کے خواہاں ہیں دعا کی خاص تحریک۔ اللہ تعالیٰ سب احمدیوں کی حفاظت فرمائے۔عمومی طور پر دنیا کے لئے بھی دعا کی تحریک۔ جو حالات اب پیدا ہو رہے ہیں لگتا ہے کہ یہ جنگ کی طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم ان کے لئے بہت زیادہ دعائیں کریں۔	28/مارچ	13
14مارچ2014ء	مسجد بیت الفتوح	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اس لئے مبعوث ہوئے تھے کہ خدا تعالیٰ کی ایسی معرفت ہم میں پیدا فرمائیں گویا ہم خدا تعالیٰ کو دیکھتے ہیں اور اپنے ہر فعل کو خدا تعالیٰ کی محبت اور اس کے خوف کو سامنے رکھتے ہوئے بجا لائیں۔☆.....''جو شخص غافل دل اور معرفت الٰہی سے بکلّی بےنصیب ہے وہ کب توفیق پا سکتا ہے کہ صوم اور صلوٰۃ بجا لاوے یا دعا کرے یا اور خیرات کی طرف مشغول ہو۔ان سب اعمال صالح کا محرک تو معرفت ہی ہے''۔☆.....جب تم کو معرفت ہوگی تو تم گناہ کے نزدیک نہ پھٹکو گے۔اس کے لیے ضروری ہے کہ یقین بڑھاؤ اور وہ دعا سے بڑھے گا اور نماز خود دعا ہے۔ نماز کو جس قدر سنوار کر ادا کرو گے اسی قدر گناہوں سے رہائی پاتے جاؤ گے''۔☆.....''اصلی نعمت جس پر قوتِ ایمان اور اعمال صالحہ موقوف ہے۔خدا تعالیٰ کا مکالمہ اور مخاطبہ ہے''۔☆.....''ایمان کا قوی ہونا یا اعمال صالحہ کا بجا لانا اور خدا تعالیٰ کی	04/اپریل	14

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		مرضی کے موافق قدم اٹھانا یہ تمام باتیں معرفت کاملہ کا نتیجہ ہیں‘‘۔(**حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے معرفت الٰہیہ کی اہمیت، اس کے حصول اور اس کے ثمرات کا بصیرت افروز تذکرہ**) مکرم عبدالسبحان منان دین صاحب آف لندن کی وفات۔ مرحوم کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ حاضر۔		
21مارچ2014ء	مسجد بیت الفتوح	احکامِ الٰہی پر عمل بغیر معرفت الٰہی کے نہیں ہوسکتا۔جتنی زیادہ خدا تعالیٰ کی معرفت ہوگی اتنا زیادہ عبادات اور اعمال صالحہ کی روح کو سمجھتے ہوئے ان کو بجالانے کی طرف توجہ ہوگی۔بیشک شروع میں یہ معرفت اللہ تعالیٰ کی رحمانیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی خاص عطا کی وجہ سے نیک فطرت لوگوں کوعطا ہوتی ہے مگر پھر یہ معرفت ایمان کی خوبصورتی اور اعمال صالحہ کے بجالانے سے بڑھتی جاتی ہے۔حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ السلام کے حق میں الٰہی تائیدات اور نشانات میں سے بعض کا حضور علیہ السلام کے الفاظ میں ہی ایمان افروز تذکرہ۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کی صداقت کے نشانوں کا سلسلہ آج بھی جاری ہے اور ہزاروں لوگ یہ نشانات دیکھ کر سلسلہ عالیہ احمدیہ میں شامل ہو رہے ہیں۔شام، پاکستان اور مصر کے احمدیوں کے لئے خاص طور پر دعا کی تحریک۔محترمہ لطیفہ الیاس صاحبہ آف امریکہ کی وفات۔مرحومہ کا ذکرخیر اور نماز جنازہ غائب	11/اپریل	15
28مارچ2014ء	مسجد بیت الفتوح	مجھے بھیجا گیا ہے تاکہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کھوئی ہوئی عظمت کو پھر قائم کروں اور قرآن شریف کی سچائیوں کو دنیا کو دکھاؤں اور یہ سب کام ہو رہا ہے لیکن جن کی آنکھوں پر پٹی ہے وہ اس کو دیکھ نہیں سکتے۔خدا نے مجھے اصلاح کرنے کے لئے مامور کرکے بھیجا اور میرے ہاتھ پر وہ نشان دکھلائے کہ اگر ان پر ایسے لوگوں کو اطلاع ہو جن کی طبیعتیں تعصّب سے پاک اور دلوں میں خدا کا خوف ہے اور عقل سلیم سے کام لینے والے ہیں تو وہ ان نشانوں سے اسلام کی حقیقت بخوبی شناخت کرلیں۔جو آیات اللہ کی پروا نہیں کرتا وہ یاد رکھے کہ اللہ تعالیٰ بھی اس کی پروا نہیں کرتا۔خدا تعالیٰ کی طرف سے جو نشان ظاہر ہوتے ہیں وہ ایسے ہوتے ہیں کہ ایک عقلمند خداترس اس کو شناخت کرلیتا ہے اور ان سے فائدہ اٹھاتا ہے لیکن جو فراست نہیں رکھتا اور خدا کے خوف کو مدنظر رکھ کر اس پر غور نہیں کرتا وہ محروم رہ جاتا ہے۔خدا چاہتا ہے کہ اپنے سلسلہ کو اپنے ہاتھ سے مضبوط کرے جب تک کہ وہ کمال تک پہنچ جاوے۔ پچھلے دنوں میں قادیان سے عرب دنیا کے لئے تین دن پروگرام ہوتا رہا ہے اس نے تو دنیا میں، عرب دنیا میں تہلکہ مچا دیا۔حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ السلام کے حق میں الٰہی تائیدات اور نشانات میں سے بعض کا حضور علیہ السلام کے الفاظ میں ہی ایمان افروز تذکرہ۔امن وسلامتی اگر حقیقت میں قائم کرنی ہے تو اس کا صرف ایک ہی حل ہے، اللہ تعالیٰ نے جس کو امام مہدی بنا کر بھیجا ہے، جس کو امن قائم کرنے کے لئے دنیا میں بھیجا ہے اس کو یہ قبول کرلیں۔اس مسیح محمدی کی پیروی کریں جس کی پیشگوئیاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمائی تھیں۔امت مسلمہ اور مسلمان ممالک میں حقیقی امن کے قیام کے لئے دعا کی تحریک۔	18/اپریل	16
04/اپریل2014ء	مسجد بیت الفتوح	ہمیں تو ذاتی محبت سے کام ہے۔نہ کشوف سے غرض نہ الہام کی پرواہ۔جب تک تمام صفات کا علم نہ ہو معرفت نہیں ہوسکتی اور معرفت کے بعد جب انسان مزید آگے بڑھتا ہے تو وہ محبت ہے اور محبت اسی وقت کامل ہوتی ہے جب اللہ تعالیٰ کی صفات کو اپنا یا بھی جائے... اللہ تعالیٰ کے رنگ میں رنگین ہوا جائے تو پھر اللہ تعالیٰ کا نور حاصل ہوتا ہے۔احسان کی تعریف میں یہ بات داخل ہے کہ ایسے طور سے عبادت کرے کہ گویا خدا تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے۔خدا تعالیٰ سے پاک اور کامل تعلق رکھنے والے ہمیشہ استغفار میں مشغول رہتے ہیں۔گناہ درحقیقت ایک ایسا زہر ہے جو اس وقت پیدا ہوتا ہے کہ جب انسان خدا کی اطاعت اور خدا کی پُرجوش محبت اور محبانہ یادِ الٰہی سے محروم اور بے نصیب	25/اپریل	17

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		ہو...... گناہ کے دور کرنے کا علاج صرف خدا کی محبت اور عشق ہے...... اور توبہ صرف زبان سے نہیں ہے بلکہ توبہ کا کمال اعمال صالحہ کے ساتھ ہے۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے الفاظ میں محبتِ الٰہی کی حقیقت،تعریف،اللہ تعالیٰ کی محبت کے حصول کا راز اور طریق،اس کی گہرائی اور فلاسفی کا بیان۔اس ضمن میں عدل،احسان اور ایتائِ ذی القربیٰ کی نہایت لطیف اور دلفریب تفسیر کا بیان۔جو شخص خدا سے محبت کرتا ہے وہ ظلّی طور پر بقدر اپنی استعداد کے اس نور کو حاصل کر لیتا ہے جو خدا تعالیٰ کی ذات میں ہے اور شیطان سے محبت کرنے والے وہ تاریکی حاصل کر لیتے ہیں جو شیطان میں ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف جھکنے والے اور اس سے محبت کرنے والے ہوں اور اس کی محبت حاصل کر کے اپنی زندگیوں کا حصہ بنانے والے ہوں اور اس کی رضا کی جنتوں میں جانے والے ہوں۔		
11/اپریل 2014ء	مسجد بیت الفتوح	’’جب تک اوپر سے سلسلہ جاری رہا میں بولتا رہا اور جب ختم ہو گیا بس کر دیا‘‘ہر احمدی کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ نشان جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تائید میں اللہ تعالیٰ نے دکھائے ایسے ہیں جو ہمارے ایمانوں کو مضبوط کرتے ہیں اور مخالفین احمدیت کا منہ بند کرنے کے لئے ہمیں مواد مہیا کرتے ہیں۔آپ کی صداقت کی دلیل ہمیں مہیا کرتے ہیں۔پس خدا سے ڈرو اے جوانمردو اور مجھے پہچانو اور نافرمانی مت کرو اور نافرمانی پر مت مرو اور زمانہ نزدیک آ گیا ہے اور وہ وقت نزدیک ہے کہ ہر ایک جان اپنے کاموں سے پوچھی جائے اور بدلہ دی جائے۔11/اپریل 1900ء کو رونما ہونے والے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عظیم الشان علمی معجزہ ’خطبہ الہامیہ‘ کا دلنشیں بابرکت ذکر۔’’میں نہیں خیال کر سکتا کہ ایسی تقریر جس کی ضخامت کئی جزو تک تھی ایسی فصاحت اور بلاغت کے ساتھ بغیر اس کے کہ اول کسی کاغذ میں قلمبند کی جائے کوئی شخص دنیا میں بغیر خاص الہام الٰہی کے بیان کر سکے...... یہ ایک علمی معجزہ ہے جو خدا نے دکھلایا اور کوئی اس کی نظیر پیش نہیں کر سکتا۔‘‘ (حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام)۔حق تو یہ ہے کہ مسیح محمدی کا یہ وہ علمی نشان ہے جس کی نظیر قرآن مجید کے بعد نہیں ملتی۔میں نے اپنی آنکھوں سے اس الہامی اور معجزانہ کلام کے نزول کو دیکھا اور خود کانوں سے سنا کہ بلا امداد غیرے کس طرح وہ انسان روزِ روشن میں تمام لوگوں کے سامنے ایسا فصیح و بلیغ کلام سنا رہا ہے۔جس قسم کی نبوت کا مرزا صاحب نے دعویٰ کیا ہے اگر اس قسم کے ہزار بھی نبی آ جائیں تو ختم نبوت نہیں ٹوٹتی۔محترمہ حنیفاں بی بی صاحبہ آف شیخوپورہ اور محترم سید محمود شاہ صاحب آف کراچی کی وفات پر مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	02/مئی	18
18/اپریل 2014ء	مسجد بیت الفتوح	خدا سے تعلق جوڑو تا کہ اپنی دنیا و آخرت سنوارنے والے بن سکو۔اس کائنات کے خدا تک پہنچنے کا ذریعہ اب صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے۔جس کا حسن و احسان میں کوئی ثانی نہیں۔ہر قسم کی چیزیں جو ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے فیض عام کی وجہ سے ہیں اور اس کے فیض سے کوئی خالی نہیں چاہے وہ کوئی بھی ہو۔خدا تو وہ ہے کہ سب قوتوں والوں سے زیادہ قوت والا اور سب پر غالب آنے والا ہے۔نہ اُس کو کوئی پکڑ سکے اور نہ مار سکے۔سچے خدا کا ماننے والا کسی مجلس میں شرمندہ نہیں ہو سکتا اور نہ خدا کے سامنے شرمندہ ہوگا کیونکہ اس کے پاس زبردست دلائل ہوتے ہیں۔لیکن بناوٹی خدا کا ماننے والا بڑی مصیبت میں ہوتا ہے۔پاک اور کامل توحید صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے ملتی ہے۔مذہب اسلام کے تمام احکام کی اصل غرض یہی ہے کہ وہ حقیقت جو لفظ اسلام میں مخفی ہے اُس تک پہنچایا جائے۔کیا بدبخت وہ انسان ہے جس کو اب تک یہ پتہ نہیں کہ اُس کا ایک خدا ہے جو ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے۔ہماری اعلیٰ لذّات ہمارے خدا میں ہیں۔کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔**حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ میں ہی مذہبِ اسلام کی پیش کردہ تعلیمات میں اللہ تعالیٰ کی ذاتِ بابرکات کی صفاتِ حسنہ،اس کی حقیقت اور اس کے مرتبہ کا بیان**	09/مئی	19

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
25/اپریل2014ء	مسجد بیت الفتوح	جومخلصانہ نیت سے خلافت کی اتباع کرے گا وہی برکت حاصل کرے گا۔ ہر انسان نے ایک دن اس دنیا کو چھوڑنا ہے لیکن کتنے خوش قسمت ہیں وہ انسان جو اپنی زندگیاں خداتعالیٰ کی رضا کے مطابق گزارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جب عہد کرتے ہیں تو عہدوں کو نبھانے کی حتی المقدور کوشش کرتے ہیں۔ جو پہلے دن سے تھے آخر تک وہ رہے۔ انہوں نے ہر ایک کو ڈیوٹیاں سپرد کر کے ذمہ دار بنایا اور ان سے ان کی صلاحیتوں کے مطابق کام لیا اور یہی ایک اچھے ایڈمنسٹریٹر کی خوبی ہے جس پر باقیوں کو بھی عمل کرنا چاہئے۔ کامیابی ......خلیفہ وقت کی دعائیں حاصل کرنے کے نتیجہ میں ملتی ہے۔ عہدیداروں کے لئے بھی سبق: (انہیں) استغفار اور درود بہت زیادہ پڑھنے کی ضرورت ہے تاکہ عاجزی ہمیشہ قائم رہے اور خدمت کی توفیق اللہ تعالیٰ صحیح رنگ میں عطا فرماتا رہے۔ ان کے جانے سے گو آسٹریلیا جماعت میں ایک خلا پیدا ہوا ہے لیکن الٰہی جماعتوں کو اللہ تعالیٰ خود سنبھالتا ہے اور ان خلاؤں کو خود پورا کرتا ہے۔ ان جیسے سلطان نصیر ہمیشہ اللہ تعالیٰ عطا فرماتا رہے جو خلافت کے باوفا بھی ہوں، جاں نثار بھی ہوں اور اپنے عہد کو پورا کرنے والے بھی ہوں۔ ایک انتہائی پیاری شخصیت، ایک خاص مقام رکھنے والے فدائی خادم سلسلہ، خلفائے وقت کے سلطان نصیر، خلافت کے لیے انتہائی غیرت رکھنے والے، باوفا، جان نثار، اطاعت گزار، خاموش طبع، دوسروں کی خوبیوں پر نظر رکھنے والے، باعمل، بےنفس اور اپنی تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ جماعت کی خدمت کرنے والے بزرگ۔ **محترم محمود احمد صاحب شاہد امیر جماعت احمدیہ آسٹریلیا کی وفات، ان کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب**	16/مئی	20
02/مئی2014ء	مسجد بیت الفتوح	اصل نیکی خداتعالیٰ کی ذات میں ہے اور اس کی طرف سے ہی نیکی آتی ہے۔ تمام اشیاء خواہ وہ ارضی ہیں یا سماوی اللہ تعالیٰ کی صفات کے اظلال اور آثار ہیں اور جب صفات میں نفع ہی نفع ہے تو بتلاؤ کہ ذات میں کس قدر نفع اور سود ہوگا۔ قرب خداتعالیٰ کے برگزیدہ سے جڑ کر ہی ملتا ہے جس سے مسلسل اللہ تعالیٰ اپنے نور سے اس کو فیضیاب فرماتا رہتا ہے۔ ہمارا اس بات پر بھی ایمان ہے کہ ادنیٰ درجہ صراط مستقیم کا بھی بغیر اتباع ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہرگز انسان کو حاصل نہیں ہوسکتا۔ اس زمانے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل پیروی اور اتباع کی وجہ سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے یہ مقام دیا ہے۔ آج اس زمانے میں اب جو آپ علیہ السلام سے علیحدہ ہوکر اس قرب کی تلاش کرے گا اس کا انجام پھر بلعم جیسا ہی ہوگا۔ استغفار جس کے ساتھ ایمان کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں قرآن شریف میں دو معنے پر آیا ہے۔ ایک تو یہ کہ اپنے دل کو خدا کی محبت میں محکم کرکے گناہوں کے ظہور کو، جو علیحدگی کی حالت میں جوش مارتے ہیں، خداتعالیٰ کے تعلق کے ساتھ روکنا اور خدا میں پیوست ہوکر اس سے مدد چاہنا اور دوسری قسم استغفار کی یہ ہے کہ گناہ سے نکل کر خدا کی طرف بھاگنا اور کوشش کرنا کہ جیسے درخت زمین میں لگ جاتا ہے۔ بخوبی یاد رکھو کہ گناہ ایسی زہر ہے جس کے کھانے سے انسان ہلاک ہوجاتا ہے اور نہ صرف ہلاک ہی ہوتا ہے بلکہ وہ خداتعالیٰ کا قرب حاصل کرنے سے رہ جاتا ہے۔ عمل صالح بڑی ہی نعمت ہے۔ خداوند کریم عمل صالح سے راضی ہو جاتا ہے اور قرب حضرت احدیّت حاصل ہوتا ہے۔ **حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الفاظ میں اللہ تعالیٰ کے قرب کی حقیقت، اس کو حاصل کرنے کے بعض طریق اس کی اہمیت اور اپنی جماعت سے اس کے حصول کے لئے توقعات کا اظہار۔** اگر احمدیوں نے دشمن کی نامرادی کے نظارے وسیع پیمانے پر دیکھنے ہیں تو پاکستان میں رہنے والے ہر احمدی اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے۔ ہر احمدی کو خداتعالیٰ سے قرب اور تعلق میں بڑھنے کی ضرورت ہے۔ پس دنیا کو پیچھے دھکیلیں اور خداتعالیٰ سے قرب میں بڑھتے چلے جائیں۔	23/مئی	21
09/مئی2014ء	مسجد بیت الفتوح	**جماعت احمدیہ کا ماٹو:** لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے ہی دنیا میں پھر توحید قائم ہوئی۔ یہی ایک چیز ہے۔ جو اسلام کا لب لباب ہے اور جس کا ہر کامل موحد میں پایا	30/مئی	22

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		جاناضروری ہے۔جس نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سمجھ لیا اس نے خدا تعالیٰ کو سمجھ لیا اور جس نے خدا تعالیٰ کو سمجھ لیا اس نے سب کچھ ہی سمجھ لیا۔ **جب تک انسان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں محو نہ ہوجائے توحید کامل کو نہیں سمجھ سکتا۔** حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ہی اس زمانے کے لوگوں کو لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه کا جلوہ دکھایا۔اس زمانے میں اس توحید کا حقیقی ادراک حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو حاصل ہوا ہے اور یہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں محو ہونے کی وجہ سے آپ کو ملا ہے۔ **ہماری جماعت کا فرض ہے کہ وہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ماٹو کو ہر وقت اپنے سامنے رکھیں۔اسلام کی حسین تعلیم کا خلاصہ نیز اس امر کا بیان کہ اللہ تعالیٰ کی توحید کیا ہے اور یہ کہ تمام نیکیوں کی بنیاد توحید ہی ہے۔اور اس کا حصول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات میں محو ہوئے بغیر ممکن نہیں۔** صرف اور صرف ایک درد ہے کہ توحید کا قیام ہوجائے تاکہ دنیا تباہی سے بچ جائے۔ **''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں''**۔اسلام محبت پیار حسن سلوک اور دوسروں کے جذبات کا خیال رکھنے کی تعلیم دیتا ہے۔ہمیں دنیا کے ہر انسان سے محبت ہے۔دنیا داروں سے ہماری محبت اور ہمدردی دنیا داری کی خاطر نہیں ہے۔اگر احمدیوں کو ''محبت سب سے'' کا صحیح ادراک حاصل کرنا ہے تو ہمیں اپنے آقا اور محسن انسانیت سے اس کے طریق سیکھنے ہیں اور یہ ہم تبھی کر سکتے ہیں جب خود اپنی توحید کے معیاروں کو بھی ماپیں۔ **یہ پیش نظر رہے کہ ہم نے خدا تعالیٰ کو خوش کرنے کے لئے خدمت انسانیت کرنی ہے۔** جو ہیومینٹی فرسٹ کی شاخیں ہیں ان کے کارکنوں اور انتظامیہ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کے کام میں برکت اسی وقت پڑے گی جب خدا تعالیٰ سے تعلق کو مضبوط کریں گے اور اپنے کام کو اللہ تعالیٰ کے فضل کو حاصل کرنے والا بنانے کی کوشش کریں گے اور اپنے کاموں کو دعاؤں سے شروع کریں گے۔جن کو دنیا کافر کہتی ہے وہی توحید کے حقیقی علمبردار ہیں۔مکرم صدیق اکبر رحمان صاحب کی وفات۔ان کا ذکر خیر اور نمازِ جنازہ حاضر۔		
16رمئی2014ء	مسجد بیت الفتوح	**رعایت اسباب کی جاوے۔اسباب کو خدا نہ بنایا جاوے۔اسباب کو استعمال کرنا ضروری ہے۔جو ذریعے اللہ تعالیٰ نے مہیا کئے ہیں، وسائل مہیا کئے ہیں ان کو استعمال کرو لیکن ان کو خدا نہ بناؤ۔ توحید کو مقدم رکھو۔** لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ساتھ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں جو لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه کا حقیقی اور عملی نمونہ اور مثال ہیں۔مسلمانوں کا رسول وہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے جس کی نبوت اور رسالت کا دامن قیامت تک دراز ہے۔ اس وقت بھی، آج بھی خدا نے مسیح موعود کو بھیج کر نبوتِ محمدیہ کا ثبوت دیا ہے۔اسلام ہی ہے جو آخری اور کامل دین ہے جو تمام ضرورتوں کو پورا کرنے والا ہے۔ **اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان کامل اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک انسان ہر قسم کے شرک سے پاک نہ ہو۔** بعض لوگ اس حد تک اسباب پرست ہوجاتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کو بھول جاتے ہیں۔ہماری جماعت کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے کہ وہ اپنے اندر پاک تبدیلی کریں۔ مکرم عبدالکریم العباس صاحب آف سیریا کی وفات۔ان کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	06رجون	23
23رمئی2014ء	مسجد بیت الفتوح	کوئی بھی ایسی قربانی جو اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے حکموں کے مطابق اور خدا تعالیٰ کی خاطر ہو، اس کے نمونے قائم کرنے کے لئے آج خدا تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو پیدا کیا ہے۔ الٰہی جماعتیں دنیاوی حکومتوں یا دنیاوی طرز کے احتجاجوں پر یقین نہیں رکھتیں۔صرف اس بات پر پریشان نہیں ہوجانا چاہئے کہ ایک ملک میں ابتلاء یا امتحان کا دور لمبا ہوگیا۔ بلکہ یہ دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی وسعتیں کہاں تک پھیل رہی ہیں۔ ہمارا انحصار نہ کسی حکومت پر ہے نہ کسی انسانی حقوق کی تنظیم پر بلکہ ہمارا انحصار خدا تعالیٰ کی ذات پر ہے۔اگر ہر احمدی خدا پر انحصار کی حقیقت کو سمجھ کر اس پر عمل کرنا شروع کردے تو جہاں جہاں بھی احمدیوں پر تنگیاں وارد کی جارہی ہیں۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ دعاؤں سے ہی ہَوا میں اڑ جائیں گی۔مگر شرط ان دعاؤں کا حق ادا کرنا	13رجون	24

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		ہے۔ایک حقیقی احمدی ہر وقت خدا پر نظر رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے ہر وقت کوشش کرتا ہے۔یہ قربانیاں، یہ امتحان، یہ عارضی ابتلا ہماری ترقی کی رفتار تیز کرنے والے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودؑ سے جو وعدے کئے ہیں وہ یقیناً پورے ہوں گے اور آخری فتح ہماری ہی ہوگی۔		
30؍مئی2014ء	مسجد بیت الفتوح	**اللہ تعالیٰ کا ایک احسان اور بہت بڑا احسان جس نے جماعت احمدیہ کو ایک اکائی میں پرویا ہوا ہے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد جاری نظام خلافت ہے۔** وہ جماعت جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقام و مرتبہ کو سمجھتی ہے وہ بہرحال اس بات کا ادراک رکھتی ہے کہ خلافت سے جڑ کر رہنا ہی اصل چیز ہے۔اسی سے جماعت کی اکائی ہے۔اسی سے جماعت کی ترقی ہے۔اسی سے دشمنان احمدیت اور اسلام کے حملوں کے جواب کی طاقت ہم میں پیدا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کی تائید و نصرت اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق اب اسلام کی اس نشأۃ ثانیہ میں خلافت کے نظام سے وابستہ ہے۔ہر یوم خلافت جو ہم مناتے ہیں ہمیں اپنی دعاؤں اور عبادتوں اور توحید پر قائم رہنے اور توحید کو پھیلانے کے معیاروں کو ماپنے کی طرف توجہ دلانے والا ہونا چاہئے۔ورنہ اگر یہ نہیں، اگر ہمارے معیار اللہ تعالیٰ سے تعلق میں پہلے سے بلند نہیں ہو رہے تو جلسے، تقریریں، علمی باتیں اور خوشیاں منانا کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔پس اس روح کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔دعاؤں کی طرف ہماری توجہ ہوگی، توحید کی حقیقت کو سمجھنے کی طرف ہماری نظر ہوگی تو ہم میں سے ہر ایک ان فضلوں کا وارث بنے گا جس کا اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے وعدہ فرمایا۔جیسا کہ میں نے بتایا خلافت سے وابستہ رہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے اور پریشانیوں سے نجات پانے اور امن کی حالت میں آنے والوں کے لئے، اللہ تعالیٰ نے دعاؤں اور عبادتوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔پس یہی ہمارے اصل ہتھیار ہیں جن پر ہم مکمل اور مستقل انحصار کر سکتے ہیں۔دشمن کے منصوبے بہت خطرناک ہیں۔دنیاوی نظر سے دیکھیں تو بظاہر خوفناک صورتحال نظر آتی ہے؛ خاص طور پر مسلمان ممالک اور پاکستان میں تو خصوصی طور پر۔لیکن اللہ تعالیٰ تو سب قدرتوں کا مالک ہے۔وہ خَیۡرُ الۡمٰکِرِیۡن ہے۔دشمن کے تمام منصوبوں کو خاک میں ملانے کی طاقت رکھتا ہے۔اور انشاء اللہ تعالیٰ ان سب کے مکر اُن پر الٹائے جائیں گے۔لیکن ہمیں دعاؤں اور استغفار کی طرف بہت زیادہ توجہ کی ضرورت ہے۔اپنی پریشانیوں کو دور کرنے کے لئے بھی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی فتوحات کو سنبھالنے کے لئے بھی ہمیں دعاؤں کی ضرورت ہے۔ڈاکٹر مہدی علی قمر صاحب ابن مکرم چوہدری فرزند علی صاحب آف امریکہ کی ربوہ میں شہادت۔شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔یہ شہید تو اپنی زندگی میں بھی کامیابیاں دیکھتا رہا اور مخلوق خدا کی خدمت کرتا رہا اور موت بھی ایسی پائی جو اللہ تعالیٰ کے ہاں اسے دائمی زندگی دے گی۔اس پیارے شہید نے ربوہ کی زمین پر اپنا خون بہا کر ہمیں دعاؤں اور تدبیروں کی طرف توجہ دلائی ہے۔پس اس طرف بہت توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔دنیا کے احمدی بھی پاکستانی احمدیوں کے لئے بہت دعائیں کریں کیونکہ وہ انتہائی ناقابل برداشت حالات میں اب رہ رہے ہیں اور یہ حالات جو ہیں یہ شدت اختیار کرتے چلے جا رہے ہیں۔جب اللہ تعالیٰ کی تقدیر چلے گی اور انشاء اللہ ضرور چلے گی تو ان کے نام و نشان مٹ جائیں گے۔نہ ظلم کرنے والے رہیں گے اور نہ ظلم کی پشت پناہی کرنے والے رہیں گے۔پس ہمیں دعائیں کرنی چاہئیں، بہت دعائیں کرنی چاہئیں۔اللہ تعالیٰ عوام الناس کو بھی علماء کے چنگل سے نکالے اور یہ حقیقت کو سمجھیں اور زمانے کے امام کو پہچاننے والے ہوں۔	20؍جون	25
06؍جون2014ء	فرینکفرٹ۔جرمنی	اطاعت کے مضمون کو سمجھنے کی سب سے زیادہ ضرورت ہر سطح کے عہدیداروں کو ہے۔اگر عہدیدار اس مضمون کو سمجھ جائیں تو افراد جماعت خود بخود اس کی طرف توجہ کریں گے۔اور ہر سطح پر اطاعت کے نمونے ہمیں نظر آئیں گے۔پس امیر بھی، صدر بھی اور دوسرے عہدیدار بھی پہلے اپنے جائزے لیں کہ	27؍جون	26

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کیا ان کی اطاعت کے معیار ایسے ہیں کہ ہر حکم جو خلیفہ وقت کی طرف سے آتا ہے اس کی بلا چون و چرا تعمیل کرتے ہیں یا اس میں تاویلیں نکالنے کی کوشش میں لگ جاتے ہیں۔ اگر تاویلیں نکالتے ہیں تو یہ اطاعت نہیں۔ بعض عہدیدار خلیفۂ وقت سے جو کوئی ہدایت آتی ہے تو اس پر عمل بھی کر لیتے ہیں لیکن بڑے انقباض سے، نہ چاہتے ہوئے یہ عمل کرتے ہیں۔ اور نہ چاہتے ہوئے عمل کرنا کوئی اطاعت نہیں ہے۔ اطاعت وہی ہے جو فوری طور پر کی جائے۔ امامت اور خلافت اور ڈکٹیٹر شپ میں بڑا فرق ہے۔ خلافت زمانے کے امام کو ماننے کے بعد قائم ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق قائم ہوئی ہے اور ہر ماننے والا یہ عہد کرتا ہے کہ ہم خلافت کے نظام کو جاری رکھیں گے۔ دین میں کوئی جبر نہیں ہے۔ جب اپنی خوشی سے دین کو مان لیا تو پھر دین کے قیام کے لئے اس عہد کو نبھانا بھی ضروری ہے جو خلافت کے قیام کے لئے ایک احمدی کرتا ہے اور جو قومی یکجہتی کے لئے، وحدت کے لئے ضروری ہے۔ خلافت کی اطاعت کے عہد کو اس لئے نبھانا ہے کہ ایک امام کی سرکردگی میں خدا تعالیٰ کی حکومت کو دنیا کے دلوں میں بٹھانے کی مشترکہ کوشش کرنی ہے۔ خلافت کا مقصد حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف بھرپور توجہ دینا ہے۔ ان حقوق کو منوانا اور قائم کرنا اور مشترکہ کوشش سے ان کی ادائیگی کی کوشش کرنا ہے۔ دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کے لئے افراد جماعت میں یہ روح پیدا کرنا ہے۔ ان کو توجہ دلانا ہے کہ دین بہرحال دنیا سے مقدم رہنا چاہئے اور اسی میں تمہاری بقا ہے۔ اس میں تمہاری نسلوں کی بقا ہے۔ خلیفۂ وقت کا تو دنیا میں پھیلے ہوئے ہر قوم اور ہر نسل کے احمدی سے ذاتی تعلق ہے یہ خلافت ہی ہے جو دنیا میں بسنے والے ہر احمدی کی تکلیف پر توجہ دیتی ہے۔ ان کے لئے خلیفۂ وقت دعا کرتا ہے۔ جماعت احمدیہ کے افراد ہی وہ خوش قسمت ہیں جن کی فکر خلیفۂ وقت کو رہتی ہے۔ کوئی مسئلہ بھی دنیا میں پھیلے ہوئے احمدیوں کا چاہے وہ ذاتی ہو یا جماعتی ایسا نہیں جس پر خلیفۂ وقت کی نظر نہ ہو اور اس کے حل کے لئے وہ عملی کوشش کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتا نہ ہو، اس سے دعائیں نہ مانگتا ہو۔ دنیا کا کوئی ملک نہیں جہاں رات سونے سے پہلے چشم تصور میں مَیں نہ پہنچتا ہوں اور ان کے لئے سوتے وقت بھی اور جاگتے وقت بھی دعا نہ ہو۔ یہ مَیں باتیں اس لئے نہیں بتا رہا کہ کوئی احسان ہے۔ یہ میرا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ اس سے بڑھ کر مَیں فرض ادا کرنے والا بنوں۔ جماعت جب بڑھتی ہے تو منافقین بھی اپنا کام کرنا چاہتے ہیں۔ حاسدین بھی اپنا کام کرتے ہیں۔ خلافت سے سچی وفا یہ ہے کہ ان کے منصوبوں کو ہر سطح پر ناکام بنائیں۔ دوسرے مسلمان بیشک قرآن وسنت کو ماننے اور عمل کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن ہمیں ان میں صبر اور برداشت نظر نہیں آتی۔ آج صرف حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کا ہی طُرّہ امتیاز ہے کہ صبر اور برداشت کے ایسے نمونے قائم کر رہے ہیں جو قابل رشک ہیں۔ کیا ہی خوش قسمت ہیں وہ جو کامل اطاعت کے ساتھ امام وقت کی باتوں کو سنتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں اور یہی باتیں ہیں جو پھر خلافت کے انعام سے بھی فیض پانے والا بناتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں خلافت کے فیض سے فیض پانے والے وہی بتائے ہیں جو عمل صالح کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، توحید کو قائم رکھنے والے ہیں۔ اور یہی وہ لوگ ہیں جو تقویٰ پر چلنے والے کہلاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والوں اور تقویٰ پر چلنے والوں کا مقصد دنیاوی ہار جیت نہیں ہے بلکہ کامل اطاعت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا اور تقویٰ میں بڑھنا ہوتا ہے۔ ہمارا مقصد خدا تعالیٰ کی حکومت دنیا میں قائم کرنا ہے۔ کوئی ذاتی نفع رسانی نہیں ہے۔ توحید کا جھنڈا لہرانا ہے۔ ہم نے دنیا کے دل جیت کر دنیا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے لانا ہے۔ اسی مقصد کے لئے ہمارے تبلیغی پروگرام ہیں اور دوسرے پروگرام ہیں۔ اس کے حصول کے لئے ہماری دعاؤں کی طرف توجہ ہے اور ہونی چاہئے۔ اس روح کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ خلافت ہے کیا؟ اور یہ بات اسی وقت سمجھ آئے گی جب کامل اطاعت پر یقین پیدا ہوگا۔ کوئی جتنا جتنا بھی اپنے آپ کو عالم مدبّر یا مقرر سمجھتا ہے، اگر اطاعت نہیں ہے تو نہ ہی جماعت احمدیہ میں اس کی کوئی		

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		جگہ ہے، نہ ہی اس کا یہ علم اور عقل دنیا کو کوئی روحانی فائدہ پہنچا سکتی ہے۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس فقرے کو ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ انسان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اتباع امام کو اپنا شعار بناوے۔پس جب مکمل طور پر خلیفہ وقت کی پیروی اور اطاعت اختیار کر لیں گے، خلیفہ وقت کی طرف سے ملنے والی ہدایات اور حکموں پر عمل کریں گے اور ان کی توجیہیں اور تاویلات نکالنی بند کر دیں گے تو علم بھی اور عقل بھی اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرتے ہوئے ثمر آور ہوگی اور پھل پھول لائے گی۔ عہدیداران اپنے آپ کو اولی الامر سمجھ کر اپنی اطاعت کروانے کے اس وقت تک حقدار نہیں کہلا سکتے جب تک خلافت کی کامل اطاعت اپنے اوپر لاگو نہیں کرتے اور تاویلیں کرنے سے پرہیز نہیں کرتے۔ ہم دنیا میں تبلیغ کا کام کر رہے ہیں۔جرمنی کیا اور یورپ کیا ہمیں تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام دنیا کو فتح کرنا ہے۔لیکن تلوار سے نہیں بلکہ دل جیت کر۔اسلام کی خوبصورت تعلیم سے دلوں کو گھائل کر کے۔		
13رجون2014ء	کالسروئے۔جرمنی	جلسے کئی آدم پیدا کرتے ہیں۔خدا تعالیٰ لوگوں کی حالتوں میں تبدیلی پیدا کر کے نئی زمینیں اور نئے آسمان بنا رہا ہے۔غیرت دکھانی ہے تو دین کی غیرت ہونی چاہئے اور اللہ تعالیٰ کے حکموں کے خلاف کوئی چلانے کی کوشش کرے تو وہاں غیرت دکھانی چاہئے۔آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جلسے کے موقع عطا فرمائے ہوئے ہیں۔**پاکستان کے احمدیوں کو اگر جلد ان مشکلات سے نکلنا ہے تو پہلے سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنا چاہئے۔** اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری یہ ہے کہ جلسے کے پروگراموں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ **ان جلسوں کا مقصد بھی عملی اصلاح ہے۔** دل کا سجدہ یہ ہے کہ اپنے وجود سے دست بردار ہو جاؤ۔خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دو۔ اگر کوئی بد بخت ایمان ضائع کرنے والا ہوتا ہے تو سینکڑوں خوش قسمت ایمان لانے والے بھی ہوتے ہیں۔ایک زمانہ تھا کہ جب شہروں کے مقابلے ہوتے تھے۔ اب تو ملکوں کے مقابلے ہوتے ہیں۔مہمانوں کی خدمت کرنے والوں کو آج بھی اللہ تعالیٰ کے وَسِّعْ مَکَانَکَ کے حکم کو پورا کرنے کے لئے اپنے دلوں کو مہمانوں کے لئے وسیع کرنا ہوگا۔سکیورٹی کے مسائل اب ہر جگہ ہیں اس لئے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔مہمان نوازی کے پیش نظر حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الہام "وَسِّعْ مَکَانَکَ" اور اس کے لطیف معانی کا تذکرہ	04رجولائی	27
20رجون2014ء	مسجد بیت الفتوح	6رجون کے خطبہ میں مَیں نے خلافت کی اطاعت اور خلافت سے وفا کے موضوع پر صرف جرمنی کے لئے ہی نہیں بلکہ تمام دنیا کے لئے خطبہ دیا تھا۔ مجھے خوشی ہے کہ دنیا بھر کے احمدیوں نے ردّعمل دکھایا اور فوری طور پر خلافت کی کامل اطاعت اور مکمل وفا کا اظہار کیا۔یہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قائم کردہ جماعت کی خوبصورتی ہے کہ جب توجہ دلاؤ تو فوری توجہ ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سب احمدیوں کو اس اطاعت و وفا میں بڑھاتا رہے۔جلسہ سالانہ جرمنی اور جرمنی میں مختلف مساجد کے سنگ بنیاد اور افتتاح کے مواقع پر غیر مسلموں اور دیگر مہمانوں کے تأثرات کا روح پرور تذکرہ۔مختلف ممالک سے آنے والے افراد سے ملاقاتوں کے دوران مہمانوں کی طرف سے جماعت احمدیہ کے بارہ میں نیک تأثرات کا اظہار۔جرمنی جلسہ کے تیسرے روز بیعت کی تقریب میں 19 قوموں کے 83 افراد بیعت کر کے جماعت احمدیہ میں شامل ہوئے۔نومبائعین کے ایمان افروز واقعات کا بیان۔پریس اور میڈیا میں مساجد کے افتتاح کی اور جلسہ سالانہ کی وسیع پیمانے پر کوریج۔اخبارات کے علاوہ ٹی وی اور ریڈیو سٹیشنز پر جماعتی خبروں کی تشہیر۔ایک اندازے کے مطابق الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعہ 37 ملین افراد تک پیغام پہنچا۔یہ باتیں اللہ تعالیٰ کی خاص تائید کا اظہار کرتی ہیں۔ہمیں اپنی کمی اور خامیوں کی طرف بھی نظر رکھنی چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ کس طرح ہم اپنی حالتوں اور اپنے کاموں کو بہتر کر سکتے ہیں۔خاص طور پر عہدیداران اور ان میں سے بھی نیشنل عاملہ کے عہدیداران اور مرکزی کارکنان کو خاص طور پر اس جائزے کی ضرورت ہے۔آج دنیا کی رہنمائی کی باگ ڈور اللہ تعالیٰ نے	11رجولائی	28

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کو دی ہے۔ پس اس کو سمجھیں اور اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی کوشش کریں۔ اپنے تعلق کو اللہ تعالیٰ سے مضبوط کریں۔ نیشنل عہدیداروں کو اپنے خولوں سے باہر آنے کی ضرورت ہے۔ وہ باہر نکلیں اور اپنے آپ کو افسر نہ سمجھیں بلکہ خادم سمجھ کر جماعت کی خدمت کریں۔ جو بھی کامیابیاں جماعت کو مل رہی ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے موصوف و منسوب کریں۔ عاجزی اور انکساری اور اللہ تعالیٰ کی شکرگزاری میں بڑھنے کی کوشش کریں۔ اللہ کرے کہ سب عہدیداروں میں یہ روح پیدا ہو جائے اور ہم اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو پہلے سے بڑھ کر جذب کرنے والے ہوں۔		
27/جون2014ء	مسجد بیت الفتوح	**ایک مخلص اور فدائی خادم سلسلہ مکرم عبدالوہاب بن آدم صاحب (مرحوم) امیر و مشنری انچارج گھانا کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب۔** یہ ہمارے پیارے بزرگ بھائی اور خلافت کے جان نثار سپاہی، خلیفۂ وقت کے اشارے پر چلنے والے، ہر فیصلہ جو خلیفہ وقت کی طرف سے آئے اسے شرح صدر سے قبول کرنے والے، خلیفۂ وقت کے چھوٹے چھوٹے حکم بلکہ خواہش کی تکمیل کے لئے بھی بے چین رہنے والے تھے۔ اس خادمِ سلسلہ کا خدمت سلسلہ کا عرصہ نصف صدی سے زائد پر پھیلا ہوا ہے۔	18/جولائی	29
04/جولائی2014ء	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ روزے اور یہ رمضان کا مہینہ اس لئے ہے کہ تم تقویٰ اختیار کرو۔ اگر روزے کے ساتھ بظاہر عبادتوں کی طرف توجہ دے رہے ہو لیکن اپنی اَناؤں اور جھوٹی عزتوں کے جال میں پھنسے ہوئے ہو تو روزے کوئی فائدہ نہیں دیں گے۔ آج پاکستان میں یا بعض دوسرے ممالک میں احمدیوں پر سختیاں وارد کی جاتی ہیں اور کہا جاتا ہے کہ ہمارے پیچھے چلو ہم تمہاری تمام سختیاں اور مشکلات دور کر دیں گے۔ لیکن ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ یہ سب لوگ دھوکہ دینے والے ہیں۔ جس کو بظاہر آجکل یہ اپنی کامیابیاں سمجھ رہے ہیں ان کی ناکامیاں بننے والی ہیں۔ جن دنیاوی سہاروں پر بھروسہ کر کے یہ لوگ ظلم کا بازار گرم کر رہے ہیں یہی سہارے دیمک زدہ لکڑیوں کی طرح ٹوٹ کر خاک میں ملنے والے ہیں۔ خلافت تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں کے مطابق مسیح موعود کے ذریعہ سے جاری ہونی تھی جو اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت سے ہوگئی۔ اس کے علاوہ خلافت کا ہر نعرہ دین کے نام پر دنیاوی فوائد حاصل کرنے اور حکومتوں پر قبضہ کرنے کے طریق ہیں۔ آج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف مخالفین اسلام کی بیہودہ گوئیوں کا جواب اگر کوئی دینے والا ہے تو وہ جماعت احمدیہ ہی ہے۔ آج ایک احمدی کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حقیقی عشق اور آپ کی شان اور عظمت کی بلندی کا اظہار یہ ہے کہ بے انتہا درود پڑھیں۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْم۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّد۔ دنیا کا ہر احمدی آج کی فضا اور اس رمضان کو درود سے بھر دے کہ جہاں دشمنوں کے آپؐ کی شان پر حملے کا جواب یہی ہے اور اس سے بہتر اور کوئی جواب نہیں وہاں یہ اللہ تعالیٰ کا تقویٰ پیدا کرنے والی چیز بھی ہے۔ ہمیں صرف اس بات پر ہی تسلّی نہیں پکڑ لینی چاہئے کہ ہم نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو مان لیا اور خلافت کا نظام ہم میں موجود ہے اور ہم ایک نظام کے تحت چل رہے ہیں۔ روزوں کے ساتھ تقویٰ کے معیاروں کو بلند کرنے کی طرف توجہ دلا کر اللہ تعالیٰ نے ہر فرد کی ذمہ داری لگا دی ہے کہ جماعت کی برکات سے، خلافت کی برکات سے حصہ لینے کے لئے، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آنے کا صحیح فائدہ اٹھانے کے لئے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے ہونے کا صحیح فیض پانے کے لئے، اللہ تعالیٰ کا حقیقی عبد بننے کے لئے تقویٰ شرط ہے اور یہ رمضان کا مہینہ اس تقویٰ میں ترقی کا ایک ذریعہ ہے۔ ایک احمدی کو اس طرف بھی نظر رکھنی چاہئے کہ رمضان میں اپنے تقویٰ کو اس معیار پر لانے کی کوشش کریں جہاں دنیاوی لذات اور خواہشات اس حد تک ہوں جہاں تک خدا تعالیٰ نے اس کی اجازت دی ہے اور مال و دولت کا حصول ہو تو وہ بھی تقویٰ کو سامنے رکھتے ہوئے ہو۔ اور پھر ایسے مالدار متقی اپنی دولت بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے خرچ کرتے ہیں۔	25/جولائی	30

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اس رمضان میں دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کی دعا بھی کریں اور اُمّت مسلمہ کے لئے بھی رحم مانگیں کہ اللہ تعالیٰ اپنا رحم کرتے ہوئے ان کو عقل دے۔ جہاں جہاں احمدیوں پر ظلم ہو رہے ہیں ان ظلموں سے بچنے کے لئے بھی دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ احمدیوں کو ان ظلموں سے بچائے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس رمضان میں ہمیں حقیقی تقویٰ عطا کرے تاکہ ہم اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والے ہوں اور اس کی مدد اور فضل سے مخالفین دین اور دشمنانِ اسلام کو خائب و خاسر ہوتا دیکھنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ رمضان میں ہمارے اندر ایک حقیقی انقلاب پیدا کردے۔		
11/جولائی2014ء	مسجد بیت الفتوح	قرآن کریم کی اہمیت، اس کے مقام، اس کی تلاوت، اس پر تدبّر، اس پر عمل کرنے کی ضرورت اور اس کے انسانی زندگی پر اثرات سے متعلق حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے پُر معارف بیان اور احباب جماعت کو ان امور کی طرف توجہ دینے کی تاکیدی نصائح۔مکرم کلیم احمد وسیم صاحب آف لندن اور مکرم الحاج عاصم زکی بشیر الدین صاحب آف امریکہ کی وفات پر ان کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ۔	01/اگست	31
18/جولائی2014ء	مسجد بیت الفتوح	مایوسیاں ہی گناہوں کے کرنے اور زندگی کی ناکامیوں کی بسا اوقات وجہ بنتی ہیں۔لیکن جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کے نیچے آجائے، مایوسیاں اور ناکامیاں اس سے دُور بھاگتی ہیں۔قرآن مجید اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے حوالہ سے اللہ تعالیٰ کی وسیع اور بے انتہا مغفرت اور رحمت کا تذکرہ۔ بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت وسیع تر ہے۔ بیشک رمضان میں نیکیوں کے کئی گنا ثواب ہیں۔ بیشک رمضان رحمت اور مغفرت کے حصول اور جہنم سے دُوری کا ذریعہ ہے لیکن ان باتوں سے مستقل فائدہ وہی اٹھانے والے ہوتے ہیں جو ایک لگن کے ساتھ اس کے حصول کی کوشش کریں۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے گناہوں سے سچی توبہ کے لئے لازمی شرائط کا تذکرہ۔ اللہ تعالیٰ کی بخشش سے حقیقی فیض اگر اٹھانا ہے، اُس کے انعاموں کا وارث بننا ہے، اپنی دعاؤں کی قبولیت کو دیکھنا ہے تو پھر اپنی حالتوں کی طرف توجہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔مکرم محمد امتیاز احمد صاحب ابن مکرم مشتاق احمد صاحب طاہر آف نوابشاہ کی شہادت۔مکرم نصیر احمد انجم صاحب استاد جامعہ احمدیہ ربوہ اور مکرم صاحبزادہ مرزا انور احمد صاحب کی وفات۔مرحومین کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب۔	08/اگست	32
25/جولائی2014ء	مسجد بیت الفتوح	رمضان کا آخری عشرہ بھی بڑی تیزی سے گزر رہا ہے۔اس عشرے میں دو چیزوں کی طرف مسلمان زیادہ توجہ رکھتے ہیں یا انہیں بہت اہمیت دیتے ہیں ان میں سے ایک تو لیلۃ القدر ہے اور دوسری چیز جمعۃ الوداع۔ان میں سے ایک یعنی لیلۃ القدر تو ایک حقیقی اہمیت رکھنے والی چیز ہے لیکن جمعۃ الوداع کو تو خود ہی مسلمانوں نے یا علماء کی اپنی خود ساختہ تشریح نے غلط رنگ دے دیا ہے۔ **وہ گھڑی جس کی مناسبت سے اسے لیلۃ القدر کہا جاتا ہے وہ قومی اتفاق واتحاد سے تعلق رکھتی ہے اور جس قوم میں سے اتحاد و اتفاق مٹ جائے اس سے لیلۃ القدر بھی اٹھا لی جاتی ہے۔** جنگ بدر میں کفّار بھی مارے گئے اور مسلمان بھی لیکن کفّار کا مارے جانا لیلۃ القدر نہیں تھا ان کی قربانیاں لیلۃ القدر نہیں تھیں لیکن مسلمانوں کا شہید ہونا لیلۃ القدر تھا کیونکہ خدا تعالیٰ نے ان قربانیوں کو مقبول قرار دیا۔آج بڑے افسوس سے ہمیں یہ بھی کہنا پڑتا ہے کہ بہت سے مسلمان ممالک کی بدقسمتی ہے کہ ان میں اتفاق واتحاد نہیں رہا۔نہ صرف اتفاق واتحاد نہیں رہا بلکہ ظلم بھی ہو رہا ہے اور پھر ظلم پر زور بھی دیا جا رہا ہے۔ پس اس اتفاق واتحاد کی کمی کا نتیجہ ہے کہ غیروں کو بھی جرأت ہے کہ مسلمانوں کے خلاف جو چاہیں کریں۔اور یہی وجہ ہے کہ اسرائیل بھی ظالمانہ طور پر اس وقت معصوم فلسطینیوں کو قتل کرتا چلا جا رہا ہے۔اسرائیل کے مقابل پر فلسطینیوں کی کوئی طاقت نہیں۔اگر یہ کہا جاتا ہے کہ حماس والے بھی ظلم کر رہے ہیں تو مسلمان ملکوں کو ان کو بھی روکنا چاہئے۔لیکن ان دونوں کے ظلموں کی نسبت ایسی ہی ہے جیسے ایک شخص اپنے ڈنڈے سے ظلم کر رہا ہے اور دوسری طرف ایک فوج توپیں چلا کر ظلم کر رہی ہے اسی طرح مغربی طاقتیں بھی اپنا کردار ادا نہیں کر رہیں۔	15/اگست	33

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		چاہئے تو یہ تھا کہ دونوں طرفوں کو سختی سے روکا جاتا۔ بہرحال ہم تو دعا ہی کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مظلوموں اور معصوموں کو ان ظلموں سے بچائے اور امن قائم ہو۔ لیلۃ القدر اس قربانی کی ساعت کا نام ہے جو خدا تعالیٰ کے ہاں مقبول ہو اور جو خدا تعالیٰ کے ہاں مقبول ہو جائے اس سے بڑھ کر اور کوئی نفع کا سودا نہیں ہے۔ پس مقبول قربانیوں کی کوشش کرنی چاہئے۔ لیلۃ القدر کی مزید برکات سمیٹنے کے لئے ہم میں سے ہر ایک کو یہ عہد کرنا چاہئے کہ ہمارا آپس کا اتفاق و اتحاد پہلے سے بڑھ کر ہوگا اور اگر اس میں کہیں رخنے پیدا ہو رہے ہیں، دراڑیں پیدا ہو رہی ہیں تو ہم فوری طور پر انہیں بھریں گے۔ رُحَمَآءُ بَیۡنَهُمۡ کی مثال بن کر لیلۃ القدر کا حقیقی فیض پائیں گے۔ اس رمضان میں ہمیں یہ بھی کوشش کرنی چاہئے کہ آپس کی انفرادی رنجشیں بھی ختم کریں تاکہ انفرادی طور پر لیلۃ القدر سے فیض پاسکیں اور لیلۃ القدر کے جو پھل، جو کامیابیاں، جو ترقیاں، جو انعامات جماعتی طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقدر ہیں ان سے بھی ہم حصہ لے سکیں۔ یہ دو کام ہیں جو ہمارے ذمہ ہیں کہ اپنی عبادتوں کے معیاروں کو بھی اونچا کریں اور اپنے اختلافات اور جھگڑوں کو مٹا کر ایک دوسرے کے حق ادا کرنے کی طرف بھی توجہ کریں۔ بہت سے غیر احمدیوں کا تو یہ خیال ہے کہ رمضان کے آخری جمعہ میں شامل ہو جائیں تو جان بوجھ کر چھوڑی ہوئی نمازیں یا جو بھی نمازیں ہیں ان کی بھی معافی مل جاتی ہے۔ اس نیت سے جمعہ پڑھنے والوں کو نہ جمعۃ الوداع کوئی فائدہ دیتا ہے نہ رمضان کوئی فائدہ دیتا ہے نہ لیلۃ القدر کا آنا ان کے لئے کوئی فائدہ ہے۔ رمضان بھی ایک عبادت ہے اور عبادت گزر انہیں کرتی۔ وہ ہمیشہ ایک حقیقی مومن کے دل میں رہتی ہے۔ پس ہمیں حقیقی مومن کی طرح رمضان کو اپنے دل میں بسانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ نیک اعمال کو اپنے دل میں سمیٹیں۔ اس رمضان میں جو نیکیاں کی ہیں وہ ہمارے اندر ہمیشہ قائم رہیں۔ مومنین کا فرض ہے کہ ان دنوں میں جو قرآن کریم کو پڑھنے اور سیکھنے کی طرف توجہ رہی ہے اسے سارا سال اپنی زندگیوں کا حصہ بناتے رہیں۔ سارا سال قرآن پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔ سارا سال اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔ قرآن کریم کے نزول کا حقیقی مقصد تبھی پورا ہوگا جب ہم اس کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں گے۔ مکرم نعیم اللہ خان صاحب آف قرغزستان کی وفات۔ مرحوم کا ذکرِ خیر اور نمازِ جنازہ غائب۔		
01/اگست 2014ء	مسجد بیت الفتوح	سورۃ البروج کی جو آیات مَیں نے تلاوت کی ہیں یہ بعینہٖ اس واقعہ کا نقشہ کھینچ رہی ہیں جو گوجرانوالہ میں احمدیوں کے ساتھ ہوا۔ یہ احمدیت اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کی ایک ایسی دلیل ہے کہ اگر انصاف پسند مسلمان سورۃ البروج پر غور کریں تو احمدیوں پر ہونے والے ظلم اور خاص طور پر ایسے ظلموں کے بارے میں اپنے علماء، اپنے لیڈروں، اپنے سیاستدانوں، اپنی حکومتوں کے رویوں اور احمدیت کی مخالفت میں جو عمل یہ لوگ دکھاتے ہیں اور کرتے ہیں ان کی حقیقت کھل جائے اور وہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر یقین کر لیں اور اس ظلم کا حصہ نہ بنیں جو ظالم لوگ یا ان کے چیلے احمدیوں پر کرتے ہیں۔ قُتِلَ اَصۡحٰبُ الۡاُخۡدُوۡدِ۔ یہ ایک پیشگوئی ہے جو جماعت احمدیہ کے حق میں پوری ہو بھی رہی ہے اور پوری ہوتی بھی رہے گی۔ یہ لوگ ہلاک ہوتے رہیں گے۔ پس یہ پیشگوئی بھی ان ظلموں کے ساتھ بار بار پوری ہوتی رہے گی اور پھر یہ نہیں کہ باز آ جائیں بلکہ بار بار اپنے ظلموں کا اعادہ بھی کرتے رہیں گے۔ لیکن احمدیت کا درخت جو خدا تعالیٰ کے ہاتھ کا لگایا ہوا پودا ہے یہ بڑھتا ہی چلا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ گوجرانوالہ کے رہنے والوں نے 1974ء کے فسادوں میں بھی بہت قربانیاں کی تھیں اور اس کی ایک مثال قائم کی تھی۔ اور آج بھی انہوں نے قربانیوں کی ایک نئی مثال قائم کر دی۔ جس میں آٹھ ماہ کی بچی چھ سال کی بچی اور ایک عورت نے اپنی جانوں کے نذرانے دے کر قربانی کی ایک مثال قائم کی بلکہ ایک وجود جو ابھی اس دنیا میں نہیں آیا تھا جس نے ڈیڑھ دو ماہ بعد اس دنیا کو دیکھنا تھا وہ بھی ان ظالموں کی وجہ سے دنیا میں آنے سے محروم ہوا اور قربانی دے کے گیا۔ رمضان	22/اگست	34

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کے مقدس مہینہ میں عید الفطر سے چند دن قبل شر پسند معاندین احمدیت کی طرف سے گوجرانوالہ (پاکستان) میں معصوم احمدیوں کے گھروں اور دکانوں پر حملے، لوٹ مار اور آگ لگانے کی بہیمانہ کارروائیوں کے نتیجہ میں مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم منیر احمد صاحب مرحوم اور عزیزہ حراء تبسم عمر 6 سال اور عزیزہ کائنات تبسم عمر 8 ماہ (جو مکرم محمد بوٹا صاحب کی بچیاں تھیں) کی شہادت کے دردناک واقعات کا دلگداز تذکرہ اور ان کی نماز جنازہ غائب اور متعدد زخمی احباب کے لئے دعا کی تحریک		
08/اگست 2014ء	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بار بار اپنی جماعت کے افراد کو یہی تلقین فرمائی ہے کہ دعاؤں کی طرف بہت توجہ دو کیونکہ جماعتی ترقی، جماعت کا غلبہ اور دشمنوں کے مکروں اور ان کی کارروائیوں سے نجات دعاؤں سے ہی ملنی ہے۔ **پس یار نہاں میں ڈوبنے کی ضرورت ہے۔ اپنے اندر وہ کیفیت پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو عرش کے پائے ہلا دینے والی ہو۔ وہ دعائیں کرنے کی ضرورت ہے جن کا رخ ایک طرف ہو۔ متفرق دعائیں نہ ہوں۔** پاکستان کے احمدیوں کو چاہے وہ امیر ہیں، غریب ہیں، مرد ہیں، عورتیں ہیں ان کو خاص طور پر اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ احمدیت کے حوالے سے اس وقت سب سے زیادہ ظلم پاکستان میں ہی ہو رہا ہے۔ اور دنیا کے احمدیوں کو بھی عموماً اس طرف توجہ کی ضرورت ہے۔ کیونکہ احمدیت کی فتح سے ہی دنیا کی بقا وابستہ ہے۔ مسلم اُمّہ کا اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو حاصل کرنا احمدیت کی فتح سے ہی وابستہ ہے۔ ظلم و تعدی کا خاتمہ اسی سے وابستہ ہے۔ پس چاہے وہ فلسطینیوں کو ظلم سے آزاد کروانا ہے یا مسلمانوں کو ان کے اپنے ظالم حکمرانوں سے آزاد کروانا ہے اس کی ضمانت صرف احمدیوں کی دعائیں ہی بن سکتی ہیں۔ ان دعاؤں کا حق ادا کرنے کی ہمیں ضرورت ہے۔ اس وقت ظلم کی چکی میں سب سے زیادہ احمدی پس رہے ہیں۔ اس لئے ہماری دعائیں ہی مضطر کی دعاؤں کا رنگ اختیار کر کے نہ صرف اپنی آزادی بلکہ انسانیت کے لئے بھی ظلموں سے نجات کا ذریعہ بن سکتی ہیں۔ پس ہمیں اپنی ذمہ داریاں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ جو بھی ایسے کاموں میں ملوّث ہوگا جو اللہ تعالیٰ کے حکموں کے خلاف ہے جو ظلموں پر منتج ہوتے ہیں وہ اپنے بدانجام کو پہنچے گا۔ لیکن ہمارا کام ہے کہ ان ظلموں سے جلدی چھٹکارا پانے کے لئے ہم مضطر کی حالت اپنے اندر پیدا کریں۔ اللہ تعالیٰ کی مدد کو بے چین ہو کر پکاریں۔ پھر دیکھیں اللہ تعالیٰ کس طرح مدد کو آتا ہے۔ چاہئے کہ ہم میں سے ہر ایک اپنی حالتوں کے ہر وقت جائزے لیتا رہے کہ کبھی ہم اپنے مسائل میں اس قدر نہ الجھ جائیں کہ ان لوگوں کے لئے دعاؤں کا احساس نہ رہے جو جماعت کے افراد ہونے کی وجہ سے مشکلات میں گرفتار ہیں۔ جب ہم ایک جماعت میں پروئے جانے کا دعویٰ کرتے ہیں تو اپنی دعاؤں کو خدا تعالیٰ سے اجتماعی تکالیف اور ابتلا کے دور کرنے کے لئے مانگنے کی ضرورت ہے۔ جماعتی دعاؤں میں بھی وہ اضطراب اور اضطرار پیدا کریں جو اپنی ذاتی پریشانیوں کو دور کرنے کے لئے ایک انسان میں پیدا ہوتا ہے۔ جب تک ہم خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے آگے ان اجتماعی تکلیفوں کے دور کرنے کے لئے نہیں جھکیں گے ہم اپنے مقصد کو جلد حاصل نہیں کر سکیں گے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آ کر ہماری مشترکہ دعائیں ہی ہماری انفرادی تکالیف کو بھی دور کر سکتی ہیں۔	29/اگست 05/ستمبر	35 36
15/اگست 2014ء	مسجد بیت الفتوح	خدا کی محبت ہی وہ مقام ہے جس سے روحانی حیات ملتی ہے۔ حقیقی روحانی زندگی کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز پر لبیک کہنا ضروری ہے۔ دنیا کو روحانی زندگی بخشنے کے لئے اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اتباع اور پیروی میں بھیجا ہے۔ آپ کا یہ دعویٰ کہ میں دنیا کو زندگی دینے آیا ہوں بڑی شان سے پورا ہوا اور ہو رہا ہے۔ لوگوں کو روحانی زندگی اب آپ کے ذریعہ سے ہی مل رہی ہے اور مل سکتی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ بھی اللہ تعالیٰ کا یہی وعدہ ہے کہ آپ غالب آئیں گے۔ آپ کے ماننے والے ترقی کرتے چلے	29/اگست 05/ستمبر	35 36

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	تاریخ
35 36	29/اگست 05/ستمبر	جائیں گے انشاء اللہ۔خلافت کا نظام آپ کے بعد آپ کے کام کو جاری رکھنے کے لئے چلتا چلا جائے گا۔کوئی اور نظام اگر اس کے مقابل پر اٹھے گا تو ناکام و نامراد ہوگا۔خلافت وہ انعام ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتا ہے۔چھین کر نہیں لیا جاتا۔ظلم کر کے نہیں حاصل کیا جاتا۔معصوموں کو زندہ درگور کر کے نہیں حاصل کیا جاتا۔ظالمانہ طریقے پر قتل کر کے اس نظام پر قبضہ نہیں کیا جاتا۔یہ تو زندگیاں دینے کا ذریعہ ہے نہ کہ زندگیاں لینے کا۔جو خدا تعالیٰ کی تائید اور مدد کے بغیر ممکن نہیں ہے۔دنیا کے مختلف ممالک میں ایسے لوگ ہیں جو احمدیت اور حقیقی اسلام کے پیغام کو سمجھ کر اپنی روحانی زندگی کا سامان کر رہے ہیں۔یہ کام سوائے اللہ تعالیٰ کی مدد کے ہو ہی نہیں سکتا۔دائمی روحانی زندگی کے لئے قربانیاں تو ساتھ ساتھ چلتی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ بعض دفعہ ہر قربانی کے لئے تیار رہنے والوں کو بغیر قربانی کے ہی اس قدر نواز دیتا ہے کہ انسان دنگ رہ جاتا ہے۔غلبہ انشاء اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت کا مقدر ہے اور بحیثیت فرد جماعت اس بات کو ہر ایک سمجھے کہ اس غلبے میں مَیں نے بھی حصہ ڈالنا ہے۔دنیا کی نجات میرے ذریعہ سے ہونی ہے اور اس کے لئے میں نے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔	مسجد بیت الفتوح	15/اگست 2014ء
37	12/ستمبر	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جلسے میں شامل ہونے کی طرف خاص توجہ دلائی ہے اور اس جلسے کو خالص دینی اغراض کا حامل ٹھہرایا ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کا حامل ٹھہرایا ہے تو اس سے کس قدر اس کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔آنے والے کسی ذاتی مفاد کے لئے نہیں آتے۔کسی دنیاوی رونق میں حصہ لینے کے لئے نہیں آتے۔اگر کوئی اس غرض کے لئے آتا ہے تو اپنے ثواب کو ضائع کرتا ہے۔پس یہاں آنے والے مہمان جن کی خدمت کے لئے مختلف شعبہ جات میں کام کرنے کے لئے مخلصین اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں یہ عام مہمان نہیں ہیں بلکہ زمانے کے امام کے قائم کردہ نظام پر لبیک کہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی خاطر جمع ہونے والے مہمان ہیں۔برطانیہ کے جلسے پر تو خاص طور پر بہت لوگ اس لئے آتے ہیں کہ جلسہ کے روحانی ماحول سے بھی فائدہ اٹھائیں گے۔علمی تربیتی اور دینی پروگراموں میں بھی شامل ہوں گے۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کے بھی وارث بنیں گے اور خلیفہ وقت سے ملاقات بھی ہو جائے گی۔پس یہاں آنے والے مہمان یا مہمانوں کا مقام ایک خاص مقام ہے اور ان کی اہمیت ہے۔اور اسی وجہ سے ان مہمانوں کی خدمت کرنے والوں کی بھی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔سب کام کرنے والے اپنے کاموں کے احسن رنگ میں انجام پانے کے لئے دعا کریں۔ہمارے سب کام کسی کی قابلیت اور کوشش سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور مدد کو حاصل کرنے کے لئے دعا بہت اہم ہے جسے ہمیں کبھی نہیں بھولنا چاہئے۔قرآن مجید، احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی سیرت کے واقعات اور ارشادات کی روشنی میں جلسہ سالانہ پر خدمت کرنے والے رضا کاروں اور میزبانوں کے لئے اہم ہدایات۔	مسجد بیت الفتوح	22/اگست 2014ء
38	19/ستمبر	جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمان ایک نیک مقصد لے کر آتے ہیں اور اس نیک مقصد کے ساتھ ہی آنا چاہئے اور وہ مقصد یہ ہے کہ دین کی حقیقت کا علم حاصل کریں۔دین سیکھیں۔روحانیت میں ترقی کرنے کی کوشش کریں۔نیک ماحول کے زیر اثر اپنی فطری نیکی کو پہلے سے بہتر کرنے کی کوشش کریں۔دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا جو ہم نے عہد کیا ہوا ہے اس عہد کو پورا کرنے کے اعلیٰ سے اعلیٰ راستوں کی نشاندہی کر کے، علم پا کر پھر ان پر چلنے کی کوشش کریں۔ حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف پہلے سے بڑھ کر توجہ پیدا کریں۔اپنی زبانوں کو ذکر الٰہی سے تر کرنے اور تر رکھنے کی کوشش کریں۔اگر پہلے سے اس پر عمل ہو رہا ہے تو پہلے سے بڑھ کر اس کے لئے کوشش کریں۔عبادتوں کی طرف توجہ دیں اور انہیں اس معیار پر لانے کی کوشش کریں جو معیار اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ہم سے چاہتے ہیں۔جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے ہر فرد کا یہ کام ہونا چاہئے کہ اپنے اس سفر کو اور یہاں آنے کے مقصد کو خالصۃً للّٰہی	حدیقۃ المہدی، آلٹن	29/اگست 2014ء

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		سفر اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کا مقصد بنائیں۔اگر یہ نہیں تو جلسہ سالانہ میں تکلیف اٹھا کر اور خرچ کر کے آنے والے اس جلسہ کی غرض وغایت کو پورا کرنے والے نہیں ہوں گے۔اگر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کا وارث بننا ہے، جلسے کی برکات سے فیض اٹھانا ہے تو تمام جھگڑوں کو ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ جلسے پر آنے والے ہر شخص کو یہ کوشش کرنی چاہئے کہ اس ماحول میں ایک دوسرے پر اس قدر سلامتی بکھیریں کہ پورا ماحول سلامتی بن جائے اور ہم اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور سلامتی کو حاصل کرنے والے بن جائیں۔جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے احباب کے لئے بعض نہایت اہم تربیتی وانتظامی ہدایات۔		
05رستمبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	جلسہ سالانہ یوکے کے دوران نازل ہونے والی برکات اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور اس کی تائیدات کا ایمان افروز تذکرہ۔جلسے کا ماحول اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایسا ماحول ہوتا ہے کہ ہر سعید فطرت پر یہ نیک اثر ڈالتا ہے۔مختلف ممالک سے آنے والے مہمانوں کے جلسہ اور اس کے انتظامات کے متعلق نیک تأثرات کا روح پرور بیان۔بعض انتظامی کمیوں کو دُور کرنے کے لئے اہم ہدایات	26رستمبر	39
12رستمبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	خوابوں اور رؤیا وکشوف اور دیگر مختلف ذرائع سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں کی اسلام احمدیت کی صداقت کی طرف رہنمائی کے حیرت انگیز اور نہایت ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔یہ واقعات مَیں اس لئے بیان کرتا ہوں کہ ہمارے ایمانوں میں مضبوطی پیدا ہو اور ہم بھی اپنے جائزے لیتے رہیں کہ کس حد تک ہمارے اندر بھی احمدیت کی جڑیں مضبوط ہوتی چلی جارہی ہیں۔کس طرح ہمیں بھی اپنی عبادتوں کی طرف توجہ دینی چاہئے۔کس طرح ہمیں بھی احمدیت قبول کرنے کے بعد خدا تعالیٰ سے رہنمائی حاصل کرنی چاہئے۔انہیں صرف ہمیں دلچسپ واقعات سمجھ کر نہیں سننا چاہئے بلکہ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جو ایمان میں اضافے کا باعث بنتی ہے اور بننی چاہئے۔اپنی حالتوں کے جائزے لینے والی ہونی چاہئے۔اللہ تعالیٰ کے جماعت کے ساتھ سلوک پر شکر گزاری کے جذبات کا اظہار کرنے والی ہونی چاہئے۔اپنی ذمہ داری کا احساس اور اس کی ادائیگی کی طرف توجہ دلانے والی ہونی چاہئے۔دنیا تک صداقت کا پیغام پہنچانا ان کی رہنمائی کرنا آج ہمارا کام ہے۔یہ ہمارا فرض ہے۔پس اس کام کی ادائیگی کی طرف جہاں ہمیں کوششوں کی ضرورت ہے وہاں اپنی عملی حالتوں کو اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریق کے مطابق ڈھالنے کی بھی ضرورت ہے تاکہ ہمارے عملی نمونے نئے آنے والوں کے ایمانوں کو مزید مضبوط کرتے چلے جائیں۔مکرمہ امۃ الحمید صاحبہ اہلیہ جمیل احمد گل صاحب آف جرمنی،عزیزہ سلینہ جمیلہ اور عزیزہ فاتح رعنا کی جلسہ سالانہ یوکے سے واپسی پر جرمنی میں گاڑی کے حادثہ میں وفات۔ مرحومین کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب۔	03راکتوبر	40
19رستمبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	نرے ایمان کے دعوے اور اظہار اور اس کی جڑ کی مضبوطی کا اعلان کسی کام کا نہیں جب تک اعمال صالحہ کی سرسبز شاخیں اور پھل خوبصورتی نہ دکھا رہی ہوں اور فیض نہ پہنچا رہی ہوں۔آج ان صحیح اعمال کی تصویر پیش کرنا ہر احمدی کا کام ہے جس نے زمانے کے امام اور نبی کو مانا ہے۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت ہی وہ خدا تعالیٰ کا لگایا ہوا درخت ہے جس کی جڑیں مضبوط ہیں اور شاخیں بھی سرسبز، خوبصورت اور پھلدار ہیں جو دنیا کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔ہم احمدی ہونے کا حق اس وقت ادا کر سکتے ہیں جب ہم اپنے اعمال صالحہ کی وجہ سے ہر طرف اعلیٰ اخلاق دکھانے کا مظاہرہ کرنے والے ہوں۔ جہاں اعمال صالحہ کے ساتھ ایک مومن دوسروں کے لئے نفع رساں وجود بنتا ہے وہاں وہ خود بھی اس کے میٹھے پھل کھا رہا ہوتا ہے۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات وتحریرات کے حوالہ سے اعمال صالحہ کی ضرورت واہمیت اور اس طرف خصوصی توجہ کرنے کی تاکیدی نصائح۔مکرم رشید احمد خان صاحب آف لندن کی وفات۔ان کا ذکر خیر اور نماز جنازہ حاضر	10راکتوبر	41

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
26رستمبر2014ء	مسجد مریم۔گالوے، آئرلینڈ	**گالوے (آئرلینڈ) میں جماعت احمدیہ مسلمہ کی پہلی مسجد 'مسجد مریم' کا افتتاح۔**الحمد للہ آج ہمیں آئرلینڈ میں جماعت احمدیہ مسلمہ کی پہلی مسجد میں اللہ تعالیٰ جمعہ پڑھنے کی توفیق عطا فرما رہا ہے۔اللہ تعالیٰ اس مسجد کی تعمیر،اس کا قیام ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ گو یہ چھوٹی سی مسجد ہے لیکن اس بات کا اعلان ہے کہ مسیح محمدی کے ماننے والے یہاں سے خدائے واحد کی وحدانیت کا پانچ وقت اعلان کریں گے اور اس میں حاضر ہو کر خدائے واحد کی پانچ وقت عبادت بجالائیں گے۔اس مسجد سے اس آواز کو بلند کریں گے کہ مساجد تو اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے حقوق کی ادائیگی کی جگہ ہے نہ کہ کسی فتنہ اور فساد کی آماجگاہ۔ یہ مساجد جو ہم تعمیر کرتے ہیں یہ اس بات کا اعلان ہیں کہ مذہبی آزادی کا سب سے بڑا علمبردار اسلام ہے اور اس کے اظہار کے لئے ہماری مسجدوں کے دروازے ہر ایک کے لئے کھلے ہیں۔ ہماری مساجد اور اس میں آنے والا ہر احمدی اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ قرآنی تعلیم کے مطابق ہر حقیقی مسلمان پر تمام مذاہب کی عبادتگاہوں کی حفاظت کی ذمہ داری ہے اور فرض ہے۔مساجد کا حق اس وقت ادا ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے حقوق صحیح رنگ میں ادا ہوں۔اور یہ تمام باتیں کرنے کا حکم ہمیں اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں دیا ہے اور ان تمام باتوں کے کرنے کے لئے ہمیں ہمارے آقا ومطاع حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار توجہ دلائی ہے اور اپنے عمل اور اسوہ حسنہ سے حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی ہے۔مسجد کے بعد تبلیغ اور احمدیت یعنی حقیقی اسلام کے تعارف کے نئے راستے کھلیں گے اور کھل بھی رہے ہیں۔پس مسجد بنانے کے بعد یہاں کے رہنے والوں کی ذمہ داری مزید بڑھ گئی ہے۔اس کے لئے ہر احمدی کو علمی لحاظ سے بھی تیاری کرنے کی ضرورت ہے تا کہ دینی اور علمی جوابات دے سکیں اور عملی حالتوں کو بھی اس معیار کے مطابق لانے کی ضرورت ہوگی جس پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہمیں دیکھنا چاہتے ہیں۔اگر یہاں کے لوگ حضرت مریم کی عزت کرتے ہیں اور صرف عزت ہی کرتے ہیں اور ان صفات کو اپنانے کی کوشش نہیں کرتے جو ان میں تھیں تو یہ ان کی کمزوری ہے۔ایک حقیقی مسلمان مرد اور عورت کو تو حضرت مریم کی طرح اللہ تعالیٰ کا حقیقی فرمانبردار ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حکموں پر چلنے کی کوشش کرنی چاہئے اور ان حکموں میں سے حیا اور پردہ بھی ایک حکم ہے	17راکتوبر	42
03راکتوبر2014ء	مسجد بیت الفتوح	میں نے دیکھا ہے کہ مخالف کے سامنے بھی جب احسن رنگ میں اچھے رنگ میں صحیح اسلامی تعلیم پیش کی جائے اور عملی نمونے سے اس کے اظہار کی کوشش بھی کی جائے تو ایک غیر معمولی اثر لوگوں پر پڑتا ہے۔آئرلینڈ کے دورہ کے دوران اور مسجد مریم کے افتتاح کی تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں کے اسلام احمدیت کے متعلق تأثرات اور آئرلینڈ کے ٹی وی، پریس، الیکٹرانک میڈیا میں دورہ کی وسیع پیمانے پر کوریج کا تذکرہ۔ہر لحاظ سے میڈیا نے، ریڈیو نے بھی ٹیلی ویژن نے بھی اخبار نے بھی کوریج دی اور پورے ملک میں یہ خبریں اچھی طرح پھیلیں اور جماعت کا اور اسلام کا تعارف ہوا۔ پس جہاں ہم مسجد بناتے ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسلام کی حقیقی تعلیم پھیلانے کے غیر معمولی سامان بھی پیدا ہوتے ہیں،اللہ تعالیٰ کی تائیدات ظاہر ہوتی ہیں اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ وہ میرے دوروں کو بھی غیر معمولی طور پر برکت بخشتا ہے۔یہ سب برکات وتائیدات اور تبلیغ اور تعارف کے جو نئے راستے ہیں اللہ تعالیٰ کے اس وعدے کے مطابق ہیں جو اس نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کیا ہے۔ہماری تو معمولی کوشش ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی بے پایاں عنایات ہوتی ہیں جن سے ہر احمدی ایمان وایقان میں مزید مضبوط ہوتا ہے اور ہونا چاہئے۔مکرمہ ڈاکٹر روبینہ کریم صاحبہ اہلیہ محترم ڈاکٹر عبد المنعم صاحب آف آئرلینڈ کی وفات۔مرحومہ کا ذکر خیر ونماز جنازہ حاضر مکرم ڈاکٹر مبشر احمد صاحب کھوسہ ابن مکرم محمد جلال صاحب آف سیٹلائٹ ٹاؤن میرپور خاص کی شہادت۔مکرمہ الحاجہ سسٹر نعیمہ لطیف صاحبہ اہلیہ مکرم الحاج جلال الدین لطیف صاحب آف زائن، یو ایس اے کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	24راکتوبر	43

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
10/اکتوبر2014ء	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ نے ایک مومن کو عابد بننے اور اعلیٰ اخلاق اپنانے کی طرف بہت توجہ دلائی ہے کیونکہ ان کے بغیر ایک ایمان کا دعویٰ کرنے والا مومن نہیں کہلا سکتا۔جس انسان میں عاجزی ہو وہ نہ صرف جھگڑوں اور فسادوں سے بچتا ہے، صُلح جوئی کی طرف رجحان رکھتا ہے بلکہ دوسرے اعلیٰ اخلاق بھی اس میں پائے جاتے ہیں۔خدام الاحمدیہ اور لجنہ کو خاص طور پر کوشش کرنی چاہئے کہ نوجوانوں میں نمازوں کی پابندی کی عادت ڈالیں۔اس عمر میں صحت ہوتی ہے اور عبادتوں کا حق ادا ہو سکتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے جب صحت دی ہے تو صحت کا شکرانہ بھی خدا تعالیٰ کا حق ادا کرنے کے لئے ضروری ہے اور یہ حق عبادت سے ادا ہوتا ہے۔صحت کی حالت کے شکرانے کے طور پر عبادتیں بجالانے کی ضرورت ہے، نمازوں کی ادائیگی کی ضرورت ہے۔ہمیں اپنے اخلاقی معیار بلند کرنے چاہئیں اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر اپنی اَناؤں کے جال میں نہیں پھنسنا چاہئے۔جو بندوں کے حق ادا نہیں کرتا ان اخلاق کے مطابق اپنا نمونہ نہیں دکھاتا جو خدا تعالیٰ نے ہمیں بتائے ہیں جن کا اپنانا ایک مومن کے لئے ضروری ہے تو پھر ایسے لوگ خدا تعالیٰ کا بھی حق ادا نہیں کرتے۔ان کی نمازیں اور عبادتیں بھی صرف دکھاوے کی ہیں کیونکہ ان عبادتوں نے ان کے اندر وہ تبدیلی پیدا نہیں کی جو ایک مومن کا خاصہ ہے۔مکرمہ آسیہ بیگم صاحبہ اہلیہ چوہدری محمد عبدالرحمٰن صاحب مرحوم (لندن) کی وفات۔مرحومہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ حاضر	31/اکتوبر	44
17/اکتوبر2014ء	مسجد بیت الفتوح	جماعت احمدیہ میں ایک فقرہ ہر مرد عورت چھوٹا بڑا جانتا ہے اور وہ ہے کہ ’’میں دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا‘‘۔یہ فقرہ ایک احمدی کا عہد ہے جس پر اس کی بیعت کا انحصار ہے۔خلافت سے اور نظام سے جڑے رہنے کا انحصار ہے۔اگر یہ نہیں تو پھر بیعت کا دعویٰ غلط ہو جاتا ہے۔نظام سے جڑے رہنے کا، خلافت سے وابستگی کا دعویٰ غلط ہو جاتا ہے۔اور بیعت کا اعلان اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کی باتیں صرف منہ کی باتیں رہ جاتی ہیں۔اسی لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ایک جگہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی بیعت میں تو اقرار کرتا ہے کہ دین کو دنیا پر مقدم کروں گا مگر عمل سے وہ اس کی سچائی اور وفائے عہد ظاہر نہیں کرتا تو خدا کو اس کی کیا پرواہ ہے۔پس ہم میں سے ہر ایک کو اس بات کو ہر وقت اپنے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔ہمارے ذمہ بہت بڑے کام لگائے گئے ہیں اور جان مال وقت اور عزت قربان کرنے کے لئے ہم عہد بھی کرتے ہیں۔اس کے لئے ہمیں ہمیشہ سنجیدگی سے غور کرنے کی کوشش کرتے رہنا چاہئے کہ کس طریق سے ہم اپنے عہد کو پورا کرتے ہوئے دین کو دنیا پر مقدم کرنے کے لئے اپنی صلاحیتیں اور استعدادیں بروئے کار لائیں۔ایک احمدی ماں باپ کی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ اپنے بچوں کی اس طرح تربیت کریں کہ وہ دین کے کام آسکیں۔ان بچوں کی ایسی تربیت کرو کہ دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا اِدراک انہیں بچپن سے حاصل ہو جائے۔یہاں مَیں ہر سطح کے عہدیداروں کو بھی یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دین کو دنیا پر مقدم کرنے کے عہد کو نبھانے کی ذمہ داری دوسروں سے بڑھ کر ان کو اپنی سمجھنی چاہئے۔ایک مقصد کے حصول کے لئے ان کی ذمہ داری لگائی گئی ہے جس کے لئے انہیں اپنی قربانی کے معیار کو اونچا کرنے کی ضرورت ہے۔اسی طرح ہر سطح کا عہدیدار چھوٹی سے چھوٹی سطح سے لے کر، محلے سے لے کر مرکزی سطح تک اپنی حیثیت کا صحیح اندازہ کر کے اپنے عہد کو پورا کرنے کی کوشش کر سکتا ہے اور کرنی چاہئے۔مکرم لطیف عالم بٹ صاحب ابن مکرم خورشید عالم بٹ صاحب آف کامرہ ضلع اٹک کی شہادت۔شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	07/نومبر	45
24/اکتوبر2014ء	مسجد بیت الفتوح	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے بیان فرمودہ بعض واقعات کا نہایت دلچسپ اور ایمان افروز تذکرہ۔ان واقعات میں سبق بھی ہیں، نصائح بھی ہیں، تاریخ بھی ہے، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت بھی ہے۔یہ سب باتیں ہماری زندگیوں میں بڑا مؤثر کردار ادا کرتی ہیں۔یہ باتیں ہماری زندگیاں سنوارنے والی ہیں۔اللہ تعالیٰ ہر احمدی میں دینی غیرت بھی پیدا کرے۔خدا تعالیٰ سے تعلق میں بھی بڑھائے۔صبر اور حوصلہ بھی پیدا فرمائے۔اور انسانیت کے بچانے کے لئے دعاؤں کی توفیق بھی	14/نومبر	46

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		ہمیں عطا فرمائے۔ اپنی اَناؤں پر اپنی عاجزی کو غالب کرنے والے ہوں اور مکمل طور پر ہمیں اپنی رضا پر چلائے، اس کی توفیق عطا فرمائے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کی تکمیل کے لئے اپنا کردار ہم ادا کرنے والے ہوں اور ہر وہ بات کرنے والے ہوں جس کی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے ماننے والوں سے، جماعت کے افراد سے خواہش کی ہے یا امید رکھی ہے۔		
31/اکتوبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	ہر احمدی کو یاد رکھنا چاہئے کہ دنیا کو بھلائی کی طرف بلانا اور ہر ایک کی بھلائی چاہنا ہر احمدی کا فرض ہے۔ کیونکہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے اپنا فضل اور احسان کرتے ہوئے مسیح موعود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ صرف امن سے رہنا ہی ہمارا کام نہیں ہے۔ کسی بُرے کام سے رُکنا ہی ہمارا کام نہیں۔ فسادوں سے دور رہنا ہی ہمارا کام نہیں بلکہ دنیا میں امن کا قیام اور اس کے لئے بھرپور کوشش بھی ہمارا کام ہے۔ دنیا کو برائیوں سے روکنے کی کوشش کرنا بھی ہمارا کام ہے۔ دنیا کو فسادوں سے دور رکھنے اور بچانے کی کوشش کرنا بھی ہمارا کام ہے۔ ہم مسلمانوں کے بھی خیر خواہ ہیں، ان کی بھلائی چاہتے ہیں اور غیر مسلموں کے بھی خیر خواہ ہیں اور ان کی بھلائی چاہتے ہیں۔ ہم نے اللہ تعالیٰ کے تمام بندوں کی خیر خواہی چاہنی ہے اور انہیں نیکیوں پر چلنے اور برائیوں سے رکنے کے راستے دکھانے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کام تمام دنیا کو اسلام کا پیغام پہنچانا اور یہ خیر اور بھلائی بانٹنا ہے اور یہی ہمارا کام ہے۔ ہمیں یہ فکر نہیں کرنی چاہئے کہ دنیا ہماری آواز پر کان نہیں دھرتی، سنتی نہیں، توجہ نہیں دیتی۔ ہم خیر کی طرف بلاتے ہیں اور وہ شر میں اور بھی زیادہ تیز ہو جاتے ہیں۔ ہم اس یقین پر قائم ہیں کہ ہم جب شر کے بدلے خیر پہنچائیں گے تو انہی لوگوں میں سے پھر قطرات محبت بھی ٹپکیں گے اور یہ لوگ مسیح محمدی کی غلامی میں آ جائیں گے۔ اس کے لئے ہمیں درد دل سے دعائیں کرنے کی بھی ضرورت ہے اور کوشش کی بھی ضرورت ہے۔ ہمیں اپنی خیر کے دائرے کو وسیع سے وسیع تر کرتے چلے جانا چاہئے نہ کہ محدود۔ ہم نہ تو دنیا سے ان کی جو مادی مدد ہم کرتے ہیں اس کے لئے کوئی بدلہ چاہتے ہیں نہ روحانی خیر بانٹ کر کوئی بدلہ چاہتے ہیں۔ اگر کوئی درد اور تڑپ ہے تو صرف یہ کہ دنیا اپنے پیدا کرنے والے خدا کو پہچان لے۔ ہم جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بیعت میں آنے والے ہیں ہم نے مخالفتوں کا بھی سامنا کرنا ہے اور کر رہے ہیں لیکن اس سب کے باوجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوہ پر چلتے ہوئے ہم نے دنیا کی خیر اور بھلائی ہی چاہنی ہے۔ آج مسیح محمدی کے غلاموں کا یہ کام ہے کہ حکمت اور محنت سے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو حاصل کرتے ہوئے خیر اور بھلائی کی اسلامی تعلیم کو ہر دل میں گاڑ دیں اور اس کے لئے بھرپور کوشش کریں۔ اس کیلئے دنیا میں ہر جگہ داعیانِ الی اللہ کی تعداد کو بڑھانے اور فعّال کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ افرادِ جماعت کو بھی اور جماعتی نظام کو بھی اس طرف توجہ دینے کی بھرپور توفیق عطا فرمائے۔	21/نومبر	47
07/نومبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	تحریک جدید میں مالی قربانی پیش کرنے والوں کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔ آج دنیا مال کی محبت میں پتا نہیں کیا کچھ کر رہی ہے لیکن حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تعلیم اور تربیت کا اثر ہے کہ احمدیوں کی بہت بڑی اکثریت اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کی اشاعت کے لئے اپنے پسندیدہ مال میں سے خرچ کرتے ہیں بلکہ بعض ایسے ہیں کہ اگر کبھی مال خرچ کرنے کی یہ توفیق کسی وجہ سے کم ہو جائے تو بے چین ہو جاتے ہیں، روتے ہیں۔ پس یہ دلوں کی حالت اور مالی قربانی کی روح بلکہ بعض دفعہ جان کی قربانی کی روح بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین کی اشاعت کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھیجا ہے اور اب اسلام کی ترقی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ سے ہی اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمائی ہے۔ تحریک جدید کے 81 ویں سال کے آغاز کا اعلان۔ گزشتہ سال میں جماعت نے 84 لاکھ 70 ہزار 800 پاؤنڈز کی مالی قربانی دی۔ پاکستان باوجود	28/نومبر	48

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اپنے حالات کے اس دفعہ بھی پہلے نمبر پر رہا۔ پاکستان سے باہر کی جماعتوں میں جرمنی اوّل۔ برطانیہ دوم اور امریکہ تیسرے نمبر پر رہا۔مختلف پہلوؤں سے نمایاں قربانی کرنے والے ممالک اور جماعتوں کا تذکرہ۔اللہ تعالیٰ ان سب کی مالی قربانیاں قبول فرمائے۔ان کے اموال ونفوس میں بے انتہا برکت عطا فرمائے اور جماعتی نظام کو بھی توفیق عطا فرمائے کہ ان اموال کو صحیح رنگ میں خرچ کرنے والے ہوں۔ مقامی معلم اور مبلغ مکرم الحاج یوسف ایڈوسئی صاحب آف گھانا کی وفات۔مرحوم کا ذکرِ خیر اور نماز جنازہ غائب		
14رنومبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے بیان فرمودہ بعض واقعات کا تذکرہ جو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں اور اسی طرح حضرت مصلح موعودؓ کی اپنی زندگی کے بھی بعض پہلو نمایاں ہوتے ہیں۔ان واقعات کے حوالہ سے احباب جماعت کو اہم نصائح۔مکرم ثریا بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری عبدالرحیم صاحب مرحوم آف ملتان کی نماز جنازہ حاضر۔ مکرم محمود عبداللہ شبوطی صاحب آف یمن کی نماز جنازہ غائب۔مرحومین کا ذکرِ خیر۔	05ردسمبر	49
21رنومبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تحریرات وارشادات کے حوالہ سے آپ کی قبولیت دعا کے بعض واقعات اور نشانات کا ایمان افروز تذکرہ۔اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں اپنے فرستادہ کو بھیجا ہے۔اس کی باتوں کو سنو کہ اسی میں برکت ہے۔اس سلسلے کی ترقی خدا تعالیٰ کی تقدیروں میں سے ایک تقدیر ہے اور اس کے ماننے سے ہی انسانیت کی بقا ہے۔اللہ تعالیٰ دنیا کو عقل دے کہ وہ نشانوں کو سمجھنے والے بھی ہوں اور صرف نشانوں کا مطالبہ اپنی عقل اور خواہش کے مطابق کرنے والے نہ ہوں بلکہ وقت کی ضرورت اور زمانے کی آواز اور حالت جو خدا تعالیٰ کے فرستادے کی ضرورت کا اظہار کر رہی ہے اس کو سنیں اور اس کو سمجھنے کی کوشش کریں۔اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے کو تلاش کر کے ماننے والے بھی ہوں تا کہ اس دنیا میں فسادوں کا خاتمہ ہو سکے۔مکرم غلام قادر صاحب (مرحوم) درویش قادیان کی وفات۔ مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔اسی طرح مکرم مرزا محمد اقبال صاحب (مرحوم) درویش قادیان اور مکرم چوہدری منظور احمد صاحب چیمہ (مرحوم) درویش قادیان کا ذکر خیر۔	12ردسمبر	50
28رنومبر 2014ء	مسجد بیت الفتوح	تمہیں اپنے کاموں کی تکمیل کے لئے اگر کسی کی مدد کی ضرورت ہے تو وہ صرف خدا تعالیٰ کی ذات ہے جو حقیقی رنگ میں تمہاری مدد کر سکتی ہے، مدد کرنے کی طاقت رکھتی ہے اور مدد کرتی ہے۔اور یہ بات اتنی اہم ہے کہ ایک حقیقی مومن کو ہر وقت اسے اپنے سامنے رکھنا چاہئے۔ چاہے وہ مدد اور استعانت کی کوشش ذاتی ضروریات کے لئے ہو یا جماعتی ضروریات کے لئے۔ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ ہم احمدی ہیں اور ہم نے زمانے کے امام کے ہاتھ پر عہدِ بیعت کیا ہے۔ہم نے اپنے ہر قول و فعل کو خدا تعالیٰ کی رضا کے مطابق ڈھالنے کا عہد کیا ہے۔ہم نے عُسر اور یُسر، تنگی اور آسائش میں خدا تعالیٰ سے ہی مدد مانگنے اور غیر اللہ سے بیزاری کا عہد کیا ہے۔ہمیں اپنے عہد نبھانے کے لئے کس قدر اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن کے مضمون کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ہم نے ڈوبتے ہوئے دہریہ کی طرح خدا تعالیٰ کو نہیں پکارنا۔ ہم نے اعلیٰ معراج حاصل کرنے والے مومنین کی طرح اللہ تعالیٰ کی عبادت اور استعانت کا ادراک حاصل کر کے اس پر عمل کرنا ہے۔ہم کمزور ہیں اور ہمارا دشمن بہت طاقتور ہے۔ ہمارے پاس دشمن کے مقابلے کے لئے نہ کوئی دنیاوی طاقت ہے، نہ وسائل ہیں، نہ کسی بھی قسم کا ذریعہ ہے۔پس ایسے حالات میں ہمارے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں کہ خدا تعالیٰ کے سامنے جھک جائیں۔اور اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن کی روح کو سمجھتے ہوئے خدا تعالیٰ کے دَر کے ہو جائیں۔ہمیں اپنے فرائض کو ادا کرنا نہیں بھولنا چاہئے۔اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کی مدد کے طلب کرنے سے کبھی ہمیں غافل نہیں ہونا چاہئے کیونکہ اس کے بغیر ہم دشمن سے مقابلہ کی طاقت نہیں رکھتے اور یہ طاقت اتنی بڑی ہے کہ اس کا کوئی دنیاوی طاقت مقابلہ نہیں کر سکتی۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ جس وقت اللہ تعالیٰ کسی کی مدد کے لئے کھڑا ہو	19ردسمبر	51

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	تاریخ
		جاتا ہے تو پھر وہ کامیاب ہو جاتا ہے۔کوئی دنیاوی طاقت اس کی کامیابی کو روک نہیں سکتی کیونکہ خدا تعالیٰ کی مدد بہت وسیع ہے اور اس کی طاقتیں نہ ختم ہونے والی ہیں۔دنیا کے ہر ملک اور ہر خطے میں بسنے والے احمدی کا کام ہے کہ کامل اطاعت کے ساتھ خدا تعالیٰ کے آگے جھک جائیں اور اس کی مدد کے طالب ہوں۔ جماعت ایک مضبوط بندھن میں جڑی ہوئی ہے اور ہونی چاہئے۔ یہی جماعت کی خصوصیت ہے کیونکہ اس کے بغیر جماعت، جماعت نہیں رہ سکتی۔ ہر ایک کو دوسرے کے لئے دعائیں کرنے کی ضرورت ہے تا کہ اللہ تعالیٰ کی مدد ہر وقت ہر جگہ ہر احمدی کے شامل حال ہو۔ اور جب ہماری یہ حالت ہوگی تو خدا تعالیٰ کی مدد اور نصرت کے حیرت انگیز نظارے ہم دیکھیں گے۔میں دعا کے لئے دوبارہ یاددہانی کرواتا ہوں۔دنیا کے حالات جس تیزی سے بدل رہے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں جماعت کی ترقی کا ذریعہ بنائے۔یہ ترقی میں روک بننے والے نہ ہوں اور ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے اور اس کی مدد اور نصرت سے فیضیاب ہونے والے ہوں اور ہوتے چلے جائیں۔		
52	26/دسمبر	اس زمانے کے حَکَم اور عدل نے واضح فرمادیا کہ سوائے خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کے حکموں کی نفی کرنے والے احکامات کے عموماً دنیاوی احکامات میں ایک مومن کا کام ہے کہ وہ مکمل طور پر ملکی قوانین کی پابندی کرے۔اگر یہ سنہری اصول اس وقت کے مسلمان بھی اپنالیں کہ حکومت وقت سے لڑنا نہیں ہے تو بہت سے ملکوں میں جو فساد کی صورتحال ہے اس میں بہت حد تک سکون آسکتا ہے۔اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور اللہ تعالیٰ کے رسول کی اطاعت کرو اور پھر اولوا الامر یعنی اپنے سرداروں، حکومت وغیرہ کی اطاعت کرو۔اس میں حکومتی نظام بھی آجاتا ہے اور نظامِ جماعت بھی آجاتا ہے۔اور خلافت کی اطاعت تو ان دونوں سے اوپر ہے کیونکہ خلافت اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کو ہی قائم کرتی ہے۔اور نظام جماعت خلافت کے تابع ہے۔مَیں نے کہا کہ خلافت کی اطاعت حکومت سے بھی اوپر ہے تو کسی قسم کی غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے۔خلیفۂ وقت ملکی قوانین کی سب سے زیادہ پابندی کرتا ہے، کرنے والا ہے اور کروانے والا ہے۔ہم پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ خلافت کا نظام ہم میں جاری ہے ورنہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف لوٹانے کے بارے میں مختلف فرقوں اور فقہاء کی اپنی اپنی تشریح ہے، تفسیریں ہیں اور بعض ایسی ہیں جو معاملوں کو سلجھانے کے بجائے الجھانے والی ہیں اور الجھا سکتی ہیں۔اسی طرح حکومت وقت کے ساتھ معاملات میں بھی مختلف نظریات مختلف مسائل پیدا کر سکتے ہیں۔پس ایک اجتہاد اور فیصلہ خلافت کے تابع رہ کر ہی ہو سکتا ہے اور اس بات پر احمدی جتنا بھی شکر کریں وہ کم ہے۔اور اس شکر کا اظہار خلافت کی مکمل اطاعت سے ہی ہو سکتا ہے۔حکومت وقت کی اطاعت سے امن اور سکون تو پیدا ہوگا لیکن روحانی روشنی اور لذّت روحانی نظام کی اطاعت میں ہی ہے۔بیعت کا تو مفہوم ہی اطاعت میں اپنے آپ کو فنا کرنا ہے۔اور یہ مفہوم اتنا بلند ہے کہ دنیوی امور میں فرمانبرداری اس کا مقابلہ کر ہی نہیں سکتی۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اس ارشاد کو ہر وقت سامنے رکھنے کی ضرورت ہے کہ قوم بننے کے لئے یگانگت اور فرمانبرداری انتہائی ضروری ہے اور اس کے بغیر گراوٹ اور تنزل ہی ہوگا۔بیعت کے معیار کو حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔**اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت میں اطاعت کا جذبہ ہے لیکن بعض ایسے بھی ہیں جب کسی عہدہ سے ہٹایا جائے تو سوال ہوتا ہے کیوں ہٹایا گیا ہے؟ کس لئے ہٹایا گیا ہے؟ کیا کمی تھی ہم میں؟** یہ ایک احمدی کی بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آکر اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ کا ایسا نمونہ بنیں جو دنیا کی توجہ اپنی طرف کھینچنے والا ہو۔اور یہی وہ حربہ ہے جس سے ہم دنیا کے دل جیت سکتے ہیں	مسجد بیت الفتوح	05/دسمبر 2014ء

خطبات عیدین

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
10/اگست2013ء	مسجد بیت الفتوح۔ لندن	**خطبۂ عید الفطر** شیطان سے گردن آزاد کرواکر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی گردن رکھ دینا ہی حقیقی عید ہے۔اللہ تعالیٰ کرے کہ یہ حقیقی عید ہم میں سے بہتوں کو نصیب ہوئی ہو۔اپنے ایمان اور اعمالِ صالحہ کی حفاظت ہی وہ عید ہے جس کی ہمیں ضرورت ہے اور جس کی ہمیں تلاش ہونی چاہئے۔یہی وہ اصل عید ہے جو شیطان کو دھتکار کر ہم نے منانی ہے۔یہی وہ اصل عید ہے جو خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کر کے منانے کی ہمیں کوشش کرنی چاہئے۔	25/جولائی	30
16/اکتوبر2013ء	مسجد بیت الہدیٰ۔ سڈنی۔آسٹریلیا	**خطبۂ عید الاضحیہ** اگر درود میں شامل دعا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اور اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کی دعا میں حصہ دار بننا ہے اور حقیقی عید منانے والا بننا ہے تو وہ تقویٰ پیدا کرو جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔وہ تقویٰ پیدا کرو جو آخری اور کامل شریعت لانے والے حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پیدا کرنے آئے تھے۔ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ تقویٰ کے بغیر نہ عبادتیں کام کی ہیں، نہ قربانیاں کام کی ہیں۔اس روح کو ہمیں اپنے اندر پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ تمام احکامات پر غور کر کے پھر اُن پر عمل کرنے کی کوشش کرنی ہوگی۔پس اس عید کو بھی ہمیں وہ عید بنانے کی کوشش کرنی چاہئے جس کی بنیاد تقویٰ پر ہو،اُن محسنین میں شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہئے جن کو اللہ تعالیٰ بشارت دیتا ہے۔جن کی جھولیوں کو اپنے انعامات سے بھرتا ہے۔ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ قربانی یا نیکی یا محسنین میں شمار ہونا ایک دن کا کام نہیں ہے۔مسلسل عمل ہی قربانی کے مقصد کو پورا کرتا ہے۔جن کو دُنبے کی قربانی کی یا مینڈھے کی قربانی کی توفیق نہیں جس سے وہ ظاہری رنگ میں بھی قربانی کا اظہار کرسکیں وہ اپنا وقت تبلیغِ اسلام کے لئے وقف کریں، پمفلٹ تقسیم کریں، اپنے رابطے بڑھائیں، اپنے ساتھیوں کو تبلیغ کریں، اپنے کام کاج کی جگہ پر بھی اپنے رویوں سے، اپنے نمونوں سے اپنی طرف لوگوں کو متوجہ کریں۔اسلام کی خوبصورت تعلیم کا دنیا پر اظہار کریں۔تو یہ مسلسل عمل جو ہے اور نیکیوں پر قائم ہونا جو ہے، یہی ایک قربانی ہے۔	03/اکتوبر	40

خطبات نکاح
حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
28 جنوری 2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ ہبۃ الوحید بنت مکرم محمد اسلم صاحب آف جرمنی کا عزیزم طارق ظہیر صاحب ابن مکرم خورشید انور صاحب وکیل المال قادیان کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ صائمہ احمد بنت مکرم اعجاز احمد صاحب لندن کا عزیزم انتصار احمد مربی سلسلہ کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ عائشہ جمیل بنت مکرم جمیل احمد صاحب آف ربوہ کا عزیزم حسیب احمد طالبعلم جامعہ احمدیہ یوکے کے ساتھ۔ ☆......آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ نکاح کے لئے جو آیات انتخاب کی ہیں ان میں تقویٰ کا ذکر ہے تاکہ تم اس مستقبل کی فکر کرو جو ہمیشہ کے لئے تمہیں جنتوں کا وارث بنانے والا ہے۔☆......اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر جانتے ہوئے، اس کو گواہ بناتے ہوئے سچائی سے تمام باتیں ایک دوسرے پہ ظاہر کرنی چاہئیں اور آئندہ کی زندگی میں بھی سچائی سے کام لینا چاہئے۔ ☆......واقفات نو بچیوں کو بھی اور بچوں کو بھی یاد رکھنا چاہئے کہ جب وہ نئی زندگی شروع کریں تو اللہ تعالیٰ کے اِن حکموں کی کہ تقویٰ پر چلنا ہے اور تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنی آئندہ زندگی کے لئے بھی planning کرنی ہے، باقی دوسرے احمدی بچوں سے زیادہ ان پر ذمہ داری ہے۔	14رفروری	07
12 فروری 2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ نصرت جہاں زارا بنت مکرم خالد تسلیم احمد ربوہ کا عزیز عطاء الہادی خان ابن مکرم ہدایت احمد خان صاحب امریکہ کے ساتھ۔ ☆......دوسرا نکاح عزیزہ نمرہ قدوس بنت مکرم عبد القدوس صاحب کا عزیزم کنول احمد ابن مکرم مشتاق احمد صاحب کے ساتھ سات۔	14رفروری	07
22 فروری 2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ حمودہ عارف بنت مکرم جرار عارف صاحب لنڈن کا عزیزم سید جنید انور ابن مکرم سید علی انور صاحب کینیڈا کے ساتھ۔	14رفروری	07
25 فروری 2012ء	مسجد فضل لندن	☆...... عزیزہ اقراء درثمین بنت مکرم میاں محمد اسلم صاحب مرحوم کا عزیزم آفتاب احمد ابن مکرم شیخ ابرار احمد صاحب کے ساتھ۔ ☆......جب بھی ہم نئے رشتے جوڑتے ہیں تو لڑکے اور لڑکی کو ہمیشہ یہ سوچ کے رشتہ کرنا چاہئے کہ جہاں انہوں نے آپس میں محبت اور پیار سے رہنا ہے، وہاں دونوں خاندانوں کو بھی محبت اور پیار سے رکھنے کی حتی المقدور کوشش کرنی ہے۔ واقفین زندگی کو خاص طور پر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ میری ذمہ داریاں دوسروں سے بہت بڑھ کر ہیں کیونکہ اس کا ایک نمونہ ہے جو اس نے نہ صرف اپنے گھر میں قائم کرنا ہے بلکہ اپنے ماحول میں بھی قائم کرنا ہے اور جس جگہ رہتا ہے وہاں بھی قائم کرنا ہے۔	21رفروری	08

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
08	21رفروری	☆......عزیزہ طلعت جبین انور بنت مکرم عبدالمالک خان انور صاحب کا عزیزم انمول نوید ابن مکرم محمد جاوید چیمہ صاحب کے ساتھ۔	مسجد فضل لندن	05مارچ2012ء
08	21رفروری	☆......عزیزہ فریحہ خان بنت مکرم صالح محمد خان صاحب بیلجیم کا عزیزم منیب احمد میر ابن مکرم میر عبدالرشید تبسم صاحب لندن کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ ثمرین احمد بنت مکرم اعجاز احمد صاحب لیسٹر کا عزیزم ہمایوں حنیف اپل طالبعلم جامعہ احمدیہ یوکے کے ساتھ۔	مسجد فضل لندن	10مارچ2012ء
08	21رفروری	☆......عزیزہ ہما حفیظ بنت مکرم عبدالحفیظ صاحب جرمنی کا عزیزم محمد بشارت ابن مکرم انور حسین صاحب مربی سلسلہ کے ساتھ۔	مسجد فضل لندن	30مارچ2012ء
09	28رفروری	☆......عزیزہ زارا طاہر بنت مکرم منیر احمد صاحب طاہر کا عزیزم ایاز محمود ابن مکرم چوہدری امتیاز احمد صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ مشعل اسلام خان بنت مکرم محمد یلیین خان صاحب وولورہیمپٹن کا عزیزم عدنان عزیز جان ابن مکرم جاوید اختر صاحب ہنسلو کے ساتھ۔ ☆......تمہاری شادیاں تب کامیاب ہوں گی جب ایک دوسرے سے سچائی کے اعلیٰ معیار پر قائم ہوتے ہوئے رشتے جوڑو گے۔ ☆......رشتوں کا جوڑنا خدا تعالیٰ کا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ رشتے جوڑتا ہے۔ اور اللہ کے فضل سے جو دعا سے رشتے کئے جائیں ان میں برکت بھی ہوتی ہے۔ ☆......کفو ہونے کے بہت سے معیار ہیں جن کو مدنظر رکھنا چاہئے۔ بعض دفعہ لڑکا اور لڑکی پسند کرتے ہیں تو رشتے ہو جاتے ہیں یا رشتہ کرنے کی خواہش ظاہر کرتے ہیں لیکن والدین آڑے آجاتے ہیں اور روکیں ڈالتے ہیں اور پھر بعض قباحتیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے والدین کو بھی یاد رکھنا چاہئے کہ جب احمدی گھرانوں میں رشتے ہو رہے ہوں تو دعا کر کے، اللہ تعالیٰ سے راہنمائی چاہ کے عموماً رشتے آپس میں طے کر دینے چاہئیں سوائے اس کے کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی روک پیدا ہو جائے۔ ☆......نکاح شادی میں ہمیشہ یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ نئے قائم ہونے والے رشتے جب تک ایک دوسرے پر اعتماد کا اظہار نہ کریں یہ آگے نہیں چلتے۔ اس لئے ہمیشہ لڑکے اور لڑکی کو ہر بات میں ایک دوسرے کو اعتماد میں لینا چاہئے اور شادی کے بعد سب سے زیادہ اعتماد اور رازداری میاں بیوی کی ہونی چاہئے۔	مسجد فضل لندن	08اپریل2012ء
09	28رفروری	☆......عزیزہ فدیحہ طاہر بنت مکرم محمد صدیق صاحب کا عزیزم محمد نصر سلیم ابن مکرم محمد سلیم ظفر صاحب جو دفتر پرائیوٹ سیکرٹری میں کام کرتے ہیں کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ یاسمین بیگم گنائی بنت مکرم مشرف محمود گنائی صاحب کا عزیزم طاہر اظہر ابن مکرم محمد اسلم اظہر صاحب کینیڈا کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ ذروۃ الہدیٰ بنت مکرم عطاء الرحمٰن محمود صاحب جو ربوہ میں نائب ناظر بیت المال ہیں کا عزیزم یاسر محمود ابن مکرم اقبال محمود صاحب کے ساتھ ہے۔	مسجد فضل لندن	14اپریل2012ء

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
23اپریل2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ نویدہ شہزادی سید صاحبہ بنت مکرم سید صدق المرسلین صاحب کا عزیزم سید ندیم پاشا صاحب ابن مکرم سید عبداللہ شاہ مرحوم کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ عائشہ سہیل بنت مکرم ڈاکٹر سہیل بٹ صاحب مرحوم سڈنی کا عزیزم ڈاکٹر محمد اظہر اشرف ابن مکرم ڈاکٹر محمد اشرف صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ حمدیٰ ملک بنت مکرم محمود احمد ملک صاحب سکاٹ لینڈ کا عزیزم محمد نعیم سلیم ابن مکرم محمد سلیم صاحب مرحوم کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ ثناء نیازی بنت مکرم شریف خان نیازی صاحب کا عزیزم عبدالمقیت خان ابن مکرم وزیر احمد خان صاحب اٹلی کے ساتھ۔	28فروری	09
11مئی2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ طوبیٰ خورشید واقفۂ نو بنت مکرم منور احمد خورشید صاحب استاد جامعہ احمدیہ یوکے کا عزیزم عبدالنصیر ایم اے ابن مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن کویا صاحب امریکہ کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ حماسبین رانا بنت مکرم رانا جاوید اقبال صاحب جرمنی کا عزیزم رانا محمود الحسن طالبعلم جامعہ احمدیہ یوکے ابن مکرم رانا محمد حسن صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ روبینہ وحید بنت مکرم عبدالوحید صاحب لندن کا عزیزم انصار احمد ابن مکرم شیخ ابرار احمد صاحب کے ساتھ۔ ☆......'' نکاح اور شادی یہ خوشی کے ایسے موقعے ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے ہمیں توجہ دلائی ہے کہ جب نئے رشتے بن رہے ہوں تو ان رشتوں کی بنیاد تبھی صحیح طور پر قائم رہ سکتی ہے جب تقویٰ پر چلنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں رکھنے والے ہوں۔''	04اپریل	14
10جون2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ احمد خولہ خدیجہ کاہلوں بنت مکرم طاہر احمد کاہلوں صاحب ہالینڈ کی بچی کا عزیزم انصر بلال انور مربی سلسلہ ابن مکرم محمد انور صاحب کے ساتھ ہے۔ ☆......عزیزہ ذکیہ شیریں طارق باجوہ صاحبہ کا (جو طارق باجوہ صاحب کی بیٹی ہیں) عزیزم رضوان محمود شبیر ابن مکرم محمد شبیر صاحب لندن کے ساتھ ہے۔	04اپریل	14
22اگست2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ رابعہ ملک بنت مکرم عبدالغفور ملک صاحب کا عزیزم عبدالقدوس عارف طالب علم جامعہ احمدیہ یوکے کے ساتھ ☆......عزیزہ قرۃ العین بنت مکرم مبشر احمد صاحب بھٹی لاہور کا عزیزم اسامہ شمیم احمد طالبعلم جامعہ احمدیہ ربوہ ابن مکرم شمیم پرویز صاحب نائب وکیل وقف نو کے ساتھ ☆......عزیزہ ماریہ زبیر بنت مکرم ملک زبیر احمد صاحب مرحوم اٹلی کا عزیزم چوہدری ظہیر احمد ابن مکرم چوہدری منیر احمد صاحب سویڈن کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ عائشہ بتول منان بنت مکرم میاں مقصود منان صاحب یوکے کا عزیزم عطاء القدوس متین ابن مکرم عبدالمتین صاحب کے ساتھ۔	11اپریل	15
10ستمبر2012ء	مسجد فضل لندن	☆......عزیزہ مفلحہ مہر بنت مکرم ظہیر الدین منصور احمد صاحب امریکہ کا عزیزم مرزا نبیل کریم احمد ابن مکرم مرزا عمر احمد صاحب کے ساتھ ہے۔ ☆......عزیزہ سیدہ ناجیہ بنت مکرم سید جلید احمد صاحب کا ہے جو عزیزم میر نصر احمد ابن مکرم میر حبیب احمد صاحب کے ساتھ۔	11اپریل	15

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
15	11/اپریل	☆......عزیزہ ثمرین طارق احمد بنت مکرم ودود طارق احمد صاحب امریکہ کا عزیزم احتشام الحق محمود کوثر ابن مکرم انعام الحق کوثر صاحب کے ساتھ ہے۔ ☆......عزیزہ آمنہ ایمن بنت مکرم شیخ مبارک احمد صاحب کا عزیزم احسان محمود ابن مکرم زاہد محمود صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ تہمینہ شمیم خان بنت مکرم شمیم احمد خان صاحب کا عزیزم عطاء المحسن طاہر ابن مکرم عبدالمؤمن طاہر صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ افشاں منیر طوبیٰ بنت مکرم منیر ذوالفقار صاحب ناصر آباد سندھ کا عزیزم زوہیب اطہر ابن مکرم خلیل احمد صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ زاہدہ عنبرین بنت مکرم سلیم احمد صاحب بدین کا عزیزم توصیف احمد ابن مکرم منیر ذوالفقار احمد صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ طیبہ ناصر بنت مکرم ناصر احمد واہلہ صاحب امیر ضلع عمر کوٹ کا عزیزم سلیم احمد سرمد ابن مکرم حفیظ احمد جنجہ صاحب ربوہ کے ساتھ ہے۔ ☆......عزیزہ مائدہ فیاض بنت مکرم فیاض احمد ملہی صاحب کا عزیزم حافظ ذیشان احمد ابن مکرم محمد سجاد مجوکہ صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ لبنیٰ احمد بنت مکرم سعید احمد صاحب کا عزیزم توقیر احمد ابن مکرم نصیر احمد صاحب فارن ہام یوکے کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ تہمینہ طاہر بنت مکرم ڈاکٹر محمد نواز صاحب مرحوم کا عزیزم مدثر احمد ابن مکرم مرزا سعید احمد صاحب کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ قرینہ طاہرہ بنت مکرم حسین جمال ترساوتج صاحب انڈونیشیا کا عزیزم تنویر علی قائد مجلس خدام الاحمدیہ دہلی ابن مکرم محبوب علی صاحب مرحوم انڈیا کے ساتھ۔	مسجد فضل لندن	10 ستمبر 2012ء
16	18/اپریل	☆......عزیزہ سیدہ فاطمہ بتول بنت مکرم سید سجاد احمد صاحب جاپان کا عزیزم رضا احمد خان صاحب ابن مکرم سلمان احمد خان صاحب لندن کے ساتھ۔ ☆......''ہمیشہ سچ پر قائم رہو، تقویٰ پر قائم رہو، ایک دوسرے کے رشتوں کا خیال رکھو، عزت اور احترام کرو۔ یہ چیزیں پیدا ہوں گی تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے پھر رشتے بھی دیرپا ہوتے ہیں۔ ہمیشہ کوشش کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ راضی رہے اور ہر قدم جو زندگی میں اٹھنے والا ہو اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والا ہو اور اپنی جڑوں اور اپنے مقاصد کو پہچاننے والا ہو۔''	مسجد فضل لندن	23 ستمبر 2012ء
16	18/اپریل	☆......عزیزہ سعدیہ ریحان بنت مکرم عبدالرشید ریحان صاحب برمنگھم کا عزیزم زبیر احمد بٹ ابن مکرم منیر احمد بٹ صاحب کے ساتھ۔	مسجد فضل لندن	15 اکتوبر 2012ء
16	18/اپریل	☆......عزیزہ عبیرہ محمود بنت مکرم خالد محمود صاحب امریکہ کا ہے۔ یہ عزیزم کاشف احمد ابن مکرم وحید احمد صاحب کینیڈا کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ نائلہ بھٹی بنت مکرم دبیر بھٹی صاحب کا عزیزم ھبۃ المحسن عابد ابن لئیق عابد صاحب کے ساتھ۔	مسجد فضل لندن	20 اکتوبر 2012ء
16	18/اپریل	☆......عزیزہ ھبۃ الودود ملک بنت مکرم خلیل محمود ملک صاحب آف امریکہ کا عزیزم عثمان	مسجد فضل لندن	4 نومبر 2012ء

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
4 نومبر 2012ء	مسجد فضل لندن	احمد مرزا ابن مکرم مرزا محمود احمد صاحب مرحوم کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ رابیل اختر جو واقفۂ نو بنت مکرم حفیظ احمد اختر صاحب کا عزیزم وقاص احمد وسیم ابن مکرم وسیم احمد ناصر صاحب آف مورڈن کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ نوشین بشارت بنت مکرم بشارت احمد طارق صاحب کا عزیزم بصیر احمد واقف نو ابن مکرم ظہیر احمد صاحب کارکن ایم ٹی اے کے ساتھ۔ ☆......عزیزہ ماہم نورین شہزادی واقفۂ نو بنت مکرم مبارک احمد عابد صاحب لندن کا عزیزم صبغت اللہ ابن مکرم برکت اللہ صاحب کے ساتھ۔	18/اپریل	16

خطابات،تحریرات،پیغامات،درس

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	برموقع	تاریخ
1	03/جنوری	**2012ء اور 2013ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ**۔اس وقت تک دنیا کے 204 مما لک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔اس سال دو نئے مما لک Costa Rica اور Montenegro میں جماعت کا نفوذ ہوا۔اس سال مساجد کی تعداد میں 394 کا اضافہ ہوا ہے۔ان میں سے 136 مساجد نئی تعمیر ہوئیں جبکہ 258 بنی بنائی عطا ہوئیں۔مساجد کے تعلق میں ایمان افروز واقعات۔دوران سال 211 مشن ہاؤسز/ تبلیغی مراکز کا اضافہ ہوا۔اس طرح 108 مما لک میں ہمارے مشن ہاؤسز/ تبلیغی مراکز کی تعداد 2563 ہو چکی ہے۔امسال Yao زبان میں قرآن مجید کے ترجمہ کے ساتھ تراجم قرآن کریم کی تعداد 71 ہو چکی ہے۔اس سال شائع ہونے والی بعض کتب کا تذکرہ۔دوران سال 625 مختلف کتب/ پمفلٹس / فولڈرز 57 لاکھ 70 ہزار کی تعداد میں شائع ہوئے۔نمائشوں/ بک سٹالز کے ذریعہ اسلام احمدیت کے پیغام کی تشہیر اور ان کے نیک اثرات کا تذکرہ۔	جلسہ سالانہ یوکے 2013ء۔دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (پہلی قسط)	31 اگست 2013ء
1	03/جنوری	**اطفال کے لئے زرّیں نصائح**۔{فرمودہ حضرت الحاج حکیم مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ }	تقریر بتقریب جلسہ انجمن ہمدرد اسلام قادیان (پہلی قسط)	
2	10/جنوری	**2012ء اور 2013ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ**۔اسلام احمدیت کے پُرامن پیغام اور تعارف پر مشتمل لیف لیٹس اور فلائرز کی وسیع پیمانے پر تقسیم اور اس بارہ میں غیروں کے تأثرات۔مختلف مرکزی شعبہ جات اور اداروں کی مساعی کا اجمالی تذکرہ۔	جلسہ سالانہ یوکے 2013ء۔دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (دوسری قسط)	31 اگست 2013ء
2	10/جنوری	**اطفال کے لئے زرّیں نصائح**۔{فرمودہ حضرت الحاج حکیم مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ }	تقریر بتقریب جلسہ انجمن ہمدرد اسلام قادیان (دوسری و آخری قسط)	
3	17/جنوری	**2012ء اور 2013ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ**۔ایم ٹی اے تھری العربیہ کے ذریعہ قبول احمدیت کے واقعات۔ریڈیو کے ذریعہ اشاعت اسلام احمدیت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال 5 لاکھ 40 ہزار 782 افراد بیعت کر کے اسلام احمدیت میں شامل ہوئے۔بیعتوں کے ایمان افروز واقعات۔اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کے نشانات کا روح پرور تذکرہ	جلسہ سالانہ یوکے 2013ء۔دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (تیسری و آخری قسط)	31 اگست 2013ء
3	17/جنوری	**پیدائش جسمانی اور تکوین روحانی کے مدارجِ ستّہ اور کامیابی کے گر**۔(فرمودہ حضرت الحاج حکیم مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ بمقام مسجد نور قادیان)	تقریر جلسہ سالانہ 1913ء (پہلی قسط)	28/دسمبر 1913ء

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
05اکتوبر2013ء	جلسہ سالانہ آسٹریلیا 2013ء مستورات سے خطاب	بے محابا آزادی جو ہے اس کو اسلام نے پسند نہیں کیا۔پس اگر مسلمان رہنا ہے،اگر احمدی مسلمان رہنا ہے تو اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کہاں ہماری آزادی کی حدود ختم ہوتی ہیں۔قرآنِ کریم میں بے شمار احکامات ہیں اور ہر قدم اور زندگی کے ہر پہلو پر احکامات ہیں۔وہ سب ہمارے مدّنظر ہونے چاہئیں۔قرآنِ کریم کے احکامات پر عمل کرنا ہی تقویٰ پر چلنے کے قابل بناتا ہے۔ایک احمدی سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ تقویٰ میں ترقی کرے اور ترقی کے لئے قرآنی احکامات کی تلاش کرے۔اللہ تعالیٰ کی رضا کی راہیں تلاش کرے اور اس کے لئے ایک جدوجہد اور کوشش ہو۔آج جماعت احمدیہ کے افراد ہی ہیں،عورت اور مرد،بچے اور جوان اور بوڑھے جو دنیا کی اصلاح اور رہنمائی کر سکتے ہیں۔ ہر احمدی عورت کو چاہئے اور ہر مرد کو چاہئے،ہر جوان اور ہر بوڑھے کو چاہئے کہ اپنی حالتوں میں پاک تبدیلیاں پیدا کرے،ورنہ اللہ تعالیٰ کے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام سے وعدے کے مطابق قومیں تیار ہو رہی ہیں جو جلد اس سلسلہ میں آملیں گی اور پھر خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والی بن جائیں گی۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کا مطالعہ بھی قرآنِ کریم کے احکامات کو سمجھنے کے لئے بڑا ضروری ہے کیونکہ قرآنِ کریم کی صحیح تفسیر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہی ملتی ہے۔بجائے ادھر اُدھر کے چینل دیکھنے کے ایک وقت کم از کم ایسا ضرور رکھیں جب ایم ٹی اے کے خاص پروگرام بھی دیکھا کریں۔	24؍جنوری	4
28؍دسمبر1913ء	تقریر جلسہ سالانہ 1913ء (دوسری قسط)	**پیدائش جسمانی اور تکوین روحانی کے مدارجِ ستّہ اور کامیابی کے گُر۔**(فرمودہ حضرت الحاج حکیم مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ بمقام مسجد نور قادیان)	24؍جنوری	4
06اکتوبر2013ء	جلسہ سالانہ آسٹریلیا 2013ء اختتامی خطاب	اگر اطاعت نہیں اور ایک واجب الاطاعت خلیفہ نہیں تو جتنی چاہے کثرت ہو،کامیابیاں نہیں مل سکتیں۔ خاص طور پر جب اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کے حوالے سے بات ہو تو پھر اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی حقیقی اطاعت ہی انعامات کا وارث بناتی ہے اور خلافت سے مستفیض کرتی ہے۔آج رُوئے زمین پر جماعت احمدیہ کے علاوہ کوئی جماعت نہیں جو اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے اس رہنما اصول کے مطابق ایک نظام سے وابستہ ہو اور اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کے احکامات پر چلنے کی کوشش کرنے والی ہو اور خلافت کے نظام سے کامل طور پر وابستگی ہو۔جماعت احمدیہ کے سچا ہونے اور نظامِ خلافت کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تائید یافتہ ہونے کے لئے یہی دلیل بہت بڑی ہے کہ جماعت احمدیہ کی تعداد اس وقت باقی مسلمان فرقوں کی تعداد سے انتہائی کم ہونے کے باوجود اسلام کی خوبصورت تعلیم کی جو تبلیغ ہے وہ جماعت احمدیہ کر رہی ہے اور پھر اس تبلیغ کے ذریعہ سے یہ تعداد ہر روز بڑھتی چلی جا رہی ہے۔اس وقت زمانے کی ضرورت کے مطابق حقیقی جہاد جماعت احمدیہ ہی کر رہی ہے۔مختلف زبانوں میں قرآنِ کریم کی اشاعت ہے تو جماعت احمدیہ کر رہی ہے۔لٹریچر اسلام کے حق میں شائع ہو رہا ہے اور مخالفین کے جواب دیئے جا رہے ہیں تو آج یہ جماعت احمدیہ کر رہی ہے۔ایک بہت بڑا ذریعہ ہماری تبلیغ کا ایم ٹی اے کے ذریعہ سے ہے جو چوبیس گھنٹے مختلف زبانوں میں اسلام اور احمدیت کا حقیقی پیغام پہنچا رہا ہے اور دنیا اس سے متاثر بھی ہو رہی ہے۔**دنیا بھر میں جماعتی کاوشوں کے نیک اثرات اور قبولیت کی روشن مثالیں**۔ایم ٹی اے کے ذریعہ سے دنیا کے کونے کونے میں جو خطبے کا پیغام پہنچتا ہے،یہ بھی سنیں۔کہیں دن ہے،کہیں رات ہے لیکن خلافت کی آواز خطبہ جمعہ کے ذریعہ سے ہر جگہ بیک وقت پہنچ رہی ہے۔یہ خوبصورتی آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے خلافت کے نظام کے ساتھ وابستہ کر کے اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو عطا فرمائی ہے۔خطبہ میں دنیا کے حالات کے مطابق رہنمائی ہوتی ہے اور یہ رہنمائی بھی اللہ تعالیٰ کی رہنمائی اور اُس کے فضل سے ہوتی ہے۔مختلف موضوعات ہیں،اُن پر خطبات دیئے جاتے ہیں۔ہر احمدی بچے،بوڑھے،جوان،مرد	31؍جنوری	5

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اور عورت پر یہ واضح ہونا چاہئے کہ اسلام کی ترقی اب خلافت کے ساتھ وابستہ ہے، نہ کہ کسی مولوی یا کسی گروہ اور کسی حکومت کے ساتھ۔ پس یہی وجہ ہے کہ آج اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو دنیا کا رہنما بنایا ہے جو حقیقی اسلام پیش کر رہی ہے، جو خاتم الخلفاء کے بعد اللہ تعالیٰ کے وعدے کے پورا ہونے کی شرط کو پورا ہوتے دیکھ رہی ہے، جو انفرادی اور اجتماعی عبادتوں میں بھی ترقی کر رہی ہے اور روحانی اور مالی اور جانی قربانیوں میں بھی آگے بڑھ رہی ہے اور اطاعت کے اعلیٰ نمونے بھی دکھا رہی ہے۔ جماعت احمدیہ کا یہ قافلہ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے آگے سے آگے بڑھتا چلا جائے گا۔ دعاؤں کے ساتھ اور قربانیوں کے ساتھ اور کامل اطاعت کے ساتھ اپنے آپ کو اس کا حصہ بنائیں، اس کی برکات سے فیضیاب ہوں۔		
28دسمبر 1913ء	تقریر جلسہ سالانہ 1913ء (تیسری و آخری قسط)	**پیدائش جسمانی اور تکوین روحانی کے مدارجِ ستہ اور کامیابی کے گُر۔** (فرمودہ حضرت الحاج حکیم مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ بمقام مسجد نور قادیان)	31جنوری	5
	انوار العلوم جلد 15 صفحہ 293تا297	عورت کے پسلی سے پیدا ہونے کا مفہوم (از خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ)	07فروری	6
25دسمبر 1912ء	تقریر جلسہ سالانہ بعد نماز ظہر (پہلی قسط)	**قرآن کو دستور العمل بناؤ۔ دین کو دنیا پر مقدم کرو۔** (تقریر فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ۔ بمقام مسجد اقصیٰ قادیان)	14فروری	7
	تقریر جلسہ سالانہ 1965ء	دین حق کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ ظاہر کرنے کے لئے **اللہ تعالیٰ نے حضرت مصلح موعودؓ کو علومِ ظاہری و باطنی میں غیر معمولی برتری عطا فرمائی** (سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کی تقریر میں سے حضرت مصلح موعودؓ سے متعلق حصہ)	14فروری	7
18جنوری 2014ء	مسجد نور Crawley کی افتتاحی تقریب کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب بمقام مسجد نور، Crawley، (انگلستان)	مسجد اللہ تعالیٰ کا ایک انعام ہے، ایک ایسی جگہ ہے جہاں آپ کو اکٹھے ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا بھی اور دوسرے تربیتی پروگرام کرنے کا بھی موقع ملتا ہے۔ یہ مسجد جس کا نام ’’مسجد نور‘‘ رکھا گیا ہے، اس بارے میں ہمیشہ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی جو ذات ہے وہ نور ہے اور زمین و آسمان کا نور ہے۔ نور کا مطلب ہے روشنی۔ اس لئے جو بھی آپ نے روشنی مانگنی ہے خدا تعالیٰ سے مانگیں۔ اُس کے آگے جھکیں۔ اپنے دلوں کو روشن کریں، اپنے ماحول کو روشن کریں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات وہ روشنی تھی جس نے اُن اندھیروں کو روشن کیا جو اُس وقت عرب میں پھیلے ہوئے تھے اور پھر وہاں سے وہ روشنی نکل کر ساری دنیا میں پھیلی۔ ہمارے دل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم کی ایک محبت ہے اور اس لئے محبت ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے ہم میں اُس نور کا ادراک پیدا کیا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اُترا اور یہی پیغام ہے جو آپ لوگوں نے، اس علاقے کے لوگوں نے، یہاں رہنے والوں نے اس علاقے میں پھیلانا ہے۔ اور اس کے پھیلانے کے لئے اپنے آپ کو پہلے اللہ تعالیٰ کا صحیح عبد بنانا ہے، اُس کا عبادت گزار بنانا ہے۔	21فروری	8
25دسمبر 1912ء	تقریر جلسہ سالانہ بعد نماز ظہر (دوسری قسط)	**قرآن کو دستور العمل بناؤ۔ دین کو دنیا پر مقدم کرو۔** (تقریر فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ۔ بمقام مسجد اقصیٰ قادیان)	21فروری	8

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
11جنوری2014ء	دوسری تقریب تقسیم اسنادجامعہ احمدیہ یوکے	**آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے جامعہ احمدیہ یوکے(UK) کا دوسرا بیچ(Batch) جو ہے وہ جامعہ پاس کر کے میدانِ عمل میں انشاء اللہ تعالیٰ آئے گا۔اللہ تعالیٰ ان تمام طلباء کو جنہوں نے آج یہ اسنادلیں اور اب انشاء اللہ تعالیٰ میدانِ عمل میں اپنا کام شروع کریں گے، جامعہ سے پاس ہونے کا یہ اعزاز مبارک کرے۔** دینی علم جو آپ نے یہاں سے حاصل کیا یا مختلف مضامین جو آپ نے یہاں سے پڑھے، اُن میں آپ نے ترقی کرنی ہے، اُن علوم کو بڑھانا ہے۔علم حاصل کرنا اور علماء کی صَف میں شامل ہونا،اس سے آپ میں ایک خاص بات پیدا ہونی چاہئے اور وہ ہے عاجزی۔ایک طرف آپ مربی سلسلہ ہیں اور ایک طرف آپ مبلغ سلسلہ ہیں۔یہ دونوں کام آپ نے کرنے ہیں۔جس زندگی میں اب آپ جارہے ہیں وہاں آپ مربی بھی بن رہے ہیں۔تربیت کرنے کی ذمہ داری بھی آپ کی ہے اور دنیا کو صحیح رستے پر چلانے کی ذمہ داری بھی آپ کی ہے۔آپ نے اپنوں کے بھی حق ادا کرنے اور فرائض نبھانے ہیں اور دوسروں کے بھی، غیروں کے بھی حق ادا کرنے ہیں۔اور غیروں کا حق اُسی صورت میں ادا ہوتا ہے جب آپ صحیح رنگ میں اُن کو اسلام کا پیغام پہنچائیں گے اور اُس پیغام پر خود بھی عمل کرنے والے ہوں گے۔پس اس بات کو خاص طور پر ہر مربی کو، ہر مبلغ کو ذہن نشین رکھنا چاہئے۔آپ نے خلافت سے تعلق کو اتنا مضبوط کرنا ہے کہ کسی کو آپ کے سامنے خلافت کے موضوع پر کوئی نازیبا الفاظ استعمال کرنے کی جرأت نہ ہو۔آپ مربی بن کر جہاں جہاں بھی جائیں گے وہاں نوجوان نسل میں خلافت سے تعلق پیدا کرنے کی کوشش کریں۔یہ تعلق دنیاوی تعلق نہیں ہے بلکہ جیسا کہ حضرت مسیح موعودعلیہ السلام نے فرمایا یہ تعلق محض لِلّٰہ ہونا چاہئے۔لوگوں کو یہ باور کرانا ہے یا یہ realize کروانا ہے کہ اب اسلام کی ترقی خلافت کے ساتھ وابستہ ہے اور خلیفۂ وقت کی آواز کو سننا اور سمجھنا اور اُس پر عمل کرنا ہماری سب سے بڑی ذمہ داری ہے۔اور سب سے بڑھ کر یہ کہ آپ لوگوں کو خدا تعالیٰ سے اپنے تعلق کو بڑھانا ہے اور پھر بڑھاتے چلے جانا ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو میدانِ عمل میں کامیابیاں عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ کرے کہ وہ مقصد پورا کرنے والے ہوں جس کی آپ سے توقع کی جاتی ہے اور ہمیشہ آپ خلافت کے سلطانِ نصیر بننے والے ہوں۔	28رفروری	9
25ردسمبر1912ء	تقریر جلسہ سالانہ بعدنمازظہر(تیسری قسط)	**قرآن کو دستور العمل بناؤ۔دین کو دنیا پر مقدم کرو۔** (تقریر فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ۔بمقام مسجد اقصیٰ قادیان)	28رفروری	9
25ردسمبر1912ء	تقریر جلسہ سالانہ بعدنمازظہر(قسط نمبر4 آخری)	**قرآن کو دستور العمل بناؤ۔دین کو دنیا پر مقدم کرو۔** (تقریر فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ۔بمقام مسجد اقصیٰ قادیان)	07رمارچ	10
26ردسمبر1912ء	تقریر جلسہ سالانہ بعدنمازظہر(قسط نمبر1)	**قرآن کو دستور العمل بناؤ۔دین کو دنیا پر مقدم کرو۔** (تقریر فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ۔بمقام مسجد اقصیٰ قادیان)	14رمارچ	11
26ردسمبر1912ء	تقریر جلسہ سالانہ بعدنمازظہر(قسط نمبر2)	**قرآن کو دستور العمل بناؤ۔دین کو دنیا پر مقدم کرو۔** (تقریر فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ۔بمقام مسجد اقصیٰ قادیان)	21رمارچ	12
26ردسمبر1912ء	تقریر جلسہ سالانہ بعدنمازظہر(قسط نمبر3 آخری)	**قرآن کو دستور العمل بناؤ۔دین کو دنیا پر مقدم کرو۔** (تقریر فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ۔بمقام مسجد اقصیٰ قادیان)	28رمارچ	13
29دسمبر2013ء	جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر ایم ٹی اے کے مواصلاتی ذرائع سے براہ راست اختتامی خطاب	ایسے لاکھوں لوگ تھے جن کو حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی میں خدا تعالیٰ نے مختلف ذریعوں سے رہنمائی کرکے آپ علیہ السلام کی تائید میں نشانات دکھا کر اُنہیں قبولِ احمدیت کی توفیق عطا فرمائی۔اللہ تعالیٰ کے آپ کی تائید میں نشانات آج تک ظاہر ہو رہے ہیں۔آج تک خدا تعالیٰ رہنمائی فرما رہا ہے جس سے افریقہ کے دور دراز علاقوں میں بیٹھا ہوا بھی حق کو پہچان رہا ہے اور عرب اور یورپ	28رمارچ	13

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اور امریکہ اور جزائر اور دوسرے ملکوں میں بیٹھا ہوا بھی حق کو پہچان رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے رہنمائی کرنے کے بہت سے ذرائع ہیں جو لوگوں کے سینے کھولتے ہیں اور اُنہیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت پر یقین پیدا ہوتا ہے اور وہ آپ کی بیعت میں شامل ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس وقت مَیں صرف ایک ذریعہ کا ذکر کروں گا جس میں اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی رہنمائی کی اور اب تک کرتا چلا آ رہا ہے اور وہ ہے خوابوں کا ذریعہ۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے زمانہ اور اس دَور میں اللہ تعالیٰ کے خوابوں کے ذریعہ لوگوں پر احمدیت کی صداقت کو منکشف کرنے کے بعض ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔ جس طرح سو سال پہلے کا واقعہ ایمان میں مضبوطی پیدا کرتا ہے اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت اور تائید الٰہی ہونے کا ثبوت دیتا ہے، اسی طرح آج بھی اللہ تعالیٰ کی تائید کے واقعات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت پر مہر ثبت کر رہے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہمیشہ سے تھی، ہے اور رہے گی۔ پاکستان یا بعض ملکوں میں جو ظلم اور زیادتیاں ہو رہی ہیں یہ انشاء اللہ تعالیٰ ایک دن ہوا میں اُڑ جائیں گی۔ ہمارا کام ہے اپنے مولیٰ کا دامن، اپنے اللہ کا دامن ہمیشہ پکڑے رہیں اور کبھی نہ چھوڑیں، کبھی اپنی وفا میں کمی نہ آنے دیں، کبھی اپنے ایمان میں کمزوری نہ آنے دیں، کبھی اپنی دعاؤں میں کمی نہ آنے دیں کہ یہی ہماری کامیابی کا ذریعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔		
	تحریر: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	اسلام کے اصولِ اطاعت	04/اپریل	14
	تحریر: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 2)	اسلام کے اصولِ اطاعت	11/اپریل	15
	تحریر: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 3)	اسلام کے اصولِ اطاعت	18/اپریل	16
	تحریر: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 4)	اسلام کے اصولِ اطاعت	25/اپریل	17
15 اگست 2009ء	جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب	ایک احمدی عورت اور لڑکی کے دل میں بامرادی کا تصور یہ ہونا چاہئے کہ نیکیوں میں آگے بڑھنا ہے، نہ کہ دنیا داری میں پڑ کر اپنے تقدّس کو ضائع کر دینا ہے۔ جماعت کی ویب سائٹ alislam پر بھی قرآنِ کریم کے صحتِ تلفظ کے پروگرام ہیں اور MTA پر بھی پروگرام آتے ہیں، ان کو ریکارڈ کر کے قرآن مجید پہلے خود سیکھیں اور پھر دوسروں کو سکھائیں۔ ہر عورت، ہر ماں جو ہے وہ صحتِ تلفظ کے ساتھ قرآنِ کریم پڑھانے والی ہو۔ اس ملک میں آ کر اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو سہولتیں اور آسانیاں مہیا فرمائی ہیں اُنہیں اپنی ذاتی عارضی تسکین کا ذریعہ نہ بناؤ بلکہ جماعت کے مفاد کے لئے استعمال کرو۔ انٹرنیٹ کو لغویات اور فضولیات کے لئے استعمال کرنے کی بجائے احمدیت کا پیغام پہنچانے کے لئے استعمال کرو۔ اسے غیر اور نامحرم لڑکوں سے رابطے کی بجائے دین سیکھنے کے لئے استعمال کرو۔	02/مئی	18

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
	تحریر:حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 5)	اسلام کے اصولِ اطاعت	02/مئی	18
	تحریر:حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 1)	**اسلام کے اصولِ حکومت**	09/مئی	19
	تحریر:حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 2)	**اسلام کے اصولِ حکومت**	16/مئی	20
23مارچ2014ء	یومِ مسیح موعود علیہ السلام	**یومِ مسیح موعود کے بابرکت موقع پر عربی میں حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ولولہ انگیز پیغام عرب دوستوں کے نام**	16/مئی	20
		حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ممبران شوریٰ (پاکستان) 2014ء کے نام پیغام۔ میں یہ ذمہ داری نمائندگان شوریٰ پر ڈالتا ہوں کہ میرا یہ پیغام ہر عہدیدار تک پہنچا دیں کہ ہم نے عملی اصلاح کی طرف قدم اٹھانا ہے۔ آپ نے دعاؤں اور استغفار کے ذریعہ سے اپنے آپ کو اس مقام تک پہنچانا ہے جہاں اللہ تعالیٰ کی رحمت کی خاص نظر ہم پر پڑے۔ **اگر نمائندگان شوریٰ اور ہر سطح کے عہدیداران اس پر عمل کرلیں تو میرے اندازے کے مطابق 70 فیصد گھروں میں mta بہتر رنگ میں سنا جائے اور خلیفہ وقت سے پہلے سے بڑھ کر تعلق قائم ہو جائے**	23/مئی	21
	تحریر:حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 3 آخری)	**اسلام کے اصولِ حکومت**	23/مئی	21
03/مئی2014ء	اختتامی خطاب برموقع جامعہ احمدیہ یوکے(UK) کی نویں سالانہ کھیلیں	**جس طرح علم حاصل کرنے کے لئے باقاعدگی سے مطالعہ ضروری ہے اسی طرح اپنے جسم کو صحت مند رکھنے کے لئے باقاعدگی سے کسی نہ کسی قسم کی کھیل میں اور ورزش میں شامل ہونا بھی ضروری ہے۔ آپ لوگوں کا مقصد یہ انعامات لینا نہیں ہے۔ آپ لوگوں کا مقصد اپنے جسم کو صحت مند بنانا ہے۔ تاکہ وہ کام جو آپ کے سپرد ہونے والے ہیں ان کو صحیح طور پر سرانجام دیں۔ جسم کا حق ادا کرنے کے لئے ایک تو ورزش ضروری ہے دوسرے اپنی زندگی کو regulate کرنا ضروری ہے، اپنی زندگی کو پابند کرنا ضروری ہے۔ اپنا ایک ایسا timetable بنائیں جس سے آپ کی زندگی مکمل طور پر regulate ہو جائے۔**	30/مئی	22
21اور22مارچ1921ء کی درمیانی شب	تقریر:حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	جماعت احمدیہ پر بعض اعتراضات کے جوابات	06/جون	23
21اور22مارچ1921ء کی درمیانی شب	تقریر:حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 2 آخری)	جماعت احمدیہ پر بعض اعتراضات کے جوابات	13/جون	24
27/مئی2014ء	**یوم خلافت**	**ایم ٹی اے پر براہِ راست نشر کیے جانے والے عربی پروگرام میں سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس** ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز **کا ولولہ انگیز پیغام۔ خلیفہ وقت کی براہِ راست کسی جگہ موجودگی اپنا ایک علیحدہ اثر رکھتی ہے۔** خدا تعالیٰ نے ہمارے آقا و مطاع حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ	20/جون	25

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		علیہ وسلم خاتم الانبیاء کی اتباع میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خاتم الخلفاء، خاتم الاولیاء اور مجدد الف آخر بنا کر بھیجا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کی اتباع میں خلافت احمدیہ ہی تجدید دین کے کام کو آگے بڑھانے والی ہے اور آگے بڑھا رہی ہے۔ **اب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام صادق کی غلامی اور خلافت کی اطاعت میں ہی اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے کے راستے ہیں اس کے علاوہ اور کوئی راستہ نہیں۔** حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کسی طرح بھی عام مجددین کے زمرے میں شامل کرنا جائز نہیں کیونکہ آپ کا زمانہ اور آپ کا مکان اور آپ کی تجدید دین کی حالت ہر زمانے اور ہر مکان اور تمام قسم کی برائیوں اور بدعات کو ختم کرنے پر پھیلی ہوئی ہے۔ آج خدا تعالیٰ کی فعلی شہادت اس بات پر مہر لگاتی ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد قائم ہونے والا نظام خلافت اللہ تعالیٰ کی طرف سے تائید یافتہ ہے۔ اس وقت آپ لوگ جو ٹی وی کے سامنے بیٹھ کر ایم ٹی اے کے پروگرام دیکھ رہے ہیں اور دنیا میں ہر جگہ ایک ہی وقت میں خلیفہ وقت کے جو خطبات سنے جاتے ہیں، کیا اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت کی یہی ایک دلیل کافی نہیں! اس سے بڑھ کر دین کے معاملے میں اکائی اور تجدید کا نمونہ اور کیا ہوگا کہ دنیا میں پھیلے ہوئے احمدی ایک اشارے پر اٹھتے اور بیٹھتے ہیں۔ **اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنے کے لئے جس طرح عربوں نے اسلام کے پہلے دور میں اپنا کردار ادا کیا تھا اب اسلام کی حقیقی تصویر دنیا کو دکھانے کے لئے اسلام کی نشأۃ ثانیہ میں بھی اپنا کردار ادا کریں۔**		
26 نومبر 1933ء	تقریر: حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	**اُسوۂ کامل** صلی اللہ علیہ وسلم	20/جون	25
26 نومبر 1933ء	تقریر: حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 2)	**اُسوۂ کامل** صلی اللہ علیہ وسلم	27/جون	26
22 فروری 2014ء	IAAAE کے یورپین چیپٹر کے سالانہ سمپوزیم کے موقع پر	**انگریزی زبان میں سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کا اردو ترجمہ فرمودہ بروز ہفتہ بمقام ناصر ہال، بیت الفتوح لندن** میرے دل میں اس ایسوسی ایشن کے لئے غیر معمولی محبت اور عزت کے جذبات ہیں کیونکہ آپ نے نہ صرف ضرورت مند انسانوں تک جسمانی اور مادی سہولیات بہم پہنچائی ہیں بلکہ وہ راہ بھی آسان کردی ہے جس پر چل کر یہ لوگ روحانی روشنی بھی حاصل کر رہے ہیں اور ان کا خلیفہ وقت سے براہ راست تعلق بھی قائم ہو گیا ہے۔ نوجوانوں کے جماعت احمدیہ اور خلافت احمدیہ کے ساتھ مخلصانہ تعلق کا نتیجہ ہے کہ وہ یہاں بھی اخلاص و وفا کی اعلیٰ مثالیں قائم کر سکے ہیں۔ یہ ایسوسی ایشن ایک نہایت اہم فریضہ انسانیت کی خدمت اور ضرورتمندوں کی مدد کرنے کا بھی بخوبی نبھا رہی ہے۔ مجھے افریقہ میں چند سال رہنے کا تجربہ ہے اور مَیں پانی کی قدرو قیمت اور بطور خاص پینے کے لئے صاف پانی کی اہمیت بخوبی سمجھ سکتا ہوں۔ کسی کو ہرگز یہ خیال نہ گزرے کہ افریقہ کے دور دراز دیہات میں بسنے والے، جن کی اکثریت ناخواندہ ہے، دوسرے احمدیوں جیسے محبت کے جذبات اور احساسات سے عاری ہیں۔ یہ سب لوگ بھی بالکل اسی طرح محبت اور وفا کے جذبات سے لبریز ہیں۔ یہ عالمی ایسوسی ایشن برائے احمدی ماہرین تعمیرات وانجینئرز ہمارے شکریہ اور دعاؤں کی بھی حقدار ہے جو اِن دُور افتادہ علاقوں میں بسنے والے محروم لوگوں تک صرف جسمانی پانی ہی مہیا نہیں کر رہی ہے جو اُن کی پیاس بجھانے کا باعث ہے، بلکہ روحانی لحاظ سے انہوں نے احمدیوں کی روحانی پیاس کے بجھانے کا بھی سامان کیا ہے۔	04/جولائی	27

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
26 نومبر 1933ء	تقریر: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ (قسط نمبر 3 آخری)	**اُسوۂ کامل** صلی اللہ علیہ وسلم	04/ جولائی	27
13/ اپریل 2014ء	مسلم ٹیلی ویژن احمدیہ انٹرنیشنل کی تیسری انٹرنیشنل کانفرنس کی اختتامی تقریب	**حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے انگریزی زبان میں خطاب کا اردو ترجمہ بمقام طاہر ہال مسجد بیت الفتوح۔لندن** پروگرامنگ اور پروڈکشن وہ دو شعبہ جات ہیں جن سے تمام ممالک کے نیشنل MTA اسٹوڈیوز کو مضبوط روابط قائم رکھنے چاہئیں۔آپ جو بھی پروگرام تیار کریں وہ بہترین معیار کے ہونے چاہئیں اور وقت کی ضروریات کے مطابق ہوں۔جب ایسے پروگرامز تیار ہو جائیں تو MTA اور شعبہ تبلیغ کو مل بیٹھ کر اس طرح ان پروگراموں کو مشتہر کرنا چاہیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ممکنہ سامعین و ناظرین تک پہنچ سکیں۔ہمیں ایک طرف تو ایسے پروگرام بنانے ہیں جو تمام لوگوں مرد و زن، جوانوں اور بوڑھوں کے لئے تربیت کا ذریعہ ہوں جبکہ دوسری طرف ہمیں اس طرح کے پروگرامز بھی بنانے ہیں جو اسلام کی سچائی کی تبلیغ کا بھی ذریعہ ہوں۔عصرِ حاضر میں MTA ہے جو سچائی کو پھیلانے کے لئے بڑا اہم اور نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔اس طور پر آپ سب، قطع نظر آپ کے عہدہ کے بہت خوش قسمت ہیں جو MTA میں خدمات کی توفیق پا رہے ہیں۔	11/ جولائی	28
25/ جولائی 2009ء	جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب	**2008-2009ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بیشمار فضلوں کا نہایت ایمان افروز اجمالی تذکرہ**۔خلافت جوبلی فنڈ کے مصارف کا تذکرہ۔جو منصوبے اپنی تکمیل کے لئے کئی سال لے سکتے تھے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس فنڈ سے احسن رنگ میں مکمل ہو گئے۔اس سال دو نئے ممالک سربیا اور لتھوینیا میں احمدیت کا نفوذ ہوا۔اس طرح اب تک 195 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔دوران سال 531 نئی جماعتوں کا قیام ہوا۔مساجد کی تعداد میں 399 کا اضافہ ہوا۔ان میں سے 164 نئی تعمیر ہوئیں اور 235 بنی بنائی عطا ہوئیں۔مساجد کی تعمیر کے سلسلہ میں بعض ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔دوران سال تبلیغی مراکز میں 106 کا اضافہ ہوا۔کئی ممالک میں جماعت کے پہلے تبلیغی مرکز کا قیام عمل میں آیا۔اس سال اشانٹی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ پہلی بار شائع ہوا۔اس طرح تراجم قرآن کریم کی تعداد 69 ہو گئی ہے۔دوران سال 31 زبانوں میں 523 مختلف کتب، پمفلٹ اور فولڈرز 24 لاکھ 86 ہزار کی تعداد میں شائع ہوئے۔مختلف زبانوں میں منتخب آیات قرآن کریم منتخب احادیث اور منتخب تحریرات حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے تراجم شائع ہوئے۔اس سال 18 زبانوں میں منتخب آیات قرآن کریم، 24 زبانوں میں منتخب احادیث اور 19 زبانوں میں منتخب اقتباسات حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی CDs تیار کی گئیں۔ **رقیم پریس کی مساعی کا مختصر تذکرہ**	01/ اگست	31
25/ جولائی 2009ء	جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (دوسری قسط)	**2008-2009ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بیشمار فضلوں کا نہایت ایمان افروز اجمالی تذکرہ۔ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی مساعی کا مختصر تذکرہ۔ایم ٹی اے العربیہ کی وسعت۔ایم ٹی اے کے ذریعہ بیعتیں۔** مختلف ممالک میں امسال 1159 ٹی وی پروگراموں کے ذریعہ 769 گھنٹے اور 40 منٹ کا وقت ملا۔اس طرح مختلف ملکی ریڈیو سٹیشنز پر 3788 گھنٹوں پر مشتمل 5488 پروگرام نشر ہوئے اور کروڑوں افراد تک اسلام احمدیت کا پیغام پہنچا۔امسال 527 نمائشوں، 790 بکسٹالز اور 48 بک فیئرز کے ذریعہ لاکھوں افراد تک اسلام کے پیغام کی تشہیر۔**مختلف مرکزی ڈیسکس کی کارکردگی**	08/ اگست	32

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	برموقع	تاریخ
		کا تذکرہ۔ایم ٹی اے 3العربیہ کے اثرات اوراس کے بارہ میں عربوں کے تاثرات۔تحریک وقف نو،احمدیہ ویب سائٹ، پریس اینڈ پبلیکیشنز،مخزن تصاویر کی خدمات کا تذکرہ۔		
33	15/اگست	2008-2009ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بیشار فضلوں کا نہایت ایمان افروز اجمالی تذکرہ۔احمدیہ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز، ہیومینٹی فرسٹ ،نصرت جہاں سکیم کی خدمات کا تذکرہ۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال 111 ممالک سے تعلق رکھنے والی 366 قوموں کے 4لاکھ 16ہزار دس افراد بیعت کرکے احمدیہ مسلم جماعت میں شامل ہوئے۔**نومبائعین سے رابطوں اور رؤیائے صادقہ کے ذریعہ قبول احمدیت کے ایمان افروز واقعات کا بیان۔دعوت الی اللہ کی راہ میں روکیں ڈالنے والوں کا انجام۔**98 ممالک میں نظام وصیت کا قیام عمل میں آچکا ہے۔	جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (تیسری وآخری قسط)	25/جولائی2009ء
35 36	29/اگست 05/ستمبر	2008-2007ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا تذکرہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت دنیا کے 193 ممالک میں قائم ہو چکی ہے۔امسال چار نئے ممالک میں جماعت کا نفوذ ہوا۔593 نئی جماعتیں قائم ہوئیں۔351 مساجد اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کرنے کی سعادت ملی۔142 مشن ہاؤسز کا اضافہ ہوا۔چار نئی زبانوں میں مکمل قرآن کریم کے تراجم کی طباعت کے ساتھ یہ تعداد 68 ہوگئی ہے۔ماؤرے زبان میں پہلے 15 پاروں کا ترجمہ شائع ہوا۔اس سال 957 نمائشوں کے ذریعہ سے چھ لاکھ چھیاسٹھ ہزار دو سو تیئس (6,66,223) افراد تک اسلام کا پیغام پہنچا۔ فرنچ، بنگلہ، چینی، ٹرکش اور عربک ڈیسک کی مساعی جمیلہ کا تذکرہ۔جماعت پر اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں اور رحمتوں کے ذکر پر مشتمل حضور انور ایدہ اللہ کا نہایت درجہ ایمان افروز، روح پرور اور ولولہ انگیز خطاب۔	جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب	26جولائی2008ء
35 36	29/اگست 05/ستمبر	دنیا کا امن دنیا کے لوگوں کے ذریعہ نہیں ہوسکتا	لیکچر: حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	9/ستمبر1924ء
35 36	29/اگست 05/ستمبر	معاندین احمدیت، شرپسند وفتنہ پرور مُلّاؤں کے فسادات کا مقصد اور طریق کار	سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد (خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ)	
37	12/ستمبر	2007-2008ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا تذکرہ بک فیئرز، ریڈیو، ٹی وی، اخبارات اور جماعتی ویب سائٹ کے ذریعہ کروڑوں افراد تک اسلام احمدیت کا پیغام پہنچا۔مجلس نصرت جہاں، آرکیٹیکٹس وانجینئرز ایسوسی ایشن اور ہیومینٹی فرسٹ کے ذریعہ خدمت انسانیت کے مختلف پروگراموں کا مختصر تذکرہ۔تحریک وقف نو اور نظام وصیت میں شامل ہونے والوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ۔اللہ کرے کہ اس سال کے آخر تک وصیت میں شامل ہونے والوں کی تعداد ایک لاکھ ہوجائے۔	جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (دوسری وآخری قسط)	26جولائی2008ء
41	10/اکتوبر	وہ نوجوان بچیاں جو بلوغت کی عمر کو پہنچ رہی ہیں اور جن کی عقل اور سوچ پختہ ہوگئی ہے انہوں نے انشاء اللہ تعالیٰ مائیں بھی بننا ہے جہاں انہیں نیک نصیب ہونے اور اچھے خاوند ملنے کے لئے دعائیں کرنی چاہئیں وہاں انہیں ان ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لئے بھی اپنے آپ کو تیار کرنا چاہئے جو مستقبل میں اُن پر پڑنے والی ہیں۔اس وقت آپ کے لئے تبلیغ سے زیادہ تربیت کی ضرورت	جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب	14جون2014ء

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		ہے۔ پہلے اپنی تربیت کی طرف توجہ دیں، اپنی عملی حالتوں کو درست کر لیں تو تبلیغ کے میدان پھر خود بخود کھلتے چلے جائیں گے۔ تبلیغ کے ساتھ ساتھ اگلی نسلوں کی تربیت اور انہیں خدا تعالیٰ سے جوڑنے اور جماعت کا فعّال حصہ بنانے کے لئے بھی آپ کے علمی، عملی اور روحانی نمونے ضروری ہیں۔ جو ایمان ہمارے بڑوں کے اندر تھا وہی ایمان ہمارے اندر ہونا چاہئے۔ احمدیت یعنی حقیقی اسلام کی سچائی ہر ایک کے دل میں میخ کی طرح گڑی ہونی چاہئے۔ احمدیت نے تو انشاء اللہ تعالیٰ ترقی کرنی ہے۔ اگر پرانے احمدیوں کے عملی نمونے نئے آنے والوں کے لئے مددگار رہوں گے تو اس کا بھی ثواب ملے گا۔ اگر عملی نمونے نہیں دکھائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان نئے آنے والوں میں سے ہی عملی نمونے قائم کرنے والے پیدا فرماتا چلا جائے گا۔ **حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعد خلافت کے جاری نظام میں آنے والا ہر خلیفہ اس لئے خلیفۃ المسیح کہلاتا ہے کہ اس نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بتائے ہوئے طریق کے مطابق دین کی تجدید کے کام کو جاری رکھنا ہے اور آپ کے مشن کو آگے بڑھانا ہے۔** سعادت اسی میں ہے کہ وقت کا خلیفہ جو بات کہے اس کے پیچھے چلیں اور اطاعت کے نمونے دکھائیں۔ اسی میں آپ کی کامیابی ہے اور اسی میں آپ کی نسلوں کی بقا ہے۔		
21/اکتوبر 1936ء		**قوم مرنے والوں سے زندہ نہیں رہتی بلکہ ان زندہ رہنے والوں سے زندہ رہتی ہے جو ہر وقت مرنے کے لئے تیار ہوں۔** حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ	10/اکتوبر	41
29 اگست 2014ء	جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا حدیقۃ المہدی، آلٹن میں افتتاحی خطاب	ابتدائے اسلام سے آج تک اسلام کے خلاف اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے خلاف جو اوچھے ہتھکنڈے استعمال کئے گئے اور کئے جا رہے ہیں اور جو مخالفت اور دشمنی کے بازار گرم کئے گئے اور کئے جا رہے ہیں اس کی مثال دنیا کے کسی مذہب اور اس کے پیشوا اور رسول کی مخالفت میں نہیں ملتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات جو مجسم رحمت اور برکت تھی اور ہے اور قیامت تک رہے گی اس پر جو جھوٹ کا سہارا لیتے ہوئے غلاظت اور گند اچھالنے کی کوشش کی گئی اور کی جاتی ہے وہ کسی اور نبی پر نہیں ہوئی۔ لیکن ان تمام باتوں کے باوجود اسلام اللہ تعالیٰ کے وعدے کے مطابق ترقی ہی کرتا چلا گیا۔ آج بھی باوجود مخالفین اور میڈیا کے بے انتہا اسلام مخالف پراپیگنڈے کے ترقی کر رہا ہے۔ اگر مسلمانوں کے چند گروہوں کے عمل ایسے ہیں جو اسلام کی تعلیم کو بدنام کر رہے ہیں یا مخالفین اسلام کو اسلام پر انگلی اٹھانے کا موقع دے رہے ہیں تو یہ بھی قرآن کریم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی کا ثبوت ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتا دیا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ہمیں بتا دیا تھا کہ انحطاط جو انسانی زندگی کا حصہ ہے ایک وقت کے بعد اس کا اثر مسلمانوں پر بھی ہوگا اور ایک لمبا عرصہ رہے گا پھر یہ بھی وعدہ ہے کہ آخری زمانے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک عاشق صادق اور غلام صادق بھیجا جائے گا جو آخرین کو اوّلین سے ملائے گا۔ قرآن کریم کی خوبصورت تعلیم کو حقیقی رنگ میں دنیا کو دکھائے گا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کے حسن و احسان کو دنیا کے سامنے پیش کرے گا جو ہر مخالف اور معاند کا منہ بند کر دے گا۔ وہ لوگ جو بغیر سوچے سمجھے اسلام اور بانی اسلام پر اعتراض کرتے ہیں، دلائل سے ان کے منہ بند کرنا اور عمل سے ان کے منہ بند کرنا ہر احمدی کا فرض ہے۔ ہم نے دنیا کو بتانا ہے کہ رُوئے زمین پر نہ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے پہلے اور نہ بعد میں کوئی ایسا شخص تھا، نہ ہوگا جو تمام جہانوں کے لئے رحمت ہو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رحمۃ للعالمین ہونے کے مختلف پہلوؤں کا ایمان افروز تذکرہ۔ آج مسلمانوں کے تمام مسائل کا حل بھی رحمۃ للعالمین کی پیروی کرنے میں ہے اور غیر مسلموں کے سکون کے ضامن بھی وہ رحمۃ للعالمین ہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ دنیا کو عقل اور سمجھ آ جائے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی دنیا میں اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم اپنی زندگیوں میں دنیا میں یہ احساس پیدا ہوتے دیکھیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی دنیا کے لئے رحمۃ للعالمین اور راہ نجات ہیں۔	17/اکتوبر	42

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
30؍اگست2014ء	جلسہ سالانہ یوکے کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا حدیقۃ المہدی آلٹن میں مستورات سے خطاب	ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ عام مسلمان اور ایک احمدی مسلمان کے عملی نمونوں میں واضح فرق ہونا چاہئے کیونکہ ہم نے اس زمانے کے امام کو مانا ہے۔ہم نے اس روشنی سے حصہ لیا ہے یا حصہ لینے کا دعویٰ کرتے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں روشنی دکھانے کے لئے بھیجا ہے۔ہمیں دنیا کے اس نفسانفسی کے دَور میں اپنے آپ کو ہر برائی سے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی روشنی کی مدد سے بچانے کی ضرورت ہے۔خراب راستوں سے بچنے کی ضرورت ہے۔ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ مسلمانوں کا زوال راتوں کی دعاؤں کو چھوڑنے اور لہو ولعب میں پڑنے کی وجہ سے ہوا تھا۔آجکل بھی لہو ولعب،رات دیر تک مختلف کاموں میں مصروف رہنا،غیر تعمیری کاموں میں مصروف رہنا۔ٹی وی ہے فلمیں ہیں انٹرنیٹ پر بیٹھنا ہے اور پھر فجر کی نماز پر نہ اٹھنا۔تہجد تو علیحدہ رہی فجر کی نماز بھی نہیں پڑھتے اور جب فجر کی نماز وقت پر نہیں ادا ہوگی تو یہیں سے پھر زوال بھی شروع ہو جائیں گے۔پس یہ کوشش ہم میں سے ہر ایک کو کرنی چاہئے کہ اپنی نمازوں کی بھی حفاظت کریں کیونکہ تاریخ ہمیں یہی بتاتی ہے کہ زوال وہیں شروع ہوتے ہیں جب اللہ تعالیٰ کی عبادتوں کی طرف سے توجہ ہٹتی ہے۔اس زمانے میں معاشرہ مذہب سے دُور لے جانے میں بڑا کردار ادا کرتا ہے اس لئے یہ دعا بھی ایک مومن کی دعاؤں میں شامل ہونی چاہئے کہ ہمیں کفر اور شیطنت کے جہنم سے بچا۔ہمیں لامذہبیت کے جہنم سے بچا۔ہمیں خودسری،جھوٹ اور ظلم کے جہنم سے بچا۔ہمیں اپنی رضا اور محبت کی دُوری کے جہنم سے بچا۔انصاف کا نعرہ لگانا یا چھوٹی سطح پر انصاف کرنا بالکل اور چیز ہے اور مکمل سچائی کے ساتھ مکمل طور پر سچی گواہی دینا بالکل اور چیز ہے۔ہم دنیا کو روشنی دینے کا دعویٰ لے کر اٹھے ہیں،ہر عورت اور مرد جو احمدی ہونے کا اعلان کرتا ہے اس کا یہی دعویٰ ہے کہ ہم نے دنیا میں سچائی کو قائم کرنا ہے اگر یہ نہیں تو ہمارے دعوے کھوکھلے ہیں۔ہم میں سے ہر بچے،ہر بوڑھے،ہر جوان،ہر عورت اور ہر مرد کو یہ عہد کرنا چاہئے کہ جیسے بھی حالات ہوں ہر حالت میں مَیں نے سچ بولنا ہے۔خاص طور پر احمدی عورتوں کو سچائی کے قائم کرنے کے لئے ایک مہم چلانی چاہئے کیونکہ عورتوں نے آئندہ نسلوں کی تربیت میں بہت اہم کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔مختلف معاشرتی برائیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان سے بچنے اور حقیقی معنوں میں عبادالرحمان بننے کے لئے قرآنی آیات کی روشنی میں اہم نصائح۔	24؍اکتوبر	43
27ستمبر1937ء	جلسہ سالانہ قادیان	بعض باتیں چھوٹی ہوتی ہیں لیکن نتائج کے لحاظ سے بہت اہم ہوتی ہیں۔(انتخاب از خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ)	24؍اکتوبر	43
17دسمبر1954ء		تحریک جدید۔اسلام کے احیاء کی کوششوں میں سے ایک زبردست کوشش	07؍نومبر	47
	1924ء میں دورۂ یورپ کے دوران	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے 1924ء کے سفر یورپ کے دوران کی بعض مجالس سوال و جواب	14؍نومبر	46
	1924ء میں دورۂ یورپ کے دوران	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے 1924ء کے سفر یورپ کے دوران کی بعض مجالس سوال و جواب (قسط نمبر2)	21؍نومبر	47
یکم جون1956ء	اقتباس از خطبہ جمعہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ	نوجوانان احمدیت کو عبادت کی خصوصی تحریک اور اس کے انقلابی اثرات	21؍نومبر	47
	1924ء میں دورۂ یورپ کے دوران	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے 1924ء کے سفر یورپ کے دوران کی بعض مجالس سوال و جواب (قسط نمبر3)	28؍نومبر	48
	1924ء میں دورۂ یورپ کے دوران	حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے 1924ء کے سفر یورپ کے دوران کی بعض مجالس سوال و جواب (قسط نمبر4 آخری)	05؍دسمبر	49
9ستمبر1955ء	اقتباس از خطبہ جمعہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ	آرہا ہے اس طرف احرار یورپ کا مزاج۔	12؍دسمبر	50

تاریخ	برموقع/حوالہ	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
30/اگست2014ء	جماعت احمدیہ انگلستان کے جلسہ سالانہ کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا حدیقۃ المہدی، (آلٹن) میں دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب	**2013ء اور 2014ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے اب دنیا کے 206 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔ اس سال Belize اور Uruguay میں احمدیت کا نفوذ ہوا۔** اس سال پاکستان کے علاوہ دنیا بھر میں 730 نئی جماعتیں قائم ہوئیں۔نئی جماعتوں کے قیام کے سلسلہ میں بعض واقعات کا تذکرہ۔اس سال 204 نئی مساجد تعمیر ہوئیں اور 382 مساجد بنی بنائی جماعت کو ملیں۔مساجد کی تعمیر کے تعلق میں بعض دلچسپ واقعات۔مشن ہاؤسز اور تبلیغی مراکز کا قیام اور جماعت کے خصوصی امتیاز وقارِعمل کے ذریعہ بچت کا ذکر۔مختلف زبانوں میں کتب ولٹریچر کی تیاری وتراجم کی اشاعت۔قرآن کریم اور اسلامی اصول کی فلاسفی کے تراجم پر تبصرے۔دوران سال طبع ہونے والی بعض نئی کتب کا تذکرہ۔83 ممالک سے موصولہ رپورٹس کے مطابق اس سال 43 زبانوں میں 665 مختلف کتب، پمفلٹس اور فولڈرز وغیرہ 61 لاکھ 52 ہزار کی تعداد میں طبع ہوئے۔اس وقت دنیا کی 28 زبانوں میں 143 جماعتی اخبارات و رسائل طبع ہو رہے ہیں۔	12/دسمبر	50
30/اگست2014ء	جماعت احمدیہ انگلستان کے جلسہ سالانہ کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا حدیقۃ المہدی، (آلٹن) میں دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (قسط نمبر2)	**2013ء اور 2014ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔** ریویو آف ریلیجنز، موازنہ مذاہب، وکالت اشاعت (ترسیل) اور وکالت تعمیل و تنفیذ (بھارت، نیپال، بھوٹان) کا تذکرہ۔اس سال 2235 نمائشوں کے ذریعہ 5 لاکھ 81 ہزار افراد تک اور 11047 بک سٹال اور 226 بک فیئرز میں شمولیت کے ذریعہ 80 لاکھ سے زائد افراد تک اسلام احمدیت کا پیغام پہنچا۔نمائشوں، بک سٹالز اور بک فیئرز کے بعض ایمان افروز واقعات وتأثرات کا بیان۔اس سال 1550 اخبارات نے 3826 جماعتی مضامین، آرٹیکلز اور خبریں وغیرہ شائع کیں جن کے قارئین کی مجموعی تعداد 55 کروڑ 14 لاکھ 65 ہزار بنتی ہے۔اس سال مجموعی طور پر ایک کروڑ 34 لاکھ سے زائد لیفلیٹس تقسیم ہوئے۔لیفلیٹس وفلائرز کی تقسیم کے دوران پیش آمدہ دلچسپ واقعات۔رشین ڈیسک، بنگلہ ڈیسک، فرنچ ڈیسک، چینی ڈیسک، ٹرکش ڈیسک اور عربی ڈیسک کی مساعی کا مختصر تذکرہ۔ایم ٹی اے اور عربی پروگراموں کے بارہ میں لوگوں کے تأثرات۔تحریک وقف نو، جماعتی ویب سائٹ، پریس اینڈ میڈیا آفس، ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی مساعی اور ایم ٹی اے کے ذریعہ سے بیعتوں کے ایمان افروز واقعات۔	19/دسمبر	51
یکم نومبر1936ء	ایک رئیس سے مکالمہ۔ (انوار العلوم جلد 11 صفحہ 295 تا 303)	**”احمدیت کی اصل ترقی تو روحانیت یا معارف وحقائق کی ترقی ہے لیکن کمزور لوگوں کے لئے خدا تعالیٰ نے اس کو دُنیوی ترقی بھی دی ہے اور دے گا لیکن دُنیوی ترقی اس کا اصل مقصود نہیں“**	19/دسمبر	51
30/اگست2014ء	جماعت احمدیہ انگلستان کے جلسہ سالانہ کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا حدیقۃ المہدی، (آلٹن) میں دوسرے دن بعد دوپہر کا خطاب (قسط نمبر3 آخری)	**2013ء اور 2014ء میں جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ۔** مجلس نصرت جہاں، IAAAE، ہیومینٹی فرسٹ اور خدمت خلق کے مختلف کاموں کا بیان۔افریقہ کے تین ممالک میں احمدیہ ریڈیو سٹیشنز کی تعداد 16 ہو چکی ہے جن سے مختلف زبانوں میں پروگرام نشر ہو رہے ہیں۔نو مبائعین سے رابطہ۔امسال اللہ تعالیٰ کے فضل سے 5 لاکھ 55 ہزار 235 افراد رؤیائے صادقہ کے ذریعہ، نشان دیکھ کر، احمدی کا نمونہ دیکھ کر اور مخالفین کے پراپیگنڈا کے نتیجہ میں بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔بیعتوں کے ایمان افروز واقعات۔بیعت کے بعد نو مبائعین کے اندر غیر معمولی پاک تبدیلی کے واقعات۔دعوت الی اللہ کی راہ میں روکیں ڈالنے والوں کے انجام اور دیگر متعدد امور سے متعلق نہایت دلچسپ اور ایمان افروز تفصیلات۔	26/دسمبر	52

تاریخ	برموقع	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
28دسمبر1930ء	جلسہ سالانہ قادیان	**بعض سوالات کے جوابات** (فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ)	26؍دسمبر	52
22جون2014ء	مجلس خدام الاحمدیہ یوکے کے سالانہ اجتماع کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے انگریزی زبان میں اختتامی خطاب کا اردو میں مفہوم	خدام الاحمدیہ کو ہمیشہ یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ کامیاب قومیں اور کامیاب لوگ وہ ہیں جو محض جامد ہو کر ایک جگہ رُک نہیں جاتے بلکہ یقین کامل کے ساتھ آگے بڑھتے رہتے ہیں اور مسلسل بہتری پیدا کرنے اور دُور دراز علاقوں تک پھیلتے چلے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یقیناً ایسی جماعت جس کا مقصد ساری دنیا تک خدا تعالیٰ کا پیغام پہنچانا اور ساری دنیا پر اُس کی حاکمیت کو قائم کرنا ہے ایسی جماعت کا قدم تو باقی تمام اقوام کی نسبت زیادہ تیزی کے ساتھ آگے بڑھنا چاہئے۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کا دعویٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں کے عین مطابق تھا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کا ایک نشان تھا۔ آج بھی وہ خدا پہلے کی طرح جماعت کی سچائی اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کو لوگوں کے دلوں میں براہِ راست ڈال رہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہر سال لاکھوں نفوس جماعت میں شامل ہوتے ہیں۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ سے اور آج کے دَور سے بعض نوجوانوں کی خوابوں اور رؤیائے صادقہ کے ذریعہ احمدیت کی صداقت کی طرف رہنمائی کے نہایت ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان اور خدام کو نصائح۔ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ خود ہی ان دُور دراز علاقوں میں رہنے والوں کی بھی رہنمائی کر رہا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف ان کی رہنمائی فرماتا ہے جو سعید فطرت ہیں، جو متقی ہیں اور صداقت کی تلاش میں ہیں قطع نظر اس کے کہ وہ دنیا میں کس جگہ رہتے ہیں۔ یہ واقعات جو میں نے ابھی سنائے ہیں یہ صرف محظوظ ہونے کے لئے نہیں ہیں بلکہ یہ ہماری حالتوں کو بدلنے کا محرّک بننے چاہئیں۔ یہ واقعات اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق قائم کرنے کا باعث ہونے چاہئیں تا کہ ہم حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خواہش کے مطابق وہ معیار حاصل کرنے والے بن سکیں جن کی آپ علیہ السلام کو ہم سے توقع تھی۔ ایسے واقعات بے شمار ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نصرت ہماری جماعت کے ساتھ ہے۔ ہر احمدی کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ذاتی تعلق قائم کرنے کے لئے کوشش کرنی چاہئے اور دعاؤں کی طرف توجہ دینی چاہئے۔ انہیں قرآن کریم کی روشنی میں ہر برائی سے بچتے ہوئے اور ہر نیکی کو اختیار کرتے ہوئے اپنی زندگیاں گزارنی چاہئیں۔ ہر احمدی کو اپنی نماز میں باقاعدہ ہونا چاہئے اور اس سچائی کو دنیا کے ہر کونے تک پہنچانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ جو نئے اسائلم سیکرز آئے ہوئے ہیں ان کو بھی میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ آپ لوگ یہاں آئے ہیں تو یہاں آکر اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں۔ یہاں کی رنگینیوں میں نہ پڑ جائیں۔ اللہ تعالیٰ کو یاد رکھیں۔ اپنی نمازوں کی حفاظت کریں۔ قرآن کریم کی طرف توجہ دیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام کو بلند کرنے کی کوشش کریں۔ اسلام کے نام کو بلند کرنے کی کوشش کریں۔ اور اُس مشن کا حصہ بن جائیں جس کو مکمل کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بھیجا تھا۔ اسی سے آپ کی بقا ہوگی اور اسی سے انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی آئندہ نسلوں کی بقا ہوگی۔	26؍دسمبر	52

تعلیمی، تربیتی و علمی مضامین

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	... مصالح العرب۔(قسط نمبر 279) مکرمہ ہالہ شحاتۃ عطیہ صاحبہ (3)	03/جنوری	1
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔آسٹریلیا عبدالباسط قمر بقاپوری ارشد احمد شہباز۔جرمنی ریحانہ صدیقہ بھٹی، آئی۔اسلام آباد	... مصالح العرب۔(قسط نمبر 280) مکرمہ ہالہ شحاتۃ عطیہ صاحبہ (4) **... زہریلی چھپکلیوں کے لعاب سے شوگر اور بلڈ پریشر کا علاج** ... جلسہ سالانہ قادیان 1913ء کا آنکھوں دیکھا حال۔الفضل کی زبانی ... حضرت سیّد میر داؤد احمد صاحب (مرحوم) کی چند حسین یادیں ... بَن بیٹھے خدا بندے......ٹرانس ہیومن ازم	10/جنوری	2
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	... مصالح العرب۔(قسط نمبر 281) مکرم عطیہ بنداری صاحب (1) **... سوال و جواب۔ حضرت امام حسن عسکریؒ سے لے کر حضرت امام مہدیؑ کے ظہور تک مسلمانوں میں کون کون سے بزرگ ہدایت کے لئے آتے رہے ہیں اور کیا مجددین اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھے؟**	17/جنوری	3
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔آسٹریلیا	... مصالح العرب۔(قسط نمبر 282) مکرم عطیہ بنداری صاحب (2) ... **سوال و جواب**۔ سزا اصلاح کے واسطے دی جاتی ہے۔لیکن آخرت میں سزا کیوں دی جائے گی اگر اس کے بعد گناہ کے مرتکب ہو ہی نہیں سکتے۔ **... 100 سال پہلے 1914ء میں رُونما ہونے والے بعض اہم واقعات**	24/جنوری	4
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	... مصالح العرب۔(قسط نمبر 283) مکرم عطیہ بنداری صاحب (3)	31/جنوری	5
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن انور محمود، لاس اینجلیس۔ ترجمہ و ترتیب ملک فضل داد	... مصالح العرب۔(قسط نمبر 284) مکرم محمد الغزراوی صاحب ... کیا اسلام ایک جہادی مذہب ہے؟ صلح حدیبیہ کے حوالے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات پر ڈاکٹر ڈینیل پائپس (Dr. Daniel Pipes) کی جانب سے اٹھائے گئے اعتراضات کا جواب۔	07/فروری	6
مکرم مولانا دوست محمد شاہد (مرحوم) محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن مکرم پروفیسر جناب قاضی محمد بشیر صاحب (مرحوم) مکرم مولوی محمد اسد اللہ صاحب قریشی الکاشمیری (مرحوم) مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب۔ربوہ محترمہ صاحبزادی امۃ المتین صاحبہ)	... عشق رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا المصلح موعود رضی اللہ عنہ نظم و نثر کی روشنی میں ... مصالح العرب۔(قسط نمبر 285) مکرم علی اشکور صاحب (1) ... حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی روحانی تربیت کا پھل ... خلیفۃ المسیح الثانیؓ کی تفسیر کبیر کے مبارک اثرات ... حضرت مصلح موعودؓ کے بارہ میں **انبیاء سابقہ اور صلحاء اُمّت کی بشارات** ... **حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی** کچھ یادیں کچھ باتیں	14/فروری	7

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن فرید احمد نوید۔ پرنسپل جامعہ احمدیہ انٹرنیشنل گھانا انصر رضا، مبلغ سلسلہ، احمدیہ مسلم جماعت، کینیڈا محمود احمد ملک ماخوذ از رسالہ ''المنار'' برطانیہ	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 286) مکرم علی اشکور صاحب (2) ...خلافت احمدیہ اور عالمگیر غلبۂ اسلام ...**حاصل مطالعہ**۔شرک کی حقیقت ...خصوصی کمیٹی میں کیا گزری؟(تعارف کتب) ...ذکر ایک بے تکلف مجلس کا	21/فروری	8
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن ملک عمران احمد۔سڈنی۔آسٹریلیا شیخ رشید احمد۔ویمبلڈن۔لندن انیس احمد ندیم۔صدر جماعت و مشنری انچارج جاپان میر غلام احمد نسیم۔امریکہ	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 287) مکرم حسین المصری صاحب (1) ...**براعظم آسٹریلیا میں اسلام** ...حضرت شیخ نور احمد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ...حقوقِ نسواں کا علمبردار اور عورت کی عصمت و مقام کا محافظ ...ہجرتوں کی کہانی کامیابیوں کی زبانی	28/فروری	9
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن محمد احمد راشد۔مبلغ سلسلہ جرمنی ڈاکٹر الطاف قدیر(کینیڈا) مرزا جواد احمد۔مربی سلسلہ ربوہ	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 288) مکرم حسین المصری صاحب (2) ...میاں بیوی کے درمیان پیار اور رحم کا رشتہ ...خزائن مہدی دوراں کا ادراک اور جدید تحقیق و تعلیم ...سمندری طوفان اور ان کا تعارف	07/مارچ	10
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن حضرت مرزا بشیر احمد صاحب رضی اللہ عنہ محمود احمد اشرف۔ربوہ نجیب اللہ ایاز۔سیکرٹری اشاعت۔جماعت احمدیہ جاپان ریاض منصور اہلیہ منصور احمد صاحب ناصر(واقف زندگی) لائبیریا	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 289) مکرم عبدالعزیز جمودی صاحب ...خلافت کا نظام اور حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کا عہدِ خلافت ...سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ کا **توکّل علی اللہ** ...جاپانیوں کی مذہبی زندگی پر ایک نظر ...محترم چوہدری ارشد بیگ صاحب(مرحوم)	14/مارچ	11
حضرت مرزا بشیر احمد صاحب رضی اللہ عنہ محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن مکرم صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب(مرحوم) محمد امین خالد۔ہیمبرگ جرمنی	...حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی سیرت طیّبہ کے چند پہلو ...مصالح العرب۔(قسط نمبر 290) مکرم محمد العواصی صاحب (1) ...'**ادب المسیح**' نعت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ...**حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے قبولیت دعا کے بے شمار نشانات میں سے ایک اعجازی نشان** ...23 مارچ (1889ء) یوم تاسیس جماعت احمدیہ جماعت احمدیہ کے قیام کے اغراض و مقاصد	21/مارچ	12

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن حیدر علی ظفر۔مبلغ انچارج جرمنی	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 291) مکرم محمد العواصی صاحب (2) ...خطباتِ امام۔تزکیۂ نفس کا ذریعہ	28/مارچ	13
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن غلام مصباح بلوچ۔استاذ جامعہ احمدیہ کینیڈا ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔آسٹریلیا	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 292) مکرم رجائی ابو عُرقوب صاحب ...”مرزا غلام احمد آف قادیان، زمانہ جدید کے مسلمانانِ ہند میں سب سے بڑے دینی مفکر ہیں۔“ علامہ اقبال ...سویڈن میں غیر مسلم بنے مسجد کے محافظ	04/اپریل	14
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن لئیق احمد طاہر۔مبلغ سلسلہ۔ مسجد المہدی۔بریڈفورڈ	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 293) مکرم الیاس ہمیش صاحب ...میری پیاری امۃ النور طاہرہ	11/اپریل	15
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن رانا غلام مصطفی منصور مربی سلسلہ مبارک علی۔مترجم: شریف احمد بانی	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 294) مکرمہ نسیبہ اسلامبولی صاحبہ (1) ...علم کی فرضیت و فضیلت ...دانش اور خردمندی کی فتح	18/اپریل	16
 محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔آسٹریلیا مظفر احمد دُرّانی مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ ڈاکٹر عادل نجم۔ترجمہ: ریحانہ صدیقہ بھٹی، اسلام آباد، پاکستان مدثر احمد۔فن لینڈ	...سوال و جواب۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ ...مصالح العرب۔(قسط نمبر 295) مکرمہ نسیبہ اسلامبولی صاحبہ (2) ...آباؤ اجداد کے تذکرے اور ہماری ذمہ داریاں۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بعض ارشادات کی روشنی میں۔ ...محبت الٰہی اور اس کے حصول کے ذرائع ...سلام......عبدالسلام ...مکرم لیفٹیننٹ ریٹائرڈ قریشی محمد اسلم صاحب آف کسراں (اٹک)	25/اپریل	17
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن زبیر احمد۔مربی سلسلہ سید حارث احمد۔لندن مکرم محمد محمود طاہر صاحب مربی سلسلہ	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 296) مکرم الہلالی الطاہر صاحب (1) ...ہم سپین کو پھر لیں گے ...حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کے بعد سوچ کے دو انداز ...آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مذہبی رواداری	02/مئی	18
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن پروین یعقوب خان۔کینیڈا رانا مشہود احمد۔مربی سلسلہ یوکے	...مصالح العرب۔(قسط نمبر 297) مکرم اسامہ بن دومہ صاحب ...میرے والد محترم شیخ خلیل الرحمٰن صاحب کپورتھلوی ...نامحرم عورت سے مصافحہ ...سوال و جواب۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ	09/مئی	19

شمارہ	تاریخ اشاعت	عنوانات	مضمون نگار
19	09/مئی	...نوے سال قبل	ڈاکٹر سلطان احمد مبشر۔پاکستان
20	16/مئی	...مصالح العرب۔(قسط نمبر298)مکرم الفخاض العربی صاحب (1)	محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن
		...لِکُلِّ اَمْرٍ مُسْتَقَرٌّ	زبیر احمد۔مربی سلسلہ، پاکستان
		...سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے دورہ جاپان کے موقع پر جاپانی قوم کی طرف سے خصوصی اظہار تشکر	انیس احمد ندیم۔ نیشنل صدر و مبلغ انچارج جاپان
		...جلسہ سالانہ قادیان2013ء کے موقع پر مکرم محمد شریف عودہ صاحب کی تعارفی تقریر	ترجمہ:عربک ڈیسک یوکے
21	23/مئی	خلفاء کی منجانب اللہ تقرری اور برکات خلافت	حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ
		...مصالح العرب۔(قسط نمبر299)مکرم الفخاض العربی صاحب(2)	محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن
		...خلافت کا نظام مذہب کے دائمی نظام کا حصہ ہے اور خدا تعالیٰ کی ازلی تقدیر کا ایک زبردست کرشمہ	حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے
22	30/مئی	...مصالح العرب۔(قسط نمبر300)مکرم مصطفیٰ ابو اللیف صاحب(1)	محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن
		...آ رہا ہے اس طرف احرار یورپ کا مزاج	ظہیر احمد طاہر۔فلیڈن، جرمنی
		...''براہین احمدیہ''(حصہ پنجم) کا تعارف اور Synopsis	نصیر احمد حبیب۔لندن
		...حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عشقِ قرآن	رانا غلام مصطفیٰ منصور۔مربی سلسلہ
23	06/جون	...مصالح العرب۔(قسط نمبر301)مکرم مصطفیٰ ابو اللیف صاحب(2)	محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن
		...امامِ آخر الزّماں کا مقام، مختصر سوانح، دعویٰ اور تعلیم	لئیق احمد مشتاق مبلغ سلسلہ سرینام۔ جنوبی امریکہ
		...ایک وجد آفرین عارفانہ نکتہ	ڈاکٹر سلطان احمد مبشر۔ربوہ
24	13/جون	...سوال و جواب۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ۔دجال کی حقیقت	
		...مصالح العرب۔(قسط نمبر302)مکرم سامر الصباغ صاحب(1)	محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن
		...''کبھی وہ خاک ہو کر دشمنوں کے سر پہ پڑتی ہے''	انصر رضا، مبلغ سلسلہ وان۔کینیڈا
		...باہمی محبت اور اخوت کی اہمیت	
		...ماہ رمضان المبارک کی اہمیت و فضیلت	رانا غلام مصطفیٰ منصور مربی سلسلہ
25	20/جون	...مصالح العرب۔(قسط نمبر303)مکرم سامر الصباغ صاحب(2)	محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن
		...دعاؤں کا خزینہ۔خلافت حضرت مسیح موعود علیہ السلام	انیس احمد ندیم۔ نیشنل صدر و مبلغ انچارج جاپان
		...روزوں کی اہمیت و فضائل	رانا غلام مصطفیٰ منصور مربی سلسلہ
26	27/جون	...مصالح العرب۔(قسط نمبر304)مکرم سامر الصباغ صاحب(3)	محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن
		...روزہ کے آداب اور ذکرِ الٰہی	رانا غلام مصطفیٰ منصور مربی سلسلہ

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
بریگیڈئر (ر) دبیر احمد پیر	❁... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بطور سپہ سالار	27/جون	26
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 305) مکرم محمد عامر ھتہات صاحب	04/جولائی	27
رانا غلام مصطفیٰ منصور۔مربی سلسلہ	❁... نمازِ تراویح		
فرید احمد ناصر۔مربی سلسلہ ربوہ	❁... محترم چوہدری نور احمد صاحب عابدؔ (مرحوم)		
احمد طاہر مرزا۔ایڈیٹر ماہنامہ انصار اللہ، ربوہ	❁... ہر رمضان نیکیوں کی بہار کا موسم		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 306) مکرم رضوان صاحب	11/جولائی	28
	❁... درس الحدیث۔رمضان اور عشق الٰہی		
رانا غلام مصطفیٰ منصور۔مربی سلسلہ	❁... روزہ کے مسائل		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 307) مکرم صالح ابو مامون صاحب (1)	18/جولائی	29
بریگیڈئر (ر) دبیر احمد پیر	❁... غزوۂ بدر		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 308) مکرم صالح ابو مامون صاحب (2)	25/جولائی	30
ڈاکٹر مرزا سلطان احمد	❁... طاعون کے نشان پر ایک نامعقول اعتراض کا جواب		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 309) مکرم رضا السید علی دوالی صاحب	01/اگست	31
	❁... تعارف کتاب۔''حکایت دار ورسن''۔راہ مولیٰ میں اسیری کی سرگزشت		
زکریا ورک۔کینیڈا	❁... پہلی جنگ عظیم کے ایک سو سال۔July 1914 - July 2014		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 310) مکرم سامح العراقی صاحب (1)	08/اگست	32
ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔آسٹریلیا	❁... آسٹریلیا میں نسلی امتیاز کے خاتمہ کی کوشش		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 311) مکرم سامح العراقی صاحب (2)	15/اگست	33
بریگیڈئر [ر] دبیر احمد پیر	❁... غزوات وسرایا غزوۂ بدر سے غزوۂ اُحد تک کا درمیانی عرصہ		
نصیر احمد قمر	❁... ''وہ دعائیں کرنے کی ضرورت ہے جن کا رُخ ایک طرف ہو''	22/اگست	34
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 312) مکرم سامح العراقی صاحب (3)		
بریگیڈئر [ر] دبیر احمد پیر	❁... غزوۂ اُحد		
ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔آسٹریلیا	❁... سفر اور اقامت بنی نوع انسان کا ایک بنیادی حق		
میر انجم پرویز۔مربی سلسلہ	❁... مکرم مولانا نصیر احمد انجم صاحب (مرحوم)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 313) مکرم احمد فوزی محمود السید صاحب	29/اگست	35
جمیل احمد بٹ۔پاکستان	❁... 28/مئی 2010ء کے واقعۂ لاہور کے نتائج	05/ستمبر	36
ناصر محمود پاشا	❁... تعارف کتاب: ''نمی کا عکس''		

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
مبارک احمد خان۔ نیوزی لینڈ	❁... خلفاءِ مسیح موعود علیہ السلام کے بیرون ممالک دَوروں کی برکات	29/اگست	35
طارق حیات۔ مربی سلسلہ احمدیہ	❁... خلافت۔ حرمت اسلام کی محافظ	05/ستمبر	36
نصیر احمد قمر	❁... عالمگیر غلبۂ اسلام کی عظیم الشان آسمانی مہم		
ڈاکٹر ہمایوں ملک۔ آئرلینڈ	❁... قبولیت دعا		
	❁... حاصل مطالعہ: میری بیٹی اور کائنات۔ کائنات، حرا اور گھٹن		
مبارک صدیقی۔ لندن	❁... حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ایک دن کی مصروفیات کی ایک جھلک		
محترم مولوی عبداللطیف صاحب بہاولپوری (مرحوم)	❁... اُمّت میں مثیل ذوالقرنین کی بعثت کی بشارت		
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 314) مکرم احمد السعید رخا صاحب (1)	12/ستمبر	37
نصیر احمد قمر	❁... عالمگیر غلبۂ اسلام کی عظیم الشان آسمانی مہم (قسط نمبر 2)		
ڈاکٹر سلطان احمد مبشر۔ ربوہ	❁... ارضِ بلال کا دُرِّ نایاب	19/ستمبر	38
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 315) مکرم احمد السعید رخا صاحب (2)		
مبارک احمد۔ سابق پرنسپل احمدیہ سکول سلاگا (گھانا)	❁... مکرم عبدالوہاب بن آدم صاحب (مرحوم)		
بریگیڈیر [ر] دبیر احمد پیر	❁... غزوات وسرایا۔ غزوۂ اُحد سے غزوۂ احزاب تک کا درمیانی عرصہ		
نصیر احمد قمر	❁... عالمگیر غلبۂ اسلام کی عظیم الشان آسمانی مہم (قسط نمبر 3)		
سید حسن طاہر بخاری۔ مبلغ سلسلہ جرمنی	❁... معاشرتی برائیوں حسد، بُغض اور کینہ کے مضرّات		
	❁... حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے بعد قائم ہونے والی خلافت کی صداقت کا عظیم نشان۔ **مسلم ٹیلی ویژن احمدیہ (ایم ٹی اے) انٹرنیشنل**	26/ستمبر	39
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 316) مکرم مظفر السعیدی صاحب، مکرم فتاح معافہ صاحب		
نصیر احمد قمر	❁... عالمگیر غلبۂ اسلام کی عظیم الشان آسمانی مہم (قسط نمبر 4)		
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 317) مکرم عبدہ بکر محمد بکر صاحب (1)	03/اکتوبر	40
بریگیڈیر [ر] دبیر احمد پیر	❁... غزوۂ احزاب [خندق] شوال 5 ہجری [فروری/ مارچ 627ء]		
مقصود احمد علوی۔ جرمنی	❁... میری تصویر کیسی ہے؟		
نصیر احمد قمر	❁... عالمگیر غلبۂ اسلام کی عظیم الشان آسمانی مہم (قسط نمبر 5)		
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن	❁... مصالح العرب۔ (قسط نمبر 318) مکرم عبدہ بکر محمد بکر صاحب (2)	10/اکتوبر	41
مبشر احمد کاہلوں۔ مفتی سلسلہ عالیہ احمدیہ	❁... تعلق باللہ کے ایمان افروز واقعات (تقریر جلسہ سالانہ برطانیہ 2014ء)		
نصیر احمد قمر	❁... عالمگیر غلبۂ اسلام کی عظیم الشان آسمانی مہم (قسط نمبر 6)		

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن نصیر احمد حبیب۔ لندن	...مصالح العرب۔ (قسط نمبر 319) مکرم عبدہ بکر محمد بکر صاحب (3) ...براہین احمدیہ اور مولوی چراغ علی کی علمی اعانت کا بے سروپا الزام	17/ اکتوبر	42
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن عبدالکبیر قمر۔ ربوہ	...مصالح العرب۔ (قسط نمبر 320) مکرم عبدہ بکر محمد بکر صاحب (4) ...اسلامی تعلیمات سے متعلق شکوک وشبہات اور وساوس واعتراضات مع جوابات از تحریرات وکلمات طیّبات حضرت اقدس مسیح موعود ومہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام	24/ اکتوبر	43
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن عبدالکبیر قمر۔ ربوہ ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔ آسٹریلیا حفیظ احمد بھٹی۔ لندن محمد طاہر ندیم۔ یوکے	...مصالح العرب۔ (قسط نمبر 321) مکرم عبدہ بکر محمد بکر صاحب (5) ...اسلامی تعلیمات سے متعلق شکوک وشبہات اور وساوس واعتراضات مع جوابات از تحریرات وکلمات طیّبات حضرت اقدس مسیح موعود ومہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام (قسط نمبر 2) ... مکرم محمود احمد شاہد صاحب (مرحوم) ...Ebola وائرس سے بچاؤ کے لئے ہومیو پیتھک نسخہ ...شہادتِ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ	31/ اکتوبر	44
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن بریگیڈئر [ر] دبیر احمد پیر مرزا طلحہ احمد بشیر۔ ربوہ	...مصالح العرب۔ (قسط نمبر 322) مکرم احمد مرضی المراعیہ صاحب (1) ...غزوات وسرایا۔ غزوہ احزاب سے غزوہ خیبر تک کا درمیانی عرصہ ...ایک اَن دیکھے محبوب کا ذکر	07/ نومبر	45
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن مجیب الرحمٰن۔ ایڈووکیٹ	...مصالح العرب۔ (قسط نمبر 323) مکرم احمد مرضی المراعیہ صاحب (2) ...دوسری آئینی ترمیم **1974**ء خصوصی کمیٹی کی خفیہ کارروائی۔ ایک معروضی جائزہ	14/ نومبر	46
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن عبدالکبیر قمر۔ ربوہ ریحانہ صدیقہ بھٹی۔ اسلام آباد بریگیڈئر [ر] دبیر احمد پیر ڈاکٹر طارق احمد مرزا۔ آسٹریلیا عبدالماجد طاہر ایڈیشنل وکیل التبشیر، لندن	...مصالح العرب۔ (قسط نمبر 324) مکرم عبداللہ العمری صاحب۔ مکرم عبدالحکیم بوزلاط صاحب ...اسلامی تعلیمات سے متعلق شکوک وشبہات اور وساوس واعتراضات مع جوابات از تحریرات وکلمات طیّبات حضرت اقدس مسیح موعود ومہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام (قسط نمبر 3) ...بحرظلمات میں دوڑائے جانے والے گھوڑے...... خلائی جہاز ...غزوہ خیبر۔ محرّم 7 ہجری ...اُردو کے حق میں ہندوستان کی سپریم کورٹ کا تاریخی فیصلہ اور حضرت المصلح الموعودؓ کا ارشاد کہ اردو ہندوستان کی بھی زبان ہوگی ...جماعت کی ترقی خلافت سے وابستہ ہے۔ (تقریر جلسہ سالانہ یوکے 2014ء)	21/ نومبر	47
محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن عبدالکبیر قمر۔ ربوہ عطاء المجیب راشد۔ مبلغ سلسلہ برطانیہ	...مصالح العرب۔ (قسط نمبر 325) مکرم ابراہیم شوکی صاحب (1) ...اسلامی تعلیمات سے متعلق شکوک وشبہات اور وساوس واعتراضات مع جوابات از تحریرات وکلمات طیّبات حضرت اقدس مسیح موعود ومہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام (قسط نمبر 4) ...عائلی زندگی کے بارہ میں اسلامی تعلیمات۔ (تقریر جلسہ سالانہ یوکے 2014ء)	28/ نومبر	48

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن انیس احمد ندیم۔مبلغ جاپان بریگیڈئر[ر] دبیر احمد پیر	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 326) مکرم ابراہیم شو یکی صاحب (2) ❁... حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی جاپان کے لئے زرّیں خدمات ❁... غزوہ فتح مکہ	05 دسمبر	49
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن غلام مصباح بلوچ۔ استاذ جامعہ احمدیہ کینیڈا	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 327) مکرم محمد فالی صاحب ❁... کاسر صلیب حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کا عیسائیت کے خلاف کامیاب جہاد اور اس کے عظیم الشان اثرات	12 دسمبر	50
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن غلام مصباح بلوچ۔ استاذ جامعہ احمدیہ کینیڈا بریگیڈئر[ر] دبیر احمد پیر	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 328) مکرم حسنی ابو صبیح صاحب (1) ❁... کاسر صلیب حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کا عیسائیت کے خلاف کامیاب جہاد اور اس کے عظیم الشان اثرات (دوسری قسط) ❁... فتح مکّہ سے غزوہ طائف کا درمیانی عرصہ	19 دسمبر	51
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن غلام مصباح بلوچ۔ استاذ جامعہ احمدیہ کینیڈا بریگیڈئر[ر] دبیر احمد پیر	❁... مصالح العرب۔(قسط نمبر 329) مکرم حسنی ابو صبیح صاحب (2) ❁... کاسر صلیب حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کا عیسائیت کے خلاف کامیاب جہاد اور اس کے عظیم الشان اثرات (تیسری و آخری قسط) ❁... غزوہ طائف	26 دسمبر	52

رپورٹس

شمارہ	تاریخ اشاعت	رپورٹس	مرتبہ
1	03رجنوری	**سیدنا امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورہ نیوزی لینڈ 2013ء** خطبہ جمعہ سے ''مسجد بیت المقیت'' اور نیوزی لینڈ کے جلسہ سالانہ کا افتتاح۔ذیلی تنظیموں خدام الاحمدیہ، انصاراللہ اور لجنہ اماءاللہ نیوزی لینڈ کی نیشنل مجالس عاملہ کی حضور انور ایدہ اللہ کے ساتھ الگ الگ میٹنگز۔مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ اور حضور انور کی اہم ہدایات۔مسجد بیت المقیت کے افتتاح کے حوالہ سے خصوصی تقریب کا انعقاد۔❁......آپ کی امن اور ایک دوسرے کے احترام کی روایات بہت نمایاں ہیں۔❁...... ماؤری زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ نیوزی لینڈ کے لئے ایک عظیم تحفہ ہے۔(مختلف معزز مہمانوں کے ایڈریسز)۔اسلام تعلیم دیتا ہے کہ خدا کا حقیقی عبادتگزار جو اس کے حقوق ادا کرتا ہو، اسے لازماً ہمیشہ لوگوں کے حقوق بھی ادا کرنے ہوں گے۔احمدیہ جماعت کی 125 سالہ تاریخ ثابت کرتی ہے کہ جہاں کہیں بھی دنیا میں ہماری مساجد بنی ہیں، وہ صرف اچھائی اور نیک مقاصد کے لئے استعمال ہوئی ہیں۔کبھی بھی ہماری مساجد سے فتنہ وفساد پیدا نہیں ہوا اور نہ ہی کبھی ایسی آواز بلند ہوئی ہے جس میں ملک سے بے وفائی جھلکتی ہو۔عالمی جنگ چھڑ جانے کا بہت خطرہ ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بعض ممالک اور حکومتیں اپنے عوام کے حقوق ادا نہیں کر رہیں اور مقابل پر عوام بھی اپنے لیڈروں اور حکومتوں کے حق ادا نہیں کر رہے۔نہ ہی اہم طاقتیں عالمی سطح پر انصاف پر مبنی فیصلے لے رہی ہیں اور نہ ہی چھوٹے ممالک اپنی ذمہ داریاں سمجھ رہے ہیں۔(مسجد بیت المقیت کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب میں حضور انور کا خطاب)Sunday Star Times کے نمائندہ کا حضور انور سے انٹرویو۔	عبدالماجد طاہر۔ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن یکم نومبر بروز جمعۃ المبارک 2013ء 02رنومبر بروز ہفتہ 2013ء
1	03رجنوری	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات۔(قسط نمبر 113)۔	عبدالرحمان
1	03رجنوری	سالانہ نیشنل اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بینن 2013ء کا انعقاد	ناصر احمد محمود طاہر۔مبلغ سلسلہ بینن
2	10رجنوری	مسجد احمدیہ Kivulini اروشا ریجن تنزانیہ کا افتتاح	خواجہ مظفر احمد۔مبلغ سلسلہ
2	10رجنوری	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے دردناک مظالم کی الم انگیز داستان۔ 2013ء میں سامنے آنے والے چند تکلیف دہ واقعات۔(قسط نمبر 114)۔	عبدالرحمان
2	10رجنوری	**سیدنا امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورہ نیوزی لینڈ 2013ء** جلسہ گاہ خواتین میں تعلیمی میدان میں امتیاز حاصل کرنے والی طالبات میں ایوارڈز کی تقسیم۔❁......اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہماری جماعت میں احمدی خواتین نے ہمیشہ زبردست اور نمایاں کردار ادا کیا ہے اور درحقیقت ان کا ایسا کرنا ضروری بھی ہے۔کسی بھی قوم کی کامیابی کیلئے یہ ضروری ہے کہ نسل در نسل اپنے اندر ایسی روح پیدا کریں جس کے ذریعہ وہ روشن ستارے اور قوم کی پہچان بن جائیں۔❁......ایک طرف تو احمدی خاتون کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے گھر کو سنبھالے اور اپنے بچوں کو پالے اور ان کی تربیت کا خیال رکھے۔لیکن دوسری طرف تبلیغ کے میدان میں اترنا اور اسلام کی خوبصورت اور اصل تعلیمات کو پھیلانا بھی ایک احمدی خاتون کا فرض ہے۔❁......اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں ہم پر احسان عظیم کرتے ہوئے ہمیں ایم ٹی اے اور جماعتی ویب سائٹس کی صورت میں ایک نعمت سے نوازا ہے۔آپ سب کو میرے تمام پروگرام دیکھنے چاہئیں تا کہ آپ کو ہمیشہ حقیقی رہنمائی ملتی رہے اور آپ کو پتہ چلتا رہے کہ خلیفہ وقت آپ سے کیا توقعات رکھتا ہے۔پروگرام دیکھ کر آپ کو خلیفۂ وقت کے ارشادات اور نصائح پر	عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 02نومبر 2013ء بروز ہفتہ 03نومبر 2013ء بروز اتوار

مرتبہ	رپورٹس	تاریخ اشاعت	شمارہ
	عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔(جلسہ سالانہ نیوزی لینڈ میں حضور انور ایدہ اللہ کا مستورات سے خطاب) انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔مسجد بیت المقیت کی افتتاحی تقریب میں شامل مہمانوں کے تأثرات۔جلسہ سالانہ نیوزی لینڈ کے اختتامی اجلاس میں تعلیمی میدان میں نمایاں امتیاز حاصل کرنے والوں میں اسناد و میڈلز کی تقسیم۔۞......اپنے آپ کو ایم ٹی اے سے مربوط کرلیں۔کم ازکم آپ کو میرے خطبات، تقاریر اور دیگر پروگرام دیکھنے کے لئے ہرممکن کوشش کرنی چاہئے۔ یہ پروگرام صرف دیکھنا ہی کافی نہیں بلکہ ان پروگراموں سے سیکھیں، اسے عملی رنگ دینے کی کوشش کریں۔۞......ہم وہ جماعت ہیں جسے ہر حال میں دنیا میں نیکی پھیلانا ہوگی۔اور ہم وہ جماعت ہیں جنہیں ہر حال میں بدی اور برائیوں کو ترک کرنا ہوگا۔۞......ہر احمدی کو چاہئے کہ اپنے نفسوں کا مسلسل محاسبہ کرتے ہوئے ہر قسم کی برائی سے دور ہوجائے۔(جلسہ سالانہ نیوزی لینڈ کے اختتامی اجلاس میں حضور انور کا خطاب) بیعت کی تقریب۔نیشنل مجلس عاملہ نیوزی لینڈ کے ساتھ میٹنگ میں مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ اور حضور انور ایدہ اللہ کی اہم ہدایات۔		
رخسانہ مظفر۔تنزانیہ	اجتماع لجنہ اماء اللہ 2013ء اروشا ریجن۔تنزانیہ	17/جنوری	3
احمد محمود۔مبلغ سلسلہ	منّیٰ سرکٹ نائیجیریا میں جلسہ یوم مسیح موعود علیہ السلام کا انعقاد	17/جنوری	3
طلعت محمود احمد۔جاپان	جماعت احمدیہ جاپان کا 32واں جلسہ سالانہ	17/جنوری	3
عبدالماجد طاہر۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن 4نومبر بروز سوموار 2013ء 05/نومبر بروز منگل 2013ء 06/نومبر بروز بدھ 2013ء 07/نومبر بروز جمعرات 2013ء	**سیدنا امیرالمومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورہ نیوزی لینڈ و جاپان 2013ء** نیوزی لینڈ کی نیشنل پارلیمنٹ میں حضور انور کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد۔ممبران پارلیمنٹ اور مختلف ممالک کے سفراء، یونیورسٹی کے پروفیسرز اور دیگر اہم شخصیات کی شمولیت۔۞......اگر انصاف کے تقاضے پورے نہ ہوں تو پھر بے شک امن کے قیام کے لئے جتنی مرضی تنظیمیں بن جائیں ان کی ساری کوششیں ضائع جائیں گی۔۞......قرآن کریم تعلیم دیتا ہے کہ ہر قسم کی دشمنی اور کینہ دُور کرنے کے لئے جہاں تک ممکن ہوسکے بات چیت اور مذاکرات کے ذریعہ حل تلاش کرنے چاہئیں۔۞...... ایک مسلمان جماعت کا رہنما ہونے کی حیثیت سے میرا فرض ہے کہ مَیں دنیا کی توجہ قیامِ امن کی طرف مبذول کرواؤں۔میں اسے اپنا فرض سمجھتا ہوں کیونکہ اسلام کا اصل مطلب تو امن اور سلامتی ہی ہے۔۞......ہمیں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک اُسوہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ تمام غیر مسلموں پر بھی سلامتی بھیجتے خواہ وہ یہودی، عیسائی یا ان کا تعلق کسی بھی مذہب یا عقیدہ سے ہوتا۔ (نیوزی لینڈ کی پارلیمنٹ کے "Grand Hall" میں حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب)۞......میرا مشاہدہ ہے کہ اس جماعت کا بڑا مقصد امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے۔۞......خلیفۃ المسیح نے جو پیغام دیا ہے وہ بہت اہمیت رکھتا ہے۔یہ پیغام یقیناً ایسا ہے کہ اس کا خیر مقدم کیا جانا چاہئے اور ہر ایک کو اسے قبول کرنا چاہئے۔ (تقریب میں شامل مہمانوں کے تأثرات) نیوزی لینڈ کے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں حضور انور ایدہ اللہ کے دورہ کی وسیع پیمانے پر کوریج۔لاکھوں افراد تک اسلام احمدیت کا پیغام پہنچا۔نیوزی لینڈ کے نہایت کامیاب دورہ کے بعد حضور ایدہ اللہ کا جاپان میں ورود مسعود۔ناگویا میں والہانہ استقبال۔ناگویا کا پہلا مشن ہاؤس۔ناگویا میں واقفین نَو بچوں اور واقفات نَو بچیوں کی حضور انور کے ساتھ الگ الگ کلاسوں کا انعقاد۔انفرادی وفیملی ملاقاتیں۔	17/جنوری	3
عطاء الغالب، نیشنل صدر جماعت احمدیہ فن لینڈ	جماعتِ احمدیہ فِن لینڈ کی تبلیغی وتربیتی مساعی	24/جنوری	4
وسیم احمد ظفر۔مبلّغ انچارج برازیل	جماعت احمدیہ برازیل کے بیسویں جلسہ سالانہ کا انعقاد	24/جنوری	4
طاہر محمود عابد۔مبلغ انچارج، گنی کناکری	جماعت احمدیہ گنی کناکری کے چھٹے ایک روزہ جلسہ سالانہ کا انعقاد	24/جنوری	4
احسان اللہ مانگٹ۔مبلغ انچارج گیانا (جنوبی امریکہ)	جماعت احمدیہ گیانا کے 32ویں جلسہ سالانہ کا انعقاد	24/جنوری	4

